|---|---|---|---|---|
| 8 | زمانہ | zamāna | s.m. | age, era, time |
| 9 | بڑھئی | baṛhaī | s.m. | carpenter |

ہے ؟" عورت بولی : جی ہاں ، اِن میں ایک میرا خاوند ہے ، دوسرا بھائی اور تیسرا بیٹا۔"

راجا نے کہا : " میں اِن تینوں میں سے صِرف ایک کو چھوڑ سکتا ہوں۔ بولو تم سب سے زیادہ کسے چاہتی ہو؟"

"مہاراج " عورت نے جواب دیا : " اگر میں زندہ رہی تو خاوند دوسرا بھی مِل سکتا ہے اور بیٹا بھی۔ چونکہ میرے ماں باپ مرچکے ہیں، دوسرا بھائی اب نہیں مِل سکتا۔ اگر آپ میرے بھائی کو چھوڑ دیں تو بڑی مہربانی ہوگی۔"

راجا اِس جواب سے بہت خُوش ہوا اور اُس نے تینوں کو چھوڑ دیا۔

---

# مچھّر کا قتل

پُرانے زمانے میں بنارس میں کچھ بڑھئی رہتے تھے۔

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | لکڑی | lakṛī | s.f. | wood, timber |
| 2 | چھیلنا | chīlnā | v.t. | to plane, to scrape |
| 3 | گنجا | ganjā | s.m. | bald, bald-headed |
| 4 | سر | sar | s.m. | head |
| 5 | تانبا | tā̃bā | s.m. | copper |
| 6 | چمکنا | camaknā | v.i. | to glitter, shine |
| 7 | بار بار | bār bār | adv. | time after time, again and again |
| 8 | کاٹنا | kāṭnā | v.t. | to bite |
| 9 | پریشان ہونا | pareshān honā | v.i. | to be vexed, perturbed, worried |
| 10 | بوڑھا | būṛhā | adj. & s.m. | old, old man |
| 11 | بیٹا | beṭā | s.m. | son |
| 12 | پیچھا چھڑانا | pīchā chuṛānā | v.t. | to get rid of |
| 13 | (کا) کام تمام کرنا | (kā)kām tamām karnā | | to kill, to put an end (to one), to settle the business (of) |
| 14 | تیز | tez | adj. | sharp |
| 15 | کلہاڑی | kulhāṛī | s.f. | hatchet |
| 16 | پورا | pūrā | adj. | complete, entire, full |
| 17 | کھینچنا | khãīcnā | v.t. | to draw back; to pull |
| 18 | دے مارنا | de mārnā | v.t. | to hit forcefully |
| 19 | بودھی ستّہ | bodhī-satta | s.m. | the Bodhisattva, the Buddha in one of his previous births (in order to justify calling a tale a Jātaka, the Bodhisattva must appear in it in some role) |
| 20 | دُکان | dukān | s.f. | shop, store |
| 21 | نادان | nādān | adj. & s.m. | ignorant, foolish, stupid |
| 22 | دانا | dānā | adj. & s.m. | sensible, wise, intelligent |

ایک دن ایک بڑھئی لکڑی چھیل رہا تھا۔ اُس کا گنجا سر تانبے کی طرح چمک رہا تھا۔ ایک مچھّر اُس کے سر پر آ بیٹھا اور بار بار کاٹنے لگا۔ بوڑھے نے پریشان ہو کر اپنے بیٹے سے کہا: "میرے سر پر ایک مچھّر بار بار کاٹ رہا ہے، اِس سے میرا پیچھا چھُڑا دو۔"

بیٹا باپ کے پیچھے بیٹھا ہوا تھا، بولا: "ابھی اِس کا کام تمام کرتا ہوں۔"

اُس نے ایک تیز کُلہاڑی اُٹھائی اور پورے زور سے کھینچ کر باپ کے سر پر دے ماری۔ بوڑھے کا سر دو ٹکڑے ہو گیا اور وہ فوراً مر گیا۔

بودھی ستّہ اُس وقت بڑھئی کی دُکان میں بیٹھا ہوا تھا۔ اُس نے کہا: "سچ ہے نادان دوست سے دانا دشمن اچھّا ہوتا ہے۔"

## C. Gulistān-e-Saadī

### Congratulations

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | نوشیرواں | nausherwā̃ | p.n. | name of a Persian King renowned for his justice, (531-572) |
| 2 | بادشاہ | bādshāh | s.m. | emperor |
| 3 | عرض کرنا | arz karnā | v.t. | to pay respects and say |
| 4 | مبارک | mubārak | s.f. | congratulations |
| 5 | خدا | xudā | s.m. | God; the Supreme Being |
| 6 | فلاں | fulā̃ | adj. & s.m. | so and so, a certain (man) |
| 7 | دشمن | dushman | s.m. | enemy, foe |
| 8 | /xudā...liyā/ : "God has removed so-and-so your enemy, from this world" | | | |
| 9 | خبر | xabar | s.f. | knowledge; information |
| 10 | موت | maut | s.f. | death |
| 11 | خوش ہونا | xush honā | v.i. | to be happy; to rejoice |
| 12 | موقع | mauqa | s.m. | occasion, proper time |
| 13 | /kyā mauqa hai/ : "what occasion is there?"-- a rhetorical question meaning "there is no occasion" | | | |
| 14 | خود | xud | pron. | self |

### Shoes on the Feet

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 15 | قسمت | qismat | s.f. | fortune, fate |
| 16 | شکایت | shikāyat | s.f. | complaint, accusation (against) |

# (ج) گُلِستانِ سعدی

## مُبارک باد

کسی نے نَوشیرواں بادشاہ کے دربار میں آ کر عرض کیا: "مُبارک ہو! خُدا نے آپ کے فُلاں دُشمن کو اِس دُنیا سے اُٹھا لیا[8]۔"

بادشاہ نے کہا: "کیا تجھے یہ خبر ملی ہے کہ خُدا مجھے چھوڑ[13] دے گا؟ دُشمن کی مَوت پر خوِش ہونے کا کیا موقع ہے، جب ہمیں خوِد ایک دن مرِنا ہے۔"

---

## پاؤں جوُتے میں

میں نے کبھی قِسمت کی شِکایت نہیں کی۔ مگر ایک بار

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | رنج | ranj | s.m. | grief, sorrow |
| 2 | کوفہ | kūfa | s.m. | a city in Arabia |
| 3 | مسجد | masjid | s.f. | a mosque |
| 4 | داخل ہونا | dāxil honā | v.i. | to enter, to get inside |
| 5 | حالت | hālat | s.f. | condition |
| 6 | (کا) شکر بجا لانا | (kā) shukr bajā lānā | | to thank (God) |
| 7 | سچ | sac | s.m. | truth, true |
| 8 | پیٹ بھرا | peṭ bharā | adj. | well-fed, satiated (lit. having the stomach full); rich |
| 9 | بھنا ہوا | bhunā huā | adj. | roasted, past ppl. of /bhunnā/ v.i. "to roast" |
| 10 | مرغ | murḡ | s.m. | a fowl, bird; chicken |
| 11 | گھاس | ghās | s.f. | grass |
| 12 | (کے) برابر | (ke) barābar | ppn. | equal (to), on a par (with) |
| 13 | بھوکا | bhūkā | adj. & s.m. | hungry; poor |
| 14 | جلا ہوا | jalā huā | adj. | burned, scorched, over-cooked; past ppl. of /jalnā/ v.i. "to burn" |
| 15 | شلغم | shalḡam | s.m. | a turnip |

But He Doesn't Know What's Going on at Home

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 16 | نجومی | najūmī | s.m. | astrologer |
| 17 | لوٹنا | lauṭnā | v.i. | to return |
| 18 | غیر | ḡair | adj. & s.m. | strange; foreign |
| 19 | بیوی | bīvī | s.f. | wife |
| 20 | حیران | hairān | adj. | astonished, perplexed, bewildered |

21 /ḡusse mẽ/ is from /ḡussa mẽ/; nouns ending in and pronounced as /ā/ or /a/ are sometimes spelled with h, sometimes with e in the oblique case, but regardless of the spelling the ending is pronounced /e/

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 22 | غصے میں آنا | ḡusse mẽ ānā | v.i. | to get angry |
| 23 | گالی دینا | gālī denā | v.t. | to abuse, to use foul or insulting language |
| 24 | جھگڑا | jhagṛā | s.m. | dispute, quarrel |
| 25 | شروع ہونا | shurū honā | v.i. | to be started, begun |

میں ننگے پاؤں تھا اور میرے پاس جوتا نہیں تھا۔ اِسی رنج کے ساتھ میں کوفے کی مسجد میں داخِل ہوا۔ وہاں میں نے ایک آدمی کو دیکھا، جس کے پاؤں ہی نہیں تھے۔ اُسے دیکھ کر میں اپنی حالت پر خُوش ہوا اور خُدا کا شُکر بجا لایا۔ سچ ہے پیٹ بھرے آدمی کے لیے بُھنا ہوا مُرغ بھی گھاس کے برابر ہے اور بھوکے آدمی کے لیے جلا ہوا شلغم بھی بُھنے ہوئے مُرغ سے کم نہیں۔

---

# گھر کی خبر نہیں...

ایک نجومی جب اپنے گھر لَوٹا، تو اُس نے وہاں ایک غَیر آدمی کو اپنی بیوی کے ساتھ دیکھا۔ بہت حَیران ہوا۔ غُصّے[21] میں آکر اُسے گالیاں دیں اور جھگڑا شروع ہوگیا۔ ایک عقل مند آدمی جو یہ سب کچھ دیکھ رہا تھا،

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | میاں | miyā̃ | s.m. | an address expressive of informality or respect; sir |
| 2 | آسمان | āsmān | s.m. | sky |
| 3 | /kaise karte ho/ : "how is it that you...?" | | | |

D. Masnavī-e-Rūmī

Half a Life and a Whole Life

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 4 | نحوی | nahvī | adj. | grammarian |
| 5 | سوار ہونا | sawār honā | v.i. | to ride |
| 6 | علم | ilm | s.m. | knowledge, learning |
| 7 | ناز | nāz | s.m. | pride, conceit |
| 8 | کشتی والا | kishtī wālā | s.m. | boatman |
| 9 | نحو | nahv | s.f. | grammar; lit. syntax |
| 10 | افسوس | afsos | s.m. | alas; sorrow |
| 11 | ضائع کرنا | zāe karnā | v.t. | to waste, lose |
| 12 | برا لگنا | burā lagnā | v.i. | to take ill, to be displeased; /burā/ adj. "bad, ill, evil" |
| 13 | خاموشی | xāmoshī | s.f. | silence, taciturnity |
| 14 | چلانا | calānā | v.t. | to propel, drive |

بولا : "میاں ! تم آسمان کی باتیں کیسے کرتے ہو[3]، جب تمھیں اپنے ہی گھر کی خبر نہیں۔"

---

# مثنویِ رومی (د)

## آدھی زندگی اور پوری زندگی

ایک بار ایک نحوی کشتی میں سوار ہوا۔ اُس کو اپنے عِلم پر بڑا ناز تھا۔ اُس نے کشتی والے سے پوچھا : "کیا تم نے کبھی کچھ نحو پڑھی ہے؟"

کشتی والے نے جواب دیا : "نہیں۔"

نحوی بولا : " افسوس تم نے اپنی آدھی عمر ضائع کردی۔"

کشتی والے کو بُرا لگا مگر وہ خاموشی سے کشتی چلاتا رہا۔

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | بھنور | bhãwar | s.m. | whirlpool, vortex |
| 2 | پھنسنا | phãsnā | v.i. | to be entrapped, to be caught |
| 3 | تیرنا | tairnā | v.i. | to swim, to float |
| 4 | ڈوبنے والی | ḍūbne wālī | | about to sink |

The Wife or the Cat?

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 5 | مکّار | makkār | adj. | deceitful |
| 6 | چور | cor | s.m. | thief, pilferer |
| 7 | جو کچھ | jo kuch | | whatever |
| 8 | مہمان | mihmān | s.m. & f. | guest |
| 9 | آنے والا | āne wālā | | coming, about to come |
| 10 | نہایت | nihāyat | adj. | extremely, very, exceedingly |
| 11 | عمدہ | umda | adj. | excellent, fine |
| 12 | چپکے سے | cupke se | adv. | silently |
| 13 | کباب | kabāb | s.m. | kebab, slices or small pieces of meat roasted on a skewer, a spit |

اِتّفاقاً کشتی بھنور میں پھنس گئی۔ اب کشتی والے نے نحوی سے پوچھا: "کیا آپ نے تیرنا سیکھا ہے؟"

"نہیں بھائی!" اُس نے جواب دیا۔

کشتی والے نے کہا: "تو افسوس آپ نے اپنی پوری زندگی ضائع کر دی، کیونکہ کشتی بھنور میں ڈوبنے والی ہے۔"

---

# بیوی کہ بلّی؟

ایک آدمی کی بیوی بڑی مکّار اور چور تھی۔ وہ کھانے کے لیے جو کچھ گھر لاتا تھا، اُس کی بیوی کھا جاتی تھی۔

ایک دن اُن کے گھر ایک مہمان آنے والا تھا۔ وہ آدمی مہمان کے لیے نہایت عُمدہ گوشت لایا۔ اُس کی بیوی نے چُپکے سے کباب بنا کر کھا لیے۔ جب مہمان آیا تو آدمی نے کہا: "گوشت کہاں ہے؟ مہمان کو اچھّا کھانا دینا چاہیے۔"

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | ترازو | tarāzū | s.m. | scale, balance |
| 2 | تولنا | tolnā | v.t. | to weigh |
| 3 | وزن | wazn, wazan | s.m. | weight |
| 4 | سیر | ser | s.m. | seer, a weight of about two pounds |
| 5 | نکلنا | nikalnā | v.i. | to turn out to be |
| 6 | میری جان | merī jān | | sweetheart, beloved; lit. my life |
| 7 | چھٹانک | chaṭā̃k | s.f. | the sixteenth part of a seer, a weight of about two ounces |

عَورت نے جواب دیا: " گوشت تو بِلّی کھا گئی۔ بازار سے اور لے آؤ۔"

آدمی کو بہت غُصّہ آیا۔ اُس نے ترازو اُٹھائی اور کہا: "میں بلّی کو تولتا ہوں۔" بلّی کا وزن ایک سیر نکلا۔ آدمی نے کہا: " میری جان! گوشت کا وزن ایک سیر ایک چھٹانک تھا۔ بلّی کا وزن صرف ایک سیر ہے۔ اگر یہ بلّی ہے تو گوشت کہاں ہے اور اگر یہ گوشت ہے تو بِلّی کہاں ہے؟ فوراً ڈھونڈو!"

# THE ARABIAN NIGHTS

The Arabian Nights, also known as The Thousand and One Nights, is a collection of oriental tales in Arabic. Popularized during the Middle Ages; it offers an inexhaustible fund of pleasure. No other body of Asian writing, except The Bible, perhaps, has had such large readership. Most of the stories are of unknown origin, having survived with Indian and Arabian folklore. As early as the 10th century some of its 264 tales were transmitted orally by story tellers in the Muslim world. By about the middle of the 15th century the work had assumed its present form. The different stories were organized within a frame-tale in the manner of the much older Panchatantra, Boccaccio's famous cycle of stories, or the Canterbury Tales of Chaucer.

The frame-tale recounts how the jealous Sultān Shahryār convinced of the faithlessness of women, married a new wife each evening and put her to death the following morning, until his bride Shahrzād won a reprieve by starting a story on her wedding night and terminating it tantalizingly before its climax, thereby retaining its interest. Thus she kept winning a delay of execution for one thousand nights, during which time she produced three male heirs and amply demonstrated the faithfulness of the female. The Sultān finally relented and granted her a pardon on the one thousand and first night.

The Arabian Nights was introduced into Europe in the 18th century by a French translation. Since then Sinbad the Sailor, Aladdin and his Magic Lamp, Ali Baba and the Forty Thieves have become familiar references. The best known English translations are those by Edward W. Lane (1840) and Sir Richard Burton (1885-86). The stories inspired the Russian composer Nikolai Rimski-Korsakov to compose a symphonic suite entitled Scheherazade.

The stories make their appeal to fundamental human drives and convey the spirit of the East and Muhammadan life, its exotic setting, customs and sensuality. According to one observer, "As it figures in these tales, the fabulous, mysterious East with its spirit of adventure, its black magic, its seductive scents, its ecstatic lovers, its enchanting blossoms and enchanted princes, produces an effect unique and unforgettable".

The Nights is very popular in Urdu, and along with the Panchatantra, forms the core of the folklore tradition. The story of "One Candle and Five Moths" included here is one of those which are traceable to their Indian sources. The readers of the Decameron, however, may note its similarity with the first story of the eighth day. The story reproduced here was adapted into Urdu by the editor of this anthology. This and the tales in the first unit were written in an especially clear and simple style to afford the student a smooth transition from elementary Urdu to the intermediate selections which follow.

# U N I T  II

## T H E  A R A B I A N  N I G H T S

### One Candle and Five Moths

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | سوداگر | saudāgar | s.m. | trader, merchant |
| 2 | اکثر | aksar | adv. | frequently, generally, mostly |
| 3 | سفر | safar | s.m. | trip, journey, travel |
| 4 | ایک بار | ek bār | adv. | once, once upon a time |
| 5 | تنہائی | tanhāī | s.f. | loneliness, solitude; privacy |
| 6 | (سے) تنگ آنا | (se)tang ānā | v.i. | to be sick (of); to be troubled or vexed (by) |
| 7 | نوجوان | nau-jawān | s.m. | a youth, a young man in the prime of life |
| 8 | محبّت کرنا | mahabbat karnā | v.t. | to love |
| 9 | (سے) جھگڑا | (se)jhagṛā | s.m. | dispute, quarrel, brawl (with) |
| 10 | کوتوال | kotwāl | s.m. | chief of police |
| 11 | قیدخانہ | qaid-xāna | s.m. | prison, jail |
| 12 | بند کرنا | band karnā | v.t. | to shut, close; to imprison |
| 13 | بناؤ سنگار کرنا | banāo singār karnā | v.t. | to dress up, to adorn oneself |
| 14 | جھکنا | jhuknā | v.i. | to bend; to bow; humble oneself (before) |
| 15 | سلام | salām | s.m. | salutation, greeting |
| 16 | مطلب | matlab | s.m. | purpose, object, intention; meaning |
| 17 | عرضی | arzī | s.f. | petition, representation |
| 18 | پیش کرنا | pesh karnā | v.t. | to submit, offer, present |
| 19 | فلاں | fulā̃ | adj. & s.m. | such and such; a certain (man) |

# الف لیلیٰ

## ایک شمعؑ پانچ پروانے

کسی عورت کی شادی ایک سَوداگر کے بیٹے سے ہوئی تھی ۔ اکثر وہ سفر پر جایا کرتا تھا۔ ایک بار کسی دُور مُلک کو گیا۔ کئی سال گذر گئے ، واپس نہیں آیا۔ عورت تنہائی سے تنگ آکر ایک نوجوان سے محبّت کرنے لگی۔ ایک دن اُس نوجوان کا کسی سے جھگڑا ہوگیا اور کوتوال نے اُسے قید خانے میں بند کردیا۔ عورت کو بہت دُکھ ہوا ۔ وہ بناؤ سِنگار کرکے کوتوال کے پاس پہنچی ۔ جُھک کر سلام کیا اور اِس مطلب کی عرضی پیش کی : " فُلاں آدمی میرا بھائی ہے۔ اُس نے

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | جھوٹا | jhūṭā | adj. | false, lying |
| 2 | گواہی | gawāhī | s.f. | witness, evidence |
| 3 | براہِ کرم | ba-rāh-e-karam | adv. | kindly |
| 4 | رہا کرنا | rihā karnā | v.t. | to release, to set free |
| 5 | /usko rihā kiyā jāe/ : "let him be set free" | | | |
| 6 | کے سوا | ke sivā | ppn. | except, besides |
| 7 | سہارا | sahārā | s.m. | support; hope |
| 8 | نظر | nazar | s.f. | glance, look, sight |
| 9 | دل وجان سے | dil-o-jān se | | with heart and soul |
| 10 | (پر) عاشق ہونا | (par)āshiq honā | v.i. | to fall in love (with) to be in love (with) |
| 11 | بُلوانا | bulwānā | v.t. | to send for (someone) |
| 12 | جناب | janāb | | a title of respect, in addressing, or speaking of, a great man; your honor, your excellency, your majesty |
| 13 | اللہ | allah | s.m. | Allah, the Supreme Being (Arabic) |
| 14 | حفاظت | hifāzat | s.f. | care, protection; safety |
| 15 | اجنبی | ajnabī | s.m. | stranger; foreigner |
| 16 | پرایا | parāyā | adj. | belonging to another, another's |
| 17 | بات ماننا | bāt mānnā | v.t. | to agree to what is said |
| 18 | /agar yahī bāt hai/ : "if that is the way things stand; if that is how it is" | | | |
| 19 | تشریف لانا | tashrīf lānā | v.i. | to come (used in speaking of or to a superior, but never of oneself, except by Kings), to grace or honor with one's presence |
| 20 | وقت گذارنا | waqt guzārnā | v.t. | to spend time, to pass time |

کسی کے ساتھ جھگڑا نہیں کیا۔ لوگوں نے جھوٹی گواہی دی ہے۔ براہِ کرم اُس کو رِہا کر دیا جائے[5]، کیوں کہ اُس کے سِوا میرا کوئی سہارا نہیں ہے۔"

کوتوال نے عرضی پڑھ کر عورت پر نظر ڈالی اور دل و جان سے اُس پر عاشِق ہو گیا۔ بولا: "تم میرے گھر چلو۔ میں تھوڑی دیر میں تمھارے بھائی کو بُلواتا ہوں۔"

عورت نے کہا: "جناب! اللہ کے سِوا میری حِفاظت کرنے والا کوئی نہیں۔ میں اجنبی ہوں۔ پرائے گھر کیسے جا سکتی ہوں؟"

"مگر جب تک تم میری بات نہیں مانو گی، میں تمھارے بھائی کو نہیں چھوڑوں گا۔"

عورت نے جواب دیا: "اگر یہی بات ہے[18] تو آپ میرے گھر تشریف لائیں اور کچھ وقت میرے ساتھ گُذاریں۔"

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | پتا | patā | s.m. | address; clue |
| 2 | طے کرنا | tai karnā | v.t. | to settle, fix; to appoint (to an office) |
| 3 | فریاد | faryād | s.f. | cry for help or redress; complaint; lamentation |
| 4 | قاضی | qāzī | s.m. | judge of Islamic law |
| 5 | جنابِ عالی | janāb-e-ālī | | a very respectful form of address; Your Honor |
| 6 | کے خلاف | ke xilāf | ppn. | against, in opposition to |
| 7 | رِہائی | rihāī | s.f. | release (from prison) |
| 8 | جُرمانہ | jurmāna | s.m. | penalty, fine |
| 9 | جیب | jeb | s.m. | pocket |
| 10 | ادا کرنا | adā karnā | v.t. | to pay |
| 11 | پیارا | piyārā | adj. | pleasing, charming; beloved, dear |

12 /ālī janāb/ is same as /janāb-e-ālī/

"تمھارا گھر کہاں ہے؟" کوتوال نے پوچھا۔

عورت نے اپنے مکان کا پتا بتایا۔ وقت طے کیا اور واپس آگئی۔

اِس کے بعد وہ اپنی فریاد لے کر قاضی کے پاس پہنچی اور بولی: "جنابِ عالی! میرا صرف ایک بھائی ہے۔ اُسے کوتوال نے قَید کر دیا ہے۔ لوگوں نے اُس کے خلاف جھوٹی گواہی دی ہے۔ آپ مُعاملے کو اپنے ہاتھ میں لیں اور اُس کی رِہائی کا حُکم دیں، مہربانی ہوگی۔"

قاضی بھی عورت کو دیکھ کر اُس پر عاشِق ہوگیا تھا۔ بولا: "میرے گھر چلو۔ میں کوتوال کو بُلوا کر تمھارے بھائی کو رِہا کرائے دیتا ہوں۔ اگر اُس پر کوئی جُرمانہ ہے تو وہ بھی اپنی جیب سے ادا کر دوں گا۔ مجھے تمھاری باتیں بہت ہی پیاری لگتی ہیں۔"

عورت نے جواب دیا: "عالی جناب[12]! آپ بھی

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | قصور | qusūr | s.m. | fault, error; failure |
| 2 | /āp ... qusūr/: "if you too desire this, how can one find fault with others?" | | | |
| 3 | (سے) کام لینا | (se)kām lenā | v.t. | to make use (of), to get help (from) |
| 4 | /mujh ...paṛe gī/ : "if you need any help from me, you'll have to agree to what I say " | | | |
| 5 | بہتر | behtar | adj. | better; preferable |
| 6 | قسم | qism | s.f. | kind, sort; nature |
| 7 | مجبور | majbūr | adj. | helpless; compelled |
| 8 | وزیر | wazīr | s.m. | Vizier, Minister of State |
| 9 | خواہش | xwāhish | s.f. | desire, wish; demand |
| 10 | یقیناً | yaqīnan | adv. | certainly, surely |
| 11 | (کی) مدد کرنا | (kī)madad karnā | v.t. | to help |

ایسا کہتے ہیں، تو پھر دوسروں کا کیا قصور؟"[2]

قاضی نے کہا: "مجھ سے کام لینا ہے تو میری بات بھی ماننی پڑے گی۔"[4]

عورت بولی: "اچھا اگر ایسا ہے تو پھر میرا گھر ہی بہتر رہے گا۔ میں اِس قِسم کی عورت تو نہیں ہوں، مگر اِس وقت مجبور ہوں، کیا کروں؟"

"تمھارا گھر کہاں ہے؟" قاضی نے پوچھا۔

عورت نے اپنے گھر کا پتا بتایا اور وہی دن مقرّر کیا جو وہ کوتوال سے طے کر چکی تھی۔

اِس کے بعد وہ اپنی فریاد لے کر وزیر کے پاس پہنچی اور اپنے بھائی کا مُعاملہ اُس کے سامنے پیش کیا مگر وزیر نے بھی یہی کہا: "اگر تم میری خواہش پوری کر دو تو میں یقیناً تمھاری مدد کروں گا۔"

عورت نے جواب دیا: "لیکن آپ کو میرے گھر پر

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | آنے جانے والا | āne jāne wālā | | (person) coming and going |
| 2 | شریف | sharīf | adj. | of good family, noble |
| 3 | تیر | tīr | s.m. | an arrow; a beam |
| 4 | زخمی | zaxmī | adj. | wounded, hurt; slain |
| 5 | محل | mahal | s.m. | palace |
| 6 | بادشاہ سلامت | bādshāh salāmat | | long live the king |
| 7 | خوش نصیبی | xush-nasībī | s.f. | good fortune, luck |
| 8 | گزارش | guzārish | s.f. | request |

آنا ہوگا۔ میرے گھر میں دوسرا کوئی نہیں ہے۔ آپ کے گھر میں بہت سے آنے جانے والے ہیں۔ آپ جانتے ہیں کہ میں شریف عورت ہوں۔"

"تمھارا گھر کہاں ہے؟" وزیر نے پوچھا۔

عورت نے اپنے گھر کا پتا بتایا اور وہی دن مقرّر کیا جو اُس نے کوتوال اور قاضی سے طے کیا تھا اور واپس چلی آئی۔

اِس کے بعد وہ اپنی فریاد لے کر بادشاہ کے پاس پہنچی۔ بادشاہ نے جب عورت کی باتیں سُنیں تو اُس کا دِل بھی محبّت کے تیر سے زخمی ہوگیا۔ بولا: "تم محل کے اندر چلو۔ ہم تمھارے بھائی کو رِہا کروا دیں گے۔"

عورت نے جواب دیا: "بادشاہ سلامت! آپ کے لیے یہ آسان ہے، میرے لیے بہت مُشکل۔ پھر بھی میں اِسے اپنی خوش نصیبی سمجھتی ہوں۔ میری گُذارِش ہے کہ آپ میرے گھر

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | عزّت بڑھانا | izzat baṛhānā | v.t. | to enhance (someone's) prestige, to raise (someone's) status |
| 2 | خیال ہونا | xayāl honā | v.i. | to think of, to be concerned with; /X ko Y kā xayāl hai/ : "X is concerned about Y" |
| 3 | فرمانا | farmānā | v.t. | (in polite or respectful speech with reference to superior, etc.) replacing /kahnā/ and /karnā/ : "to say; to do" |
| 4 | باقی | bāqī | adj. | remaining, the rest of |
| 5 | خانہ | xāna | s.m. | compartment |
| 6 | الماری | almārī | s.f. | a large piece of furniture used for storing clothes, the Indian equivalent of a clothes closet; Indian English almirah |
| 7 | /cār baṛe...almārī/ : "an almirah with four large compartments" | | | |
| 8 | تالا | tālā | s.m. | lock, padlock |
| 9 | دینار | dīnār | s.m. | dinar, a gold coin of the Near East |
| 10 | مُفت | muft | adj. & adv. | without payment, gratis; acquired without cost or labor |
| 11 | چُغہ | cuḡa | s.m. | gown |
| 12 | رنگریز | rang-rez | s.m. | dyer |
| 13 | الگ الگ | alag alag | adj. | different, separate |

تشریف لائیں اور میری عزّت بڑھائیں۔"

"ہمیں تمھاری خوشی کا خیال ہے۔" بادشاہ نے فرمایا۔

اُس عورت نے بادشاہ سے بھی وہی وقت مقرّر کیا، جو باقی تینوں سے طے کیا تھا اور واپس چلی آئی۔

اِس کے بعد وہ ایک بڑھئی کے پاس پہنچی۔ اُس سے کہا: "مجھے چار بڑے بڑے خانوں والی ایک الماری چاہیے۔ جس کے ہر خانے میں تالا لگ سکے۔ اُس کا تم کیا لو گے؟"

"چار دینار۔" بڑھئی بولا: "لیکن اَے شریف عورت! اگر تو مجھ پر مہربانی کرے تو میں الماری مُفت ہی بنا دوں گا۔"

"اچھا، ایسا ہے تو پھر پانچ خانوں کی الماری تیار کرنا۔" عورت نے کہا۔

اب وہ عورت چار چُغے لے کر ایک رنگریز کی دُکان پر گئی اور اُس سے کہا: "اِن سب کو الگ الگ رنگوں

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | مقررہ | muqarrarah | adj. | fixed, appointed |
| 2 | غالیچہ | gālīca | s.m. | an oriental rug |
| 3 | بچھانا | bichānā | v.t. | to spread |
| 4 | عطر | itr | s.m. | perfume, attar of roses, etc.; essence |
| 5 | شراب | sharāb | s.f. | wine, spirituous liquor |
| 6 | پھول | phūl | s.m. | a flower, a blossom |
| 7 | (کا) انتظام کرنا | (kā) intizām karnā | v.t. | to arrange (for) |
| 8 | قدم | qadam | s.m. | foot; step |
| 9 | زمین | zamīn | s.f. | ground; the earth; floor |
| 10 | چومنا | cūmnā | v.t. | to kiss; to lick |
| 11 | دیوان | dīwān | s.m. | divan, couch |
| 12 | بٹھانا | biṭhānā | v.t. | to seat (someone) |
| 13 | ہنسی پیار | hãsī piyār | | love-play |
| 14 | شروع ہونا | shurū honā | v.i. | to begin |
| 15 | لباس | libās | s.m. | dress, robe |
| 16 | دستار | dastār | s.f. | a turban |
| 17 | اتارنا | utārnā | v.t. | to take off, remove, to cause to descend or alight |
| 18 | پہننا | pahinnā | v.t. | to put on, to wear, to dress |
| 19 | حاضر کرنا | hāzir karnā | v.t. | to bring before (one); to lay before; to bring forward |
| 20 | تبدیل | tabdīl | s.f. | changing; change |
| 21 | دستک | dastak | s.f. | a knock or tap (at a door etc.) |
| 22 | خاوند | xāwand, xāwind | s.m. | husband |

میں رنگ دو۔"

جب مُقرّرہ دن آیا، اُس عورت نے اپنے گھر میں غالیچے بِچھائے۔ اچھی طرح بناؤ سِنگار کیا۔ نہایت عُمدہ کپڑے پہنے۔ عِطر لگایا۔ اچھے کھانے پکائے اور شراب اور پھُولوں کا اِنتِظام کیا۔ آنے والوں میں سب سے پہلے قاضی پہنچا۔ عورت نے جُھک کر اُسے سلام کیا۔ قاضی کے قدموں کی زمین چُومی۔ اُس کا ہاتھ پکڑ کر لائی اور دیوان پر بِٹھایا۔ ہنسی پیار کی باتیں شروع ہوئیں۔ جب قاضی نے چاہا کہ اپنی خواہش پُوری کرے، عورت بولی: جنابِ عالی! پہلے آپ لِباس اور دستار اُتارِیے، یہ چُغہ پہنِیے، میں کھانا اور شراب حاضِر کرتی ہوں۔"

قاضی نے لِباس تبدیل ہی کیا تھا کہ دروازے پر دستک ہوئی۔ قاضی نے گھبرا کر پوچھا: "کون ہے؟"

عورت نے جواب دیا: "کوئی نہیں، میرا خاوند ہوگا۔"

قاضی نے کہا: "تو میں کہاں جاؤں؟"

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | گھبرانا | ghabrānā | v.i. | to be alarmed; to be perplexed; to be confused |
| 2 | چُھپانا | chupānā | v.t. | to hide, to conceal, to cover |
| 3 | تالا لگانا | tālā lagānā | v.t. | to lock |
| 4 | کھولنا | kholnā | v.t. | to open |
| 5 | اِستقبال کرنا | istiqbāl karnā | v.t. | to receive or welcome (a person); to go out to meet and welcome (a guest) |
| 6 | خادِمہ | xādima | s.f. | a female servant |
| 7 | آرام کرنا | ārām karnā | v.t. | to rest, to make oneself comfortable; /farmānā/ is substituted for /karnā/ here for politeness |
| 8 | بوجھ | bojh | s.m. | burden, load; weight |
| 9 | ہلکا | halkā | adj. | light |
| 10 | /sar ā̃khõ par/ : "with great pleasure" -- from the idea that the head and eyes are the most honorable members of the body | | | |
| 11 | حُکم نامہ | hukm-nāma | s.m. | written order, written award or judgment |

عورت بولی : "گھبرائیے نہیں ، میں آپ کو اِس الماری میں چُھپائے دیتی ہوں"۔ چنانچہ اُس عورت نے قاضی کو الماری کے پہلے خانے میں بند کرکے تالا لگا دیا۔

عورت نے باہر جاکر دروازہ کھولا۔ کوتوال کا اِستقبال کیا اور اُسے اندر لے آئی۔ "جناب! اِسے اپنا ہی گھر سمجھیے۔ میں آپ کی خادِمہ ہوں۔ لِباس تبدیل کیجیے اور آرام فرمائیے"۔

تھوڑی دیر ہنسی پیار کی باتیں ہوتی رہیں۔ پھر عورت نے کہا: "براہِ کرم پہلے میرے بھائی کے لیے حُکم لکھ دیجیے تاکہ میرے دل کا بوجھ ہلکا ہو"۔

"ہاں ہاں سر آنکھوں پر[10]"۔ کوتوال بولا۔ اُس نے فوراً حُکم نامہ لکھ دیا۔ اب پھر دروازے پر دستک ہوئی۔ کوتوال نے پوچھا: "کون ہے؟" عورت نے جواب دیا: "کوئی نہیں ، میرا خاوند ہوگا"۔ کوتوال نے کہا: "تو

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | حُضُور | huzūr | adj. | Your Highness, Your Majesty |
| 2 | آرام | ārām | s.m. | rest, comfort |
| 3 | بھاری | bhārī | adj. | grand; heavy; big |
| 4 | مزہ | maza | s.m. | pleasure, fun |
| 5 | اِتنے میں | itne mẽ | adv. | just then; meanwhile |
| 6 | غرض | ġaraz | adv. | so, thus |

میں کہاں جاؤں؟" عورت بولی: "گھبرایئے نہیں۔ میں آپ
کو اِس الماری میں چھپائے دیتی ہوں۔ یہ ابھی چلا جائے گا
تو میں آپ کے پاس آجاؤں گی۔"

چُنانچہ اُس عورت نے کوتوال کو الماری کے دوسرے
خانے میں بند کر کے تالا لگا دیا۔

اب وزیر صاحب تشریف لائے۔ عورت نے اُن کا
بھی اِستقبال کیا۔ زمین چومی، اور اُنھیں ادب سے بٹھایا۔
"حضور! یہ آرام کا وقت ہے۔ اپنا بھاری لباس اُتار دیجیے
اور رات بھر مزے سے یہاں رہیے۔" تھوڑی ہی دیر
ہنسی پیار کی باتیں ہوئی تھیں کہ اِتنے میں پھر دستک
ہوئی۔ وزیر نے گھبرا کر پوچھا: "کون ہے؟" عورت نے وہی
جواب دیا: "کوئی نہیں، میرا خاوند ہوگا۔" وزیر نے کہا: "تو
میں کہاں جاؤں؟" عورت بولی: "گھبرایئے نہیں۔ میں آپ
کو اِس الماری میں چھپائے دیتی ہوں۔" غرض اُس عورت نے

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | عالی جاہ | ālī-jāh | adj. | Your Highness |
| 2 | شُکر گُذار | shukr-guzār | adj. | thankful, grateful |
| 3 | رَونق | raunaq | s.f. | grace, beauty, brightness |
| 4 | عرض کرنا | arz karnā | v.t. | to request; to submit |
| 5 | اِجازت | ijāzat | s.f. | permission, leave, sanction |
| 6 | قیمتی | qīmatī | adj. | precious, valuable |
| 7 | سنبھال کر | sambhāl kar | | carefully |
| 8 | الگ | alag | adj. | separate, apart |

وزیر کو الماری کے تیسرے خانے میں بند کر کے تالا لگا دیا۔

اب باہر آکر عورت نے بادشاہ سلامت کا اِستقبال کیا۔ زمین چومی۔ نہایت عزّت کے ساتھ اُنھیں اندر لے آئی اور دیوان پر بٹھا کر بولی: "عالی جاہ! میں شُکر گُذار ہوں کہ آپ نے میرے گھر کی رَونق بڑھائی۔ ایک بات عرض کرنے کی اجازت چاہتی ہوں۔ اپنا قیمتی لِباس تبدیل کر لیجیے اور آرام فرمائیے۔" بادشاہ نے اپنا لباس اُتارا اور عورت نے اُس کے قیمتی کپڑے سنبھال کر الگ رکھ دیے۔ تھوڑی دیر ہنسی پیار کی باتیں ہوتی رہیں۔ اِتنے میں دروازے پر پھر دستک ہوئی۔ بادشاہ نے گھبرا کر پوچھا: "کون ہے؟" عورت نے جواب دیا: "کوئی نہیں، میرا خاوند ہوگا۔" بادشاہ نے کہا: "تو میں کہاں جاؤں؟" عورت بولی: "گھبرائیے نہیں۔ میں آپ کو الماری میں چھپائے دیتی ہوں۔"

غرض اُس عورت نے بادشاہ کو الماری کے چوتھے

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | جوں ہی | jõ hī | adv. | as soon as |
| 2 | عاشق | āshiq | s.m. | lover |
| 3 | خطرہ | xatra | s.m. | danger; fear; apprehension |
| 4 | خالی | xālī | adj. | free; without; empty |
| 5 | اونٹ | ū̃ṭ | s.m. | camel |
| 6 | سامان | sāmān | s.m. | luggage, goods |
| 7 | لادنا | lādnā | v.t. | to load; to pile or heap (upon= /par/ ) |

خانے میں بند کر کے تالا لگا دیا۔

عورت نے باہر آکر دروازہ کھولا تو بڑھئی نے جُھک کر سلام کیا۔ وہ اُسے بھی اندر لے آئی اور بولی: "تم نے یہ کیسی الماری بنائی ہے، اِس کا پانچواں خانہ تو بہت ہی چھوٹا ہے۔"

بڑھئی نے کہا: "یہ نہیں ہو سکتا۔"

"ذرا تم اندر جاکر تو دیکھو۔" عورت نے کہا۔

جوں ہی بڑھئی الماری کے اندر گیا، عورت نے باہر سے تالا لگا دیا۔ اِس کے بعد وہ کوتوال کا حُکم نامہ لے کر قید خانے پہنچی اور اپنے عاشق کو رِہا کرایا۔ پھر اُسے ساری کہانی سُنائی۔ اُس نے حیران ہو کر پوچھا: "اب ہم کیا کریں؟"

عورت بولی: "آؤ کسی دوسرے شہر بھاگ چلیں۔ یہاں رہنا خطرے سے خالی نہیں ہے۔" دونوں نے اونٹوں پر اپنا سامان لادا اور وہاں سے چل پڑے۔

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | زبان کھولنا | zabān kholnā | v.t. | to speak |
| 2 | سبھوں | sabhõ | pron. | obl. of /sabhī/ : "all"; /sab/+/hī/ |
| 3 | شور | shor | s.m. | cry, noise, uproar |
| 4 | جن | jin | s.m. | jinni, mythical giant with superhuman powers, a supernatural being |
| 5 | /faisla kiyā gayā/ : "it was decided" | | | |
| 6 | آگ لگانا | āg lagānā | v.t. | to set on fire |
| 7 | چیخنا | cīxnā | v.i. | to cry out, shriek |
| 8 | قصہ | qissa | s.m. | tale, story |
| 9 | شروع | shurū | s.m. | beginning |
| 10 | آخر | āxir | s.m. | end |
| 11 | رنگ برنگ کا | rang barang kā | | of various colors |
| 12 | عجیب | ajīb | adj. | strange, wonderful, surprising |
| 13 | حال | hāl | s.m. | affair; condition |
| 14 | ہنسنا | hãsnā | v.i. | to laugh |
| 15 | /wo(h) hãste...gayā / : "he doubled over with laughter" | | | |

وہ پانچوں بھوکے پیاسے تین دن تک الماری میں بند پڑے رہے۔ آخر بڑھئی نے زبان کھولی۔ اِس کے بعد سبھوں نے چلّانا شروع کیا۔ اُن سب کا شور سُن کر لوگ اندر آئے اور سمجھے کہ اِس الماری میں جِن ہے۔ فیصلہ کیا گیا کہ اِسے آگ لگا دینی چاہیے۔ قاضی یہ سُن کر چیخ اُٹھا اور لوگوں کو سارا قصّہ شروع سے آخر تک سُنایا۔ چنانچہ کوتوال، قاضی، وزیر، بادشاہ اور بڑھئی کو باہر نکالا گیا۔ رنگ برنگ کے چُغے پہنے ہوئے وہ عجیب نظر آتے تھے۔ جس نے بھی اُنھیں دیکھا اور اُن کا حال سُنا، وہ ہنستے ہنستے لوٹ گیا۔

# DR. ZĀKIR HUSAIN

The selection "True Love" is from Abbū Khān kī Bakrī, a book of stories of wide interest by Dr. Zākir Husain, the President of the Republic of India. Gracious and sedate, he is the picture of old world charm and dignity. He is essentially a humanist and a rationalist in thought and deed. A great majority of his productions, such as Capitalism: An Essay in Understanding, and his translations into Urdu of Plato's Republic, Fredrich List's National System of Economics, and Edwin Cannan's Elements of Economics, reflect his training as an economist and are necessarily of special interest; but a few of his other works like Hālī: Muhībb-e-Watan and Tālīmī Khutabāt have become the common property of Urdu literature.

Dr. Zākir Husain's ancestors came from Afghanistan several centuries ago and settled in Pitaura, a small village in Farrukhabad district of Uttar Pradesh. He was born in 1897, at Hyderabad, Andhra, where his father practised law. He received his early education at Etawah and then joined the M.A.O. College at Aligarh. In 1920 when he was a graduate student, the Non-co-operation Movement was in full swing. The Aligarh Muslim University at that time was basking in the sunshine of British patronage and its chief purpose was to train Muslims to serve the British Government. Muslim nationalist leaders like Muhammad Alī and Abul Kalām Āzād visited the campus and awakened the students. A parallel, independent educational institution was established under the title of Jāmia Millia Islāmia. Zākir Husain was one of the first who accepted the challenge and, quitting Aligarh, walked over to the Jāmia. He taught there for two years. In 1923 he left to complete his education in Germany, where he took his Ph.D. from the Berlin University. On his return to India, though he had come under Gāndhī's influence, he decided not to join the political movement but to dedicate himself to the cause of education. He, therefore, took charge of the Jāmia in 1926 and worked as its Vice-Chancellor till 1948. During this period he became a collaborator with Gāndhī in the latter's Hindustānī Tālīmī Sangh plan at Sevagram and made significant contributions to the evolution of a national educational pattern. In 1937, when Gāndhī propounded the theory of basic education, Dr. Zākir Husain played a leading role in the propagation of the concept of work-centered education.

After the freedom of India he worked as the Vice-Chancellor of Aligarh Muslim University, 1948-57; member of The Rājya Sabhā (The Upper House of Parliament), 1952-57; Governor of the State of Bihar, 1957-62; and Vice-President of India, 1962-67. The Dynamic University, and Educational Reconstruction in India are the products of this period. He was awarded the highest honor of Bhārat Ratna in 1963 for his distinguished services to the nation. He was elected President of India in May, 1967.

An ardent follower of Gāndhī, his prose reflects Gandhian influences. His Urdu keeps close to Hindustani, which forms the common base for both Hindi and Urdu. The prose that follows is marked by a high degree of verbal economy and concentration, each word doing a full-time job while retaining a lively personal and colloquial touch. It is this quality of clothing the familiar in perfection that has won Dr. Zākir Husain wide popularity as a prose writer.

The following story is an adaptation into Urdu from Semitic folklore and deals with the idea of true love, as suggested by the title.

# U N I T III

## T R U E L O V E

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | /jangal hī jangal/ : "nothing but jungle" | | | |
| 2 | /sātvā̃/ "seventh" is the ordinal derived from the cardinal number /sāt/ , it is declined for gender, number, and case : m. sg. dir./sātvā̃/ , m. sg. obl./sātvẽ/ , m. pl. /sātõ/, f./sātvī̃/ . Notice that the Urdu spelling of /sātvẽ/ and/sātvī̃/ is the same; both occur in this sentence and the correct form must be inferred from the context. | | | |
| 3 | پرے | pare | adv. | beyond; away; at a distance, further off |
| 4 | مچھیرا | macherā | s.m. | fisherman |
| 5 | جوان | jawān | adj. | young, youthful |
| 6 | گڈریا | gaḍariyā | s.m. | a shepherd; fem./gaḍarnī/ |
| 7 | بھیڑ | bheṛ | s.f. | sheep |
| 8 | چرانا | carānā | v.t. | to tend grazing cattle, to lead to pasture |
| 9 | بھولا بھالا | bholā bhālā | adj. | innocent, simple, naive |
| 10 | شہزادہ | shahzāda | s.m. | a prince, a king's son; fem./shahzādī/ |
| 11 | (کے) نزدیک | (ke) nazdīk | | in the opinion (of); near (to) |
| 12 | برابری کرنا | barābarī karnā | v.t. | to claim to be equal, to compete |
| 13 | /socā kartā/ : "used to think". The combination, verb stem +/ -ā/ + a form of/karnā/carries the meaning of usual or habitual action. Ex. /vo(h) vāhā̃ jayā karegī / : "she will go there regularly". /kartā/here is an ellipsis for /kartā thā /; the ellipsis of the auxiliary in this tense is common in narration. | | | |
| 14 | /is ğarībī mẽ shādī kyā ho gī/ : "how can we get married when we're so poor" | | | |
| 15 | گزارا ہونا | guzārā honā | v.i. | to subsist, make a living, get along |

# سچّی محبّت

جنگل ہی جنگل[1] تھے اور پھر پہاڑیاں ہی پہاڑیاں۔ ساتویں[2] جنگل کے پیچھے اور ساتویں پہاڑی کے پَرے ایک مچھیرا رہتا تھا۔ جوان اور خوب صورت۔ وہیں ایک گڈریا رہتا تھا۔ اُس کی ایک بیٹی تھی، جیسے چاند کا ٹکڑا۔ یہ بچّی بھیڑیں چَرایا کرتی تھی۔ غریب اور بھولی بھالی تھی، جیسی اُس کی بھیڑیں۔ دونوں کو ایک دوسرے سے محبّت ہوگئی۔ لڑکی کی نظر میں مچھیرا کسی شہزادے سے کم نہ تھا اور مچھیرے کے نزدیک کوئی شہزادی اُس غریب لڑکی کی برابری نہ کرتی تھی۔ مگر تھے دونوں بہت غریب۔ مچھیرا یہی سوچا کرتا[13] کہ اِس غریبی میں شادی کیا ہوگی،[14] ہو بھی گئی تو گُذارا کیسے ہوگا۔

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | سوچ | soc | s.f. | thought, thinking |
| 2 | ایک مرتبہ | ek martaba | adv. | once; /martaba/ s.f. "time, turn", s.m. "status, position, class" |
| 3 | آنکھ جھپکنا | ãkh jhapaknā | v.t. | to fall asleep, to blink; lit. "the eyes to blink" |
| 4 | /karwaṭẽ badal badal kar rāt kāṭnā/ : "to spend the night tossing and turning (in sleeplessness)";/karwaṭ/ : "the position of lying on the side" | | | |
| 5 | آنسو بہانا | ãsū bahānā | v.t. | to shed tears, weep |
| 6 | /rabb/s.m. God, Lord, Master; in ordinary pronunciation/rab/ | | | |
| 7 | دھیان باندھنا | dhyān bãdhnā | v.t. | to meditate, contemplate, think. /dhyān/ s.m. "thought, imagination" |
| 8 | بپتا | biptā | s.f. | misfortune, trouble |
| 9 | دُکھی | dukhī | adj. | sufferer, unfortunate, sorrowful, afflicted |
| 10 | /dukhī kī/ stands elliptically for /dukhī kī bāt/ | | | |
| 11 | دریا | daryā | s.m. | a large river; sea |
| 12 | جال | jāl | s.m. | net |
| 13 | /dil hī dil mẽ/ : "mentally, silently"; lit. "within the heart only" | | | |
| 14 | دُعا مانگنا | duā mãgnā | v.t. | to pray; wish |
| 15 | مَولا | maulā | s.m. | Lord, Master |
| 16 | دِلوانا | dilwānā | v.t. | cause to be given (doub. caus. of/denā/ : "to give") |
| 17 | سُنہری | sunahrī | adj. | of gold, golden |
| 18 | /sunahrī...hõ sunahrī/ : "the fish would be golden"; the repetition of the adj. is for emphasis | | | |
| 19 | ہیرا | hīrā | s.m. | diamond |
| 20 | ننّھا | nannhā | adj. | small, tiny |
| 21 | ہڈّی | haḍḍī | s.f. | bone |
| 22 | موتی | motī | s.m. | pearl |
| 23 | لیٹنا | leṭnā | v.i. | to lie down |
| 24 | /koī tīn ghanṭe/ : "about three hours"; /koī/ before numbers means "approximately" | | | |
| 25 | تھمنا | thamnā | v.i. | to stop, cease |
| 26 | گیلا | gīlā | adj. | moist, damp, wet |
| 27 | زور لگانا | zor lagānā | v.t. | to exert one's strength; /zor lagā kar/ strongly, forcefully |
| 28 | پتّھر | patthar | s.m. | stone, rock |

اِسی سوچ میں ایک مرتبہ رات بھر آنکھ نہ جھپکی۔ کروٹیں[4] بدل بدل کر اور آنسو بہا بہا کر ساری رات کاٹی۔ اُس ربّ[6] کا دھیان باندھا جو بپتا میں یاد آتا ہے اور دُکھی کی[10] ضرور سُنتا ہے۔ صبح مچھلیاں پکڑنے دریا پر پہونچا۔ دریا میں جال پھینکا تو دل ہی دل میں[13] دُعا مانگی: "اے میرے مَولا، آج تو جال بھر کے مچھلیاں دِلوا دے اور ہاں سنہری مچھلیاں ہوں سنہری[18]، آنکھیں ہیرے کی ہوں، اور اُن کی ننھی ننھی ہڈیاں موتیوں کی ہوں"۔ یہ سوچا اور جال پھینکا اور وہیں زمین پر لیٹ گیا۔ کوئی تین گھنٹے[24] یوں ہی پڑا اِنتظار کرتا رہا۔ آنسو تھے کہ تھمتے نہ تھے۔ ساری زمین اُس کے گرم گرم آنسوؤں سے گیلی ہوگئی تھی۔ آخرکار اُٹھا اور بھاری جال کو زور لگا کر کھینچا تو جال بھرا ہوا تھا، مگر پتھّروں سے۔

اُس نے پھر دُعا مانگی: "میرے پیارے خُدا،

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | دفعہ | dafā | s.f. | time, turn; / martaba / |
| 2 | / kuch...hõ / : "should be of pearl if not something better" | | | |
| 3 | تر | tar | adj. | wet; moist |
| 4 | اب کے | ab ke | | this time; same as / ab kī / |
| 5 | / khā̃īce na khī̃ctā thā / : "he could hardly pull it in, he had a struggle to pull it in" | | | |
| 6 | سڑا | saṛā | adj. | rotten; foul-smelling |
| 7 | گلا | galā | adj. | decayed |
| 8 | اندھیرا | andherā | s.m. | darkness |
| 9 | چڑی | ciṛī | s.f. | bird; sparrow |
| 10 | گیت | gīt | s.m. | song; hymn |
| 11 | خاموش ہونا | xāmosh honā | v.i. | to become silent, quiet |
| 12 | (سے) رخصت ہونا | (se) ruxsat honā | v.i. | to take leave (of), bid adieu (to) |
| 13 | نیند | nī̃d | s.f. | sleep; sleepiness |
| 14 | / pānī...phailāe / : "with his net spread in the water"; / phailānā / v.t. "to spread" | | | |
| 15 | ہلکا | halkā | adj. | light (in weight, in character, in color etc.) |
| 16 | مکڑی کا جالا | makṛī-kā jālā | | spider's web |

اِس دفعہ تو جال بھر دے سنہری مچھلیوں کا ، جن کی آنکھیں ہیرے کی ہوں اور جن کی ننھی ننھی ہڈّیاں کچھ نہیں تو موتی کی تو ہوں[2]۔" یہ کہہ کر پھر دوسری مرتبہ جال دریا میں پھینکا اور زمین پر لیٹ گیا۔ کوئی نو گھنٹے وہیں پڑا رہا۔ ساری زمین اُس کے آنسوؤں سے تَر ہوگئی۔ پھر اُٹھا۔ اب کے جال اتنا بھاری تھا کہ کھینچے نہ کھِنچتا تھا[5]۔ مگر اُس میں نکلا کیا؟ سَڑی گلی لکڑی کا ایک بہت بڑا ٹکڑا۔

اندھیرا ہونے لگا۔ چڑیاں اپنا شام کا گیت گا کر خاموش ہوچکی تھیں۔ سورج بھی زمین سے رُخصت ہوچکا تھا۔ مچھیرے کی آنکھوں میں نیند تھی مگر دریا کے کنارے مچھیرا اپنی جگہ کھڑا تھا' پانی میں اپنا جال پھیلائے[14]۔ تیسری دفعہ جو جال کھینچا تو معلوم ہوا کہ جال ایسا ہلکا ہوگیا ہے جیسے مکڑی کا جالا۔ اوپر چاند چمک رہا تھا۔ اُس کی روشنی

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | چاندی | cā̃dī | s.f. | silver |
| 2 | دریائی گھاس | daryāī ghās | s.f. | water-weed, sea-weed |
| 3 | سونا | sonā | s.m. | gold |
| 4 | فرشتہ | farishta | s.m. | angel |
| 5 | پر | par | s.m. | feather, wing |
| 6 | تہہ | tah | s.f. | bottom; layer |
| 7 | قصور | qusūr | s.m. | fault; error, sin |
| 8 | سزا | sazā | s.f. | punishment |
| 9 | /allah miyā̃/ : lit. "Allah the kind; / miyā̃/ is an address expressive of kindness or respect | | | |
| 10 | دیس نکالا | des nikālā | s.m. | exile |
| 11 | آدم اور حوا | ādam aur hawwā | | Adam and Eve |
| 12 | چوک | cūk | s.f. | oversight, inadvertency, error |
| 13 | باغِ عدن | bāg̱-e-adan | | Garden of Eden |
| 14 | ہم دم | ham-dam | adj. | lit. "breathing together"; fig. an intimate companion, a bosom friend |
| 15 | منع کرنا | manā karnā | v.t. | to forbid, prohibit, restrain |
| 16 | نام کو بٹا لگانا | nām ko baṭṭā lagānā | | to besmirch (someone's) name, to bring into disrepute or disgrace |

میں مچھیرے نے دیکھا کہ سارا جال چاندی کا ہوگیا ہے اور اُس کے اندر جو دریائی گھاس ہے وہ ساری سونے کی ہے۔

اُس سنہری گھاس پر ایک ننھا سا فرِشتہ لیٹا تھا۔ اُس کے پر موتی کی طرح چمک رہے تھے۔ فرِشتے نے مچھیرے سے کہا: ”میں اِس دریا کی تہہ میں لاکھوں سال سے پڑا تھا، لاکھوں سال سے، جب سے دُنیا بنی تھی اُس وقت سے۔ میں نے کوئی قصُور نہیں کیا تھا، جس کی سزا میں اللہ میاںؑ نے مجھے یہاں بھیجا ہو۔ مجھے تو دیس نکالا ملا تھا، آدم اور حوّا کی چوک پر۔ کیونکہ اُنھوں نے باغِ عدن میں مجھے تو ہم دم بنایا نہیں، سانپ کو بنا لیا۔ پھر اُس پیڑ کا پھل کھا کر جس سے اُنھیں منع کیا گیا تھا، میرے نام کو بھی بٹّا لگایا۔ اِسی وجہ سے وہ بھی نکالے گئے اور میں بھی نکالا گیا کیونکہ میں اُن کی سچّی محبّت کا فرِشتہ تھا۔ یہی بات

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | /sā̃p kī sī muhabbat/ : "serpent-like love" | | | |
| 2 | بگاڑنا | bigāṛnā | v.t. | to ruin, spoil |
| 3 | پاک | pāk | adj. | pure, innocent, clean, clear |
| 4 | /bas/ literally means "enough, sufficient, plenty, very much"; here occurs as an adv. meaning "in short, in a word" | | | |
| 5 | حرص | hirs | s.f. | greediness, avidity |
| 6 | ہوس | hawas | s.f. | lust, desire |
| 7 | گدلا | gadlā | adj. | dirty, foul, muddy |
| 8 | بخشنا | baxshnā | v.t. | to give, grant, bestow |
| 9 | (کو) نصیب ہونا | (ko) nasīb honā | v.i. | to fall to the lot (of) /nasīb/ : "good fortune; destiny" |
| 10 | شیش محل | shīsh-mahal | s.m. | a crystal palace, a palace adorned with mirrors |
| 11 | تاکہ | tā-ke | conj. | so that |
| 12 | ترسنا | tarasnā | v.i. | to long, to crave or desire earnestly and repeatedly; to beg |
| 13 | بھوک پیاس | bhū̃k pyās | s.f. | hunger and thirst |
| 14 | تکلیف اُٹھانا | taklīf uṭhānā | v.t. | to experience trouble, to suffer |
| 15 | /tā-ke...na uṭhāe/ : "so that I can always keep her happy, and have it in my power that she will never lack anything she wishes for, and will never suffer hunger and thirst" | | | |
| 16 | /dhan/ is a Sanskrit and /daulat/ is a Persian form; both mean "wealth, good fortune". In Urdu they are used together to denote abundance of riches, wealth | | | |
| 17 | پہچاننا | pahcānnā | v.t. | to recognize; to acknowledge |

تو ہے کہ آدمی اب سانپ کی سی محبت[1] کرتے ہیں، وہ محبت جو سب کو بِگاڑ دیتی ہے۔ وہ جو پہلی محبت تھی، سچی، پاک محبت، اُسے سب نے چھوڑ دیا ہے۔ بس[4] حرص ہے اور ہوس۔ پیارے مچھیرے! اب پھر کہیں مجھے اِس گدلے پانی میں نہ ڈال دینا۔ مجھے اپنے ساتھ لے چل، اپنی پیاری گڈرنی کے پاس لے چل۔ میں تجھے وہ خوشی بخشوں گا جو کسی کو نصیب نہ ہوئی ہوگی۔"

مچھیرا بولا: "ایک شیش محل بنا دو گے، میری پیاری گڈرنی کے لیے۔ کیا مجھے بہت سا سونا چاندی دے دو گے، تاکہ میں اُسے ہمیشہ خوش رکھ سکوں اور ایسا کر دوں کہ وہ پھر[15] کسی چیز کو نہ ترسے اور بھوک پیاس کی تکلیف نہ اُٹھائے۔"

فرشتہ بولا: "محبّت اور خوشی کے لیے محلوں کی ضرورت نہیں۔ محبّت نہ بھوک کو جانتی ہے، نہ دھن[16] دولت کو پہچانتی ہے۔ بھوک بھی خُدا کی طرف سے سزا ہے اور سونے چاندی کا لالچ بھی اور یہ سزا اُس نے آدمیوں کو اِس لیے

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | بھولا | bholā | adj. | simple, innocent |
| 2 | انداز | andāz | s.m. | manner, way |
| 3 | (کی) سمجھ میں آنا | (kī) samajh mẽ ānā | | lit. to enter into the understanding (of); to be understood (by) |
| 4 | سچائی | saccāī | s.f. | sincerity, truthfulness, fidelity |
| 5 | جوش | josh | s.m. | excitement, zeal, enthusiasm |
| 6 | سینے سے لگانا | sīne se lagānā | | to take to one's bosom, to embrace, hug |

7 /hamesha ko/ is same as /hamesha ke liye/ : "for-ever"

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 8 | دل میں اُترنا | dil mẽ utarnā | | to enter the heart, to settle in the heart |

9 /na cā̃dī...ghās kā/ "he cared neither about the silver net nor the golden weed"

10 /sāth liye/ : "taking with him"

دی ہے کہ پہلے محبّت کرنے والوں نے محبّت کے نام کو بٹّا لگایا تھا۔"

فرشتے نے یہ بات کچھ ایسے بھولے انداز سے کہی کہ مچھیرے کی سمجھ میں آگئی۔ اُس نے اُس فرشتے کو ایسی سچّائی اور ایسے جوش کے ساتھ سینے سے لگایا کہ وہ ہمیشہ[7] کو اُس کے دل میں اُتر گیا۔ نہ چاندی کے جال کا خیال کیا اور نہ سونے کی گھاس کا[9]۔ سب دریا میں ڈال دیا اور اپنی گدڑی کا دھیان ساتھ[10] لیے گھر کو لَوٹا۔

(ڈاکٹر ذاکر حُسین)

PREMCHAND

The following article on Premchand (1880-1936), the doyen of Urdu and Hindi fiction, is by Dr. Qamar Raīs (Musāhib Alī Khān), a young critic of Urdu. He teaches Urdu at the University of Delhi. Born in 1932 at Shahjahanpur in Uttar Pradesh, Musāhib Alī Khān was educated at Agra and Lucknow. His doctoral dissertation on Premchand was submitted to Aligarh Muslim University, where he received his Ph.D. in 1958. He is also the editor of two compilations, one of literary essays by Premchand, and the other of scholarly articles on Premchand. He taught Urdu language and literature at Tashkent University U.S.S.R., first in 1962 and again in 1965.

The following article, which is mainly biographical, briefly sketches the background of some of Premchand's principal works. It has been especially written for this anthology. The language is simple, chaste and lucid, and the prose moves swiftly and logically.

# U N I T IV

## P R E M C H A N D

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | میل | mīl | s.m. | a mile |
| 2 | Lamhi | | | |
| 3 | مُنشی | munshī | adj. | a title of respect for an educated man; a writer, scribe |
| 4 | Ajāib Lāl | | | |
| 5 | Dhanpat Raí | | | |
| 6 | ادب | adab | s.m. | literature; good manners |
۱۸۶۸ء میں سرسیّد اِنگلستان گئے۔ اُن کے دو لڑکے سیّد حامِد اور سیّد محمود بھی ساتھ تھے۔ وہ اِنگلستان اپنے لڑکوں کی تعلیم کا انتظام کرنے گئے تھے مگر مطلب تھا وہاں کی تعلیم اور رہن سہن کو دیکھنا، اچھّی کتابیں لانا اور وہاں کی زندگی کو سمجھنا۔ سرسیّد وہاں سے بہت کچھ دیکھ اور سمجھ کر واپس آئے۔ سب سے پہلے اُنھوں نے اپنے نئے خیالوں کو ظاہر کرنے اور پھیلانے کے لیے ایک رِسالہ نکالا، جس کا نام تہذیب الاُخلاق تھا۔ اِس سے لوگوں کے خیالات ہی نہیں بدلے، اُردو نثر کی بھی ترقّی ہوئی۔ کچھ دنوں بعد اُنھوں نے علی گڑھ میں وہ کالج کھولا جو آج علی گڑھ مُسلِم یونی ورسٹی کی شکل میں

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | موجود | maujūd | adv. | existing; present |
| 2 | یادگار | yād-gār | s.f. | monument, memorial |
| 3 | وائسرائے | wāisrāe | s.m. | viceroy |
| 4 | کونسل | kaunsil | s.f. | council |
| 5 | ممبر | mimbar | s.m. | member |
| 6 | سر | sar | | Sir; knight |
| 7 | خطاب | xitāb | s.m. | title (official or noble) |
| 8 | شخص | shaxs | s.m. | a person, being, individual |
| 9 | اِنتقال ہونا | intiqāl honā | v.i. | to pass away, to die (euphemistic expression) |
| 10 | گِننا | ginnā | v.t. | to count |
| 11 | رہنما | rah-numā | s.m. | leader; guide |
| 12 | نام پانا | nām pānā | v.t. | to be famous, reputed; lit. to earn a name |
| 13 | کم عمری | kam-umrī | s.f. | a young age |
| 14 | عمارت | imārat | s.f. | building, structure |
| 15 | آثارُالصّنادید | āsār us-sanādīd | | "Monuments of the Great" |

Āsār us-Sanādīd. The pronunciation of the words occurring with the Arabic article al- is governed by the following rule. If the first letter of word to which the al- is prefixed is one of the following fourteen letters--ت, ث, د, ذ, ر, ز, س, ش, ص, ض, ط, ظ, ل, ن, the l of the article, though written, is passed over in pronunciation, and its initial vowel is combined with the following consonant, which is then doubled or marked with tashdīd, e.g., Āsār al-Sanādīd is pronounced as Āsār us-Sanādīd; Dār al-Tarjama as Dār ut-Tarjama. The above fourteen letters are called hurūf ush-shamsiya, "the solar letters", because the word /shams/, "sun" happens to commence with one of them; and the other letters are termed hurūf ul-qamariya, "the lunar letters", because /qamar/, "moon" begins with one of them. With the latter category of letters, the l of the article al- is pronounced, e.g., Tahzīb ul-Akhlāq (page 175), Īd ul-Fitr.

مَوجُود ہے اور اُن کی بڑی یادگار ہے۔

اب سرسیّد بہت مشہور ہو چکے تھے۔ اُنھیں وائسرائے کی کَونسل کا مِمبر بھی بنا دیا گیا تھا اور سر کا خِطاب بھی انگریزی سرکار کی طرف سے ملا تھا۔ اب اُنھیں ہر شخص سرسیّد ہی کہتا تھا۔ ۲۷ مارچ ۱۸۹۸ء کو اُن کا اِنتقال ہو گیا۔

سرسیّد ایسے لوگوں میں گِنے جاتے ہیں جو دُنیا میں کم ہی پیدا ہوتے ہیں۔ اُنھوں نے اپنے زمانے کو سمجھا اور اپنے مُلک کو وقت کے ساتھ چلانے کی کوشِش کی۔ وہ ایک اچھّے رہنما، اچھّے ادیب اور اچھّے انسان تھے۔ اُنھیں کام سے محبّت تھی اِس لیے اُنھوں نے نام بھی پایا۔

لکھنا سرسیّد نے کم عُمری ہی سے شروع کر دیا تھا۔ کچھ ترجمے کیے، کچھ چھوٹی چھوٹی کتابیں لکھیں، لیکن تیس (۳۰) سال کی عمر میں اُنھوں نے دہلی کی پُرانی عِمارتوں اور مشہور لوگوں کے بارے میں اپنی کتاب "آثارُ الصّنادید"[15] لکھی تو بہت

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | فرانسیسی | frā̃sīsī | adj. | French |
| 2 | یورپ | yūrup | s.m. | Europe |
| 3 | شہرت | shuhrat | s.f. | fame, celebrity, renown |
| 4 | اسبابِ بغاوتِ ہند | asbāb-e-baḡāwat-e-hind | | "Causes of the Indian Mutiny" |
| 5 | برطانیہ | bartāniya | s.m. | Britain |
| 6 | پارلیمنٹ | pārlīminṭ | s.f. | parliament |
| 7 | مذہبی | mazhabī | adj. | religious |
| 8 | مضمون | mazmūn | s.m. | essay, article; pl. /mazāmīn/ |
| 9 | خوشامدی | xushāmadī | adj. | a flatterer |
| 10 | نسل | nasl | s.f. | generation; race |
| 11 | اثر | asar | s.m. | influence; impression; effect |
| 12 | شمار کرنا | shumār karnā | v.t. | to count |
| 13 | نصف | nisf | adj. | half |
| 14 | تبدیلی | tabdīlī | s.f. | change, revolution |

مشہور ہوگئے۔ اِس کا ترجمہ فرانسیسی میں بھی ہوا اور یوُرپ میں بھی اُنھیں شُہرت حاصِل ہوئی۔ بجنور میں جو بغاوت ہوئی تھی، سرسیّد نے اُس کی تاریخ بھی لکھی۔ بغاوت کے بارے میں "اسبابِ بغاوتِ ہند" لکھ کر برطانیہ کی پارلیمنٹ میں بھیجی۔ کئی مذہبی کتابیں لکھیں، مگر اُردو ادب میں اُن کے وہ چھوٹے چھوٹے مضموُن زیادہ مشہور ہوئے۔ جو تہذیبُ الاَخلاق میں چھپے تھے۔ اُن کے خیالات کو کچھ مسلمان پسند کرتے تھے کچھ ناپسند۔ کچھ لوگ اُن کو انگریزی راج کا خوِشامدی سمجھتے تھے، کچھ لوگ ملک کا دوست۔ مگر سچ یہ ہے کہ وہ اپنے زمانے کے اُن لوگوں میں تھے جو بعد کی نسلوں پر اپنا گہرا اثر چھوڑتے ہیں اور جنھیں مُلک کے تاریخی لوگوں میں شُمار کرنا پڑتا ہے۔

اُنّیسویں صدی کا آخری نِصف ہندُستان کی تاریخ میں بڑی تبدیلیوں کا زمانہ تھا۔ ایک طرف وہ زِندگی تھی

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | سیاسی | siyāsī | adj. | political |
| 2 | پریس | pares | s.m. | press |
| 3 | تار | tār | s.m. | telegraph; lit. wire |
| 4 | کشمکش | kash-ma-kash | s.f. | tussle, struggle |
| 5 | مُفید | mufīd | adj. | advantageous, profitable, beneficial |
| 6 | رائے | rāe | s.f. | opinion, view, idea |
| 7 | مُخالفت | muxālafat | s.f. | opposition |
| 8 | قبُول کرنا | qubūl karnā | v.t. | to accept, take |
| 9 | رُکاوٹ | rukāwaṭ | s.f. | obstruction, hindrance |
| 10 | سُوجھ بُوجھ | sūjh būjh | s.f. | perception, comprehension, vision |
| 11 | کے مُطابق | ke mutābiq | | according to |
| 12 | پچّھم | pacchim | s.m. | western, west |
| 13 | خاص کر | xās kar | adv. | particularly, especially; same as /xusūsan/ |
| 14 | پیام | payām | s.m. | message |

جو سینکڑوں سال سے ایک ہی حال پر چلی جا رہی تھی اور دوسری طرف مغربی تعلیم، انگریزی ادب، سیاسی خیالات، پریس، ریل اور تار کے اثر سے پیدا ہونے والی نئی زندگی۔ اِن دونوں میں بڑا فرق تھا۔ عام لوگوں کے لیے یہ بات بڑی مُشکل تھی کہ وہ اِن کی کشمکش کو سمجھیں مگر سرسیّد انگریزی زبان نہ جانتے ہوئے بھی اِس کو اچھی طرح سمجھتے تھے۔ وہ جانتے تھے کہ باہر سے جو خیالات آ رہے ہیں، اُن میں سے کون سے خیالات مُلکی ترقّی کے لیے مُفید ہیں۔ اِس لیے اُن کی رائے تھی کہ چاہے اُن کی کتنی ہی مُخالفت کی جائے اِن خیالات کو قبُول کر لینا چاہیے۔ ترقّی کی راہ میں جو رُکاوٹیں تھیں، وہ اُنھیں بھی جانتے تھے۔ اِس طرح اپنی سُوجھ بُوجھ کے مُطابِق وہ نئے اور پُرانے، پُورب اور پچّھم کو مِلا کر ہندُستانیوں اور خاص کر مُسلمانوں کو ایک نئی زندگی کا پیام دینا چاہتے تھے۔

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | تیزی | tezī | s.f. | rapidity, quickness, speed |
| 2 | غلط | ğalat | adj. | wrong, incorrect |
| 3 | طریقۂ تعلیم | tarīqa-e-tālīm | s.m. | educational system |
| 4 | شعروادب | sher-o-adab | s.m. pl. | literature, prose & poetry |
| 5 | بندھن | bandhan | s.m. | established rule or custom, daily practice or observance; lit. bond |
| 6 | نقطۂ نظر | nuqta-e-nazar | s.m. | point of view |
| 7 | اہمیت | ahmiyat | s.f. | importance |
| 8 | رنگین | rangīn | adj. | ornate, flowery; lit. colorful |
| 9 | بناوٹی | banāwaṭī | adj. | artificial, labored |
| 10 | کے مقابلے میں | ke muqābale mẽ | | in opposition to; in comparison to |
| 11 | نتیجہ | natīja | s.m. | result, consequence, effect |
| 12 | تحریر | tahrīr | s.f. | writing |
| 13 | سادگی | sādgī | s.f. | simplicity |
| 14 | (پر) زور دینا | (par) zor denā | | to lay stress (on), to emphasize |
| 15 | رنگینی | rangīnī | s.f. | ornate style; lit. colorfulness |
| 16 | سجاوٹ | sajāwaṭ | s.f. | ornamentation, decoration, adorning |

تبدیلی کا یہ پیام ایسا تھا کہ جو لوگ اُس کو نہیں سمجھ سکتے تھے وہ سرسیّد کو مذہب اور قَوم کا دُشمن سمجھنے لگے۔ لیکن زمانہ جس تیزی سے بدل رہا تھا، اُسے دیکھتے ہوئے اُن کے خیالات کو غَلَط نہیں کہا جاسکتا۔ وہ سماج میں، طریقۂ تعلیم میں، اور شعر و اَدَب میں، ہر چیز میں تبدیلی چاہتے تھے۔ یہی پُرانے بندھنوں کو توڑ کر آگے بڑھنے کا راستہ تھا۔

اَدَبی نُقطۂ نظر سے بھی سرسیّد کے کاموں کی خاص اہمیت ہے۔ اُنھوں نے رنگین اور بناوٹی ادبی زبان کے مُقابلے میں سیدھی سادھی نثر کی طرف توجُہ کی اور اُن کے اثر سے اُس زمانے کے کئی اور لکھنے والوں نے بھی ویسی ہی نثر لکھی۔ اِس کا نتیجہ یہ ہوا کہ تحریر میں سادگی اور مطلب پر زور دیا جانے لگا۔ سرسیّد کی تحریروں میں رنگینی اور سجاوٹ تو نہیں ہے مگر زور اور سچّائی بہت ہے۔

اُس زمانے کے مشہور ادیبوں میں خواجہ الطاف حُسین حاؔلی،

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | Zakā Ullah | | | |
| 2 | مُخالِف | muxālif | adj. | opponent |
| 3 | رنگ | rang | s.m. | style; lit. color |
| 4 | مختصر یہ کہ | muxtasar ye ke | | in short; the gist is that |
| 5 | دَور | daur | s.m. | period, age, time |
| 6 | (میں) ہاتھ ہونا | (mẽ) hāth honā | | to have a hand (in) |
| 7 | کارنامہ | kār-nāma | s.m. | achievement, great deed |
| 8 | نظرانداز کرنا | nazar-andāz karnā | v.t. | to disregard, to take no notice of; to reject |

ڈاکٹر نذیر احمد، ذکاءُ اللہ[1]، مُحسنُ الملک، چراغ علی، مَولانا شبلی اور کچھ دوسرے لکھنے والے سرسیّد سے مُتاثّر ہوئے۔ اِن میں سے کئی ایسے تھے جن کے مضامین سرسیّد کے رسالے تہذیبُ الاخلاق ہی میں چھپتے تھے۔ دِل چسپ بات یہ ہے کہ جو لوگ سرسیّد کے مُخالِف تھے، وہ بھی اُنھیں جیسی زبان اِستعمال کرنے پر مجبور ہوتے تھے۔ اِس طرح اُردو نثر میں وہ نیا رنگ پیدا ہوگیا جو آج تک اِس کے اوپر چھایا ہوا ہے۔

مُختصر یہ کہ ہندُستان کو نئے دَور میں داخِل کرنے میں سرسیّد کا بڑا ہاتھ ہے اور اُن کے کارناموں کو کبھی نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔

(سیّد اِحتِشام حُسین)

# MUHAMMAD HUSAIN ĀZĀD

Muhammad Husain Āzād is one of the greatest masters of prose style in Urdu. As a poet he, along with some of his compeers, heralded a new era in Urdu poetry, but his place in Urdu literature rests mainly on his vivid and vibrant style and his capacity to re-create the past.

Muhammad Husain was born in Delhi in 1830. After some schooling at home, he attended Dilli College, a leading institute of northwestern India at that time. His father, Muhammad Bāqir, was the editor of Delhi Urdu Akhbār, first Urdu newspaper of Delhi (started in 1836). After the uprising of 1857, Muhammad Bāqir was executed by the British for his patriotic feelings, and his house and property were confiscated. Āzād escaped in disguise and went into hiding for six or seven years. In 1864, after the dust of the 'Mutiny' had settled down, he got a job in the Education Department at Lahore. Much later he was raised to the professorship of Arabic at the Oriental College.

Although Āzād knew very little English, he understood his times well, and no one knew better than he that the old Urdu literature had entered a blind alley and needed to be rescued. Encouraged by Colonel Holroyd, Director of Public Instruction, Panjab he started a new Mushā-ira in 1874 where topical poems instead of Ghazals were recited. This set a new trend which later resulted in the movement of the Modern School of Urdu Poetry.

By 1890 the effects of the shock of the events of the 'Mutiny' and later on that of his daughter's death revealed themselves in a mental breakdown, and Āzād remained completely insane for the last twenty years of his life. He died in Lahore in 1910.

Āb-e-Hayāt, the first history of Urdu poets written on modern lines, is the masterpiece of Āzād. Herein he applied his rare gift of narrative and vivid imagination to the lives and times of the Urdu poets with such success that a reader is transported into a glamorous world of the past. Āb-e-Hayāt has been praised more for its style and criticized more for its historical inaccuracies than any other prose book in Urdu. The criticism that Āzād is not a trustworthy historian is not without foundation as he was a proseman endowed with the imaginative sensibility of a poet and very often was swept away by his feelings.

Āzād's writings comprise about twenty volumes. His other important books are, Qisas-e-Hind, a collection of stories from medieval Indian history; Nairang-e-Khayāl, a collection of allegorical essays in two volumes; and Darbār-e-Akbarī, a history of the times of Akbar the Great (1556-1605). The prose

in these books is not in the grand style of Āb-e-Hayāt, still it is notable for its grace and rhythm, and has a charm, ease and elegance of its own.

This anthology intentionally avoids an excerpt from Āb-e-Hayāt, as its language is too metaphorical for a post-elementary course, and it was feared that many substitutions would ruin it completely. Instead, the selection included here is from Darbār-e-Akbarī. It recounts the love episode of Salīm (i.e. Jahāngīr, 1605-1627) and Mihr un-Nisā Khānam (afterwards Nūr Jahān) and is a piece of great beauty in its own right.

Mihr un-Nisā was born at Qandhar in 1577 when her father was on his way from Persia to India. It is said that while young she attracted the notice of the prince Salīm. But his father, the emperor Akbar, did not approve of this infatuation, and on his suggestion Mihr un-Nisā was married to Sher Afgan Khān, a Persian who for his distinguished military service had been granted a jāgīr in Bengal. Soon after prince Salīm ascended the throne as Jahāngīr in 1605, Sher Afgan Khān was assassinated. No proper assessment of the part Jahāngīr had in this episode has ever been made, still some regard it as a repetition of the story of David and Uriah. Whatever the case, Mihr un-Nisā was brought to Delhi as a prisoner. She was at first placed by Jahāngīr among the attendants of his mother, but subsequently he married her in the sixth year of his reign and bestowed upon her the title of Nūr Jahān, "the light of the world". She was raised to honors such as had never before been enjoyed by a royal consort in India. She captivated her husband, until eventually 'Jahāngīr was king in name only'. Even coins were struck in her name.

She was the aunt of the lady of the Tāj Mahal. She was an extraordinarily beautiful and ambitious woman and was well versed in Persian literature. A leader of fashion, her style in carpets, veils, brocade and lace was known throughout India. She survived Jahāngīr by eighteen years, and died in 1645 at Lahore, where she was buried in a mausoleum close to the tomb of Jahāngīr.

# U N I T VIII

## F A N C Y F A I R

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | ترکستان | turkistān | p.n. | Central Asia |
| 2 | دستور | dastūr | s.m. | custom; rule, regulation |
| 3 | /bāzār lagte hāĩ/ : "markets are held" | | | |
| 4 | آبادی | ābādī | s.f. | settlement, locality |
| 5 | ریشم | resham | s.m. | silk |
| 6 | سوت | sūt | s.m. | cotton; yarn |
| 7 | ٹوپی | ṭopī | s.f. | cap, hat |
| 8 | رومال | rumāl | s.m. | handkerchief; scarf |
| 9 | دستکاری | dast-kārī | s.f. | handwork, handicraft |
| 10 | بیچنا | becnā | v.t. | to sell |
| 11 | جنس | jins | s.f. | goods, merchandise, commodities |
| 12 | /bāzār ko garm karnā/ : "to make the market brisk or active" | | | |
| 13 | مرغی | murgī | s.f. | hen, chicken |
| 14 | انڈا | anḍā | s.m. | egg |
| 15 | گھوڑا | ghoṛā | s.m. | horse |
| 16 | /X se le kar Y tak/ : "from X to Y" | | | |
| 17 | گاڑھا | gāṛhā | s.m. | a kind of coarse, thick cloth |
| 18 | قالین | qālīn | s.m. | a woollen rug |
| 19 | بک جانا | bik jānā | v.i. | to be sold out |
| 20 | مبادلہ | mubādala | s.m. | exchange, barter |
| 21 | Jalāl ud-Dīn Mohammad Akbar (1542-1605 A.D.), the greatest of the Mughal emperors of India | | | |
| 22 | رواج | riwāj, rawāj | s.m. | custom, practice |
| 23 | ترقی دینا | taraqqī denā | v.t. | to promote, to encourage |
| 24 | آئینِ اکبری | āīn-e-akbarī | | "The Institutes of Akbar" (written by the courtier Abul-Fazl in Persian) |
| 25 | معمولی | māmūlī | adj. | ordinary |
| 26 | قلعہ | qilā, qalā | s.m. | fort, castle |

# مینا بازار

ترکستان میں دستور ہے کہ ہفتے میں دو (۲) دفعہ یا ایک دفعہ ہر شہر میں بازار لگتے ہیں[3]۔ اُس آبادی کے اور آس پاس کے لوگ ایک جگہ آ کر جمع ہوتے ہیں۔ عورتیں ریشم، سوت، ٹوپیاں، رومال، دستکاری وغیرہ بیچنے کو لاتی ہیں۔ مرد اپنی اپنی جنس سے بازار کو گرم[12] کرتے ہیں۔ مُرغی اور انڈے سے لے کر گھوڑوں تک[16]، اور گاڑھے سے لے کر قالین تک ہر چیز موجود ہوتی ہے اور دوپہر تک سب بِک جاتی ہیں۔ اکثر لین دین مُبادلے میں ہوتے ہیں۔ اکبر[21] نے اِس رواج کو ترقی دی۔ آئینِ اکبری میں لکھا ہے کہ ہر مہینے معمولی بازار کے تیسرے دن قلعے میں

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | زنانہ | zanāna | adj. | pertaining to women, women's, feminine |
| 2 | بیگمات | begmāt | s.f. pl. | ladies; /begam/ sg. a title of Mughal ladies |
| 3 | اُمرا | umarā | s.m. pl. | nobles, noblemen; /amīr/ sg. lit. rich |
| 4 | شُرفا | shurafā | s.m. pl. | persons of high rank or good family, nobles; pl. of /sharīf/ |
| 5 | تماشا | tamāshā | s.m. | spectacle, show |
| 6 | سَودا | saudā | s.m. | goods, wares |
| 7 | پہرا | pahrā | s.m. | guard, watch |
| 8 | مالی | mālī | s.m. | gardner, florist; fem. /mālan/ |
| 9 | چمن | caman | s.m. | flower-garden |
| 10 | رِعایا | riāyā | s.f. | subjects, people |
| 11 | بہو | bahū | s.f. | daughter-in-law |
| 12 | مُناسِب | munāsib | adj. | suitable, fitting, convenient |
| 13 | نذر | nazr | s.f. | gift or present from an inferior to a superior |
| 14 | نِسبت | nisbat | s.f. | engagement, arrangement for a matrimonial alliance; lit. relation, proportion. |
| 15 | حقیقت | haqīqat | s.f. | truth, reality, fact |
| 16 | آئین | āīn | s.m. | constitution, regulation, law |
| 17 | جُز | juz | s.m. | part, portion |
| 18 | باہمی | bāhamī | adj. | mutual |
| 19 | کاروبار | kārobār | s.m. | business |
| 20 | بگاڑ | bigāṛ | s.m. | disagreement, discord, quarrel |

زنانہ بازار لگتا تھا۔ اُس زنانہ بازار میں محل کی بیگمات آتی تھیں۔ اُمرا و شُرفا کی بیویوں کو بھی اِجازت تھی، جو چاہے آئے اور تماشا دیکھے۔ دُکانوں پر تمام عورتیں بیٹھ جاتی تھیں، سَودا زیادہ تر زنانہ رکھا جاتا تھا۔ عورتیں ہی پہرے پر ہوتی تھیں۔ مالیوں کی جگہ بھی مالنیں چمن کی دیکھ بھال کرتی تھیں۔

بادشاہ آپ بھی آتا تھا۔ اپنی رِعایا کی بہو بیٹیوں کو دیکھ کر ماں باپ کی طرح خُوش ہوتا تھا۔ جہاں مُناسِب جگہ دیکھتا تھا، بیٹھ جاتا تھا۔ بیگمات، بہنیں، بیٹیاں پاس بیٹھتی تھیں۔ اُمرا کی بیویاں آکر سلام کرتیں۔ نذریں دیتیں۔ بچّوں کو حاضِر کرتیں۔ اُن کی نِسبتیں طے ہوتیں اور حقیقت میں یہ بھی آئین کا ایک جُز تھا، کیوں کہ اُمرا کی باہمی محبّت اور دُشمنی کا اثر بادشاہ کے کاروبار پر پڑتا تھا۔ کبھی دو امیروں میں بِگاڑ ہو جاتا تھا۔ بادشاہ چاہتے تھے کہ اِن

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | علاج | ilāj | s.m. | remedy, cure; treatment |
| 2 | /tumhẽ is se kuch kām nahĩ/ : "you have nothing to do with him (her)" | | | |
| 3 | ناز | nāz | s.m. | pride and elegance |
| 4 | پالنا | pālnā | v.t. | to bring up, raise, rear |
| 5 | (کا) ذمّہ لینا | (kā) zimma lenā | v.t. | to undertake the charge (of), become responsible (for) |
| 6 | دھوم | dhūm | s.f. | pomp and show |
| 7 | Salīm (1569-1627 A.D.), Mughal emperor, succeeded his father Akbar the Great in 1605 A.D., at which time he took the name Jahāngīr: "conqueror of the world" | | | |
| 8 | (پر) دل آنا | (par) dil ānā | v.i. | to fall or to be in love (with) |
| 9 | /aisā...rahā/ : "he fell in love with such intensity that could not control himself" | | | |
| 10 | بزرگ | buzurg | adj. | elder, senior; elderly, aged; honorable, noble |
| 11 | کبوتر | kabūtar | s.m. | pigeon |
| 12 | کھلنا | khilnā | v.i. | to blossom |

میں بِگاڑ نہ رہے۔ اِس کا یہی عِلاج تھا کہ دونوں گھر ایک ہو جائیں۔ جب وہ نہ مانتے تو بادشاہ کہتے تھے کہ اچھا، یہ لڑکا یا لڑکی ہماری، تمھیں اِس سے کچھ کام نہیں[2]۔ وہ یا اُس کی بیوی ناز سے کہتے: "حضور آپ ہی کے لیے پالا تھا"۔ بادشاہ کہتے: "بہت خوب"۔ کبھی بیگم شادی کا ذِمّہ لے لیتیں، کبھی بادشاہ لے لیتے۔ اور شادی دھوم سے ہوتی۔

اِسی مینا بازار میں سلیم[7] (جہانگیر) کا دِل زین خاں کوکہ کی بیٹی پر آیا اور ایسا آیا کہ قابو ہی میں نہ رہا[9]۔ اچّھا ہوا کہ اُس کی ابھی شادی نہیں ہوئی تھی۔ اکبر نے خُود شادی کر دی۔ لیکن دوسرا وہ مُعاملہ ہے جو بُزُرگوں سے سُنا ہے۔ یہی مینا بازار لگا ہوا تھا، جہانگیر اُن دنوں نَوجوان لڑکا تھا۔ بازار میں پھرتا ہوا چمن میں آنکلا۔ ہاتھ میں کبوتر کا جوڑا تھا۔ سامنے کوئی پھُول کھِلا ہوا نظر آیا،

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | بھانا | bhānā | v.i. | to please, to seem good |
| 2 | توڑنا | toṛnā | v.t. | to pick, break |
| 3 | /donõ...the/ : "both his hands were full", lit. "hindered" | | | |
| 4 | بُوا | buwā | s.f. | a term of respectful address for females; lit. sister; father's sister, aunt |
| 5 | کیاری | kiyārī | s.f. | flowerbed |
| 6 | صاحب عالم | sāhib ālam | | your highness, your excellency; lit. master of the world |
| 7 | ہَیں | hãĩ | | (an exclamatory expression) what! |
| 8 | کیوں کر | kyõ kar | | how |
| 9 | مُٹھی | muṭṭhī | s.f. | fist |
| 10 | اگرچہ | agarce | conj. | although; /agarce...magar/: "although...(nevertheless)" |
| 11 | /hāth se jānā/ : "to be lost" | | | |
| 12 | انداز | andāz | s.m. | graceful manner, elegance, coquetry |
| 13 | دِل لوٹنا | dil loṭnā | v.i. | to fall deeply in love; lit. the heart to roll |
| 14 | ناظِمِ بیُوتات | nāẕim-e-buyūtāt | | overseer of the royal household |
| 15 | /hamāre hã/ : "at our place"; /hã/ here is an elliptical variation of /yahã/ adv. "here, place" | | | |

بہت بھایا۔ چاہا کہ توڑے، دونوں ہاتھ رُکے ہوئے تھے[3]۔ وہیں ٹھہر گیا۔ اِتنے میں سامنے ایک لڑکی آئی۔ شہزادے نے کہا: "بُوا! ذرا ہمارے کبوتر تم لے لو، ہم وہ پھُول توڑ لیں"۔ لڑکی نے دونوں کبوتر لے لیے۔ شہزادے نے کیاری میں جاکر چند پھُول توڑے۔ واپس آیا تو دیکھا کہ لڑکی کے ہاتھ میں ایک کبوتر ہے۔ پوُچھا: "دوسرا کبوتر کیا ہوا؟" عرض کی: "صاحبِ عالم وہ تو اُڑ گیا"۔ پوُچھا: "ہَیں! کیوں کر اُڑ گیا؟" اُس نے ہاتھ بڑھا کر دوسری مُٹّھی بھی کھول دی کہ "حُضوُر یوں اُڑ گیا"۔ اگرچہ دوسرا کبوتر بھی ہاتھ سے گیا[11] مگر شہزادے کا دل اِس انداز پر لوٹ گیا۔ پوُچھا: "تمھارا کیا نام ہے؟" عرض کی: "مِہرالنِّسا خَانَم"۔ پوُچھا: "تمھارے باپ کا کیا نام ہے؟" عرض کی: "مرزا غِیاث، حُضوُر کا ناظم بیُوتات ہے"۔ کہا: "دوسرے اُمرا کی لڑکیاں محل میں آیا کرتی ہیں، تم ہمارے ہاں [15]

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | /ammā̃ jān/ : "dear mother"; /jān/ s.f. "life, soul", here used as a term of endearment | | | |
| 2 | منّت | minnat | s.f. | plea, pleading, entreaty |
| 3 | اگلا | aglā | adv. | next; foremost, first |
| 4 | /bacpan kī umr/ : "young age"; /bacpan/ s.m. "childhood" | | | |
| 5 | ادب | adab | s.m. | good manners, politeness, etiquette; literature |
| 6 | لحاظ | lihāz | s.m. | regard, consideration, observation |
| 7 | خواہ مخواہ | xwāh ma-xwāh | adv. | for no reason, without a specific purpose; lit. "willing or unwilling" |
| 8 | بات چیت | bāt cīt | s.f. | conversation, talk |
| 9 | /agar bāt cīt...kuch aur/ : "when he talked, his very manner was different; if you noticed his glances, they seemed to be different" | | | |
| 10 | تاڑ جانا | tāṛ jānā | v.i. | to apprehend, perceive, understand |

نہیں آتیں"۔ کہا: "میری امّاں جان[1] تو آتی ہیں، سب مجھے نہیں لاتیں، ہمارے ہاں لڑکیاں گھر سے باہر نہیں نکلا کرتیں۔ آج بھی بڑی منّتوں سے یہاں لائی ہیں"۔ کہا: "تم ضرور آیا کرو"۔ وہ سلام کر کے رخصت ہوئی۔ جہانگیر باہر آگیا۔ مگر دونوں کو خیال رہا۔ اگلی بار جب مرزا غیاث کی بیوی محل میں جانے لگی، تو بیٹی کے کہنے سے اُسے بھی ساتھ لے لیا۔ بیگم نے دیکھا، بچپن کی عُمر[4]، اِس میں اَدَب کا لحاظ، بہت بھلی معلوم ہوئی۔ باتیں بھی پیاری لگیں۔ بیگم نے بھی کہا: "اِسے تم ضرور لایا کرو"۔ آہستہ آہستہ آنا جانا زیادہ ہوا۔ شہزادے کا یہ حال کہ جب وہ بیگم کے پاس آئے تو وہاں مَوجُود، وہ دادی کے سلام کو جائے تو وہاں حاضر۔ کسی نہ کسی بہانے سے خواہ مخواہ اُس سے بولتا۔ اگر بات چیت کرتا تو اُس کا طور ہی کچھ اور۔ نگاہوں کو دیکھو تو انداز ہی کچھ اور[9]۔ بیگم تاڑ گئی

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | خانِ خاناں | xān-e-xānā̃ | | lit. "Lord of Lords"; a title of honor conferred by Akbar on Abdur-Rahīm Khān (1556-1627) |
| 2 | /bhakkar kī muhim/ : "the battle of Bhakkar"; /muhim/ s.f. "battle; expedition; urgent business" | | | |
| 3 | مُصاحِب | musāhib | s.m. | favorite (of a prince); aide-de-camp; associate |
| 4 | نسبت ٹھہرانا | nisbat ṭhahrānā | v.t. | to announce an engagement |
| 5 | بربادی | barbādī | s.f. | ruin, downfall |
| 6 | انجام | anjām | s.m. | end, result |
| 7 | (کا) شکار ہونا | (kā) shikār honā | v.i. | to fall prey (to), become a prey (of) |
| 8 | /jawā̃-marg dunyā se gayā/ : "died young"; lit."left the world dying young" | | | |
| 9 | نُور جہاں | nūr jahā̃ | | Nūr Jahān, lit. "Light of the World"; married to Jahāngīr in 1611 A.D., she became his favorite wife and virtual empress |
| 10 | دھبّا | dhabbā | s.m. | stain, spot, blot |
| 11 | /afsos...rah gayā/ : "alas, Jahāngīr and Nūr Jahān have passed away, but the stain on their name remains" | | | |

اور بادشاہ سے عرض کی۔ اکبر نے کہا: "مرزا غیاث کی بیوی کو سمجھا دو، چند روز لڑکی کو یہاں نہ لائے۔" اور مرزا غیاث سے کہا کہ لڑکی کی شادی کر دو۔

جب خانِ خاناں بھکّر کی مُہم[2] پر تھا تو طَہماسپ قُلی بیگ ایک نوجوان ایران سے آیا تھا اور اس مُہم میں بہادُری دکھا کے اُس کے مُصاحِبوں میں داخِل ہو گیا تھا۔ شیر افگن خاں کا خِطاب حاصِل کیا تھا۔ بادشاہ نے اُس کے ساتھ نِسبت ٹھہرا دی اور جلد ہی شادی کر دی۔ یہی شادی اُس جوان کی بربادی تھی۔ انجام اُس کا یہ ہوا کہ جو نہ ہونا تھا، سو ہوا۔ شیر افگن خاں مَوت کا شِکار ہو کر جواں مرگ دُنیا سے گیا[8]۔ مہرالنِّسا بیوہ ہوئی۔ چند روز کے بعد جہانگیر کے محلوں میں آکر نُور جہاں بیگم ہو گئی۔ افسوس نہ جہانگیر رہے نہ نُور جہاں رہیں، ناموں پر دھبّا[11] رہ گیا۔

(محمد حُسین آزاد)

# ABUL KALĀM ĀZĀD

Maulānā Abul Kalām Āzād (1888-1958) was a man of rare talents; he was a profound scholar, a great statesman, an ardent patriot, a devout theologian and a vigorous stylist. For fifty years and more he stood as a champion of nationalism, freedom and democracy. He was an embodiment of the spirit of resurgent India and became a legend in his own lifetime.

Maulānā Āzād, originally named Ghulām Muhī ud-Dīn Ahmad, was born in Mecca. He received his early education at home from his father and some of the eminent scholars of the day. With his father he came to India at the age of ten. Something of a prodigy, he was at fifteen a serious scholar in Arabic, Persian and Muslim theology, and in 1903 issued the literary journal Lisān us-Sidq. In 1905 he went back to the Middle East.

After his return to India, pained at the despondency, lack of faith, and indifference of the Indian Muslims to the rising national consciousness in the country, he started the Urdu weekly Al-Hilāl in 1912. This proved a phenomenal success. Hitherto the Indian Muslims were led by the successors of Sir Sayyid Ahmad Khān, known as the Aligarh party, who favored co-operation with the British and separation from the Hindus. Āzād proclaimed a different program and declared that Muslims must identify themselves with the common aspiration of Indian nationalism and oppose the forces of British colonialism. The success of Al-Hilāl disturbed the government, which forfeited the periodical's security. The irrepressible genius of Āzād, however, blossomed out in another periodical, the Al-Balāgh. Soon afterwards he was interned at Ranchi on charges of revolutionary activity. He was responsible for starting important agitation long before Gāndhī's great entrance into the arena. On his release in 1920, he promptly joined the Non-co-operation Movement. In 1923, when barely 35, he was elected President of the Special Session of the Indian National Congress--the youngest in its history. It was only appropriate that he should be the Congress President when the British finally decided to leave India in 1946.

He had an intellectual grasp superior to many in the Congress camp, which made Gāndhī turn to him on many crucial occasions. His unique characteristic was his combination of classical theological training and modern outlook. He suffered persecution and long periods of imprisonment on account of his views, but the flame of his faith in freedom and nationalism did not flicker at any time. His was a personality at once resplendent and reticent. His absorption in studies gave him a kind of predilection for loneliness and, though a man of infinite charm, he breathed an atmosphere of reserve which few could penetrate, or even appreciate.

His literary efforts are unique in the history of Urdu

literature. Rarely has there been such a combination of rhetoric and eloquence, of wit and poetry, of splendid and magnificent language, and absolute sobriety and integrity of character. In his commentary and translation of the Qurān (Tarjumān ul-Qurān), he achieved a distinction of language and thought which has never been surpassed in Urdu. Perhaps he was influenced by the French political philosopher Montesquieu (1689-1755) in the form of his letters in Ghubār-e-Khātir. These letters are addressed to a friend but were never mailed. They represent the intellectual wanderings of a great stylist, or 'emotion(s) recollected in tranquillity'--they are a sort of poetry in prose. Here every word is alive and winged. The style is highly refined and polished and is remarkable for perfect phrasing and exquisite artistry. 'Āzād's other important publication is Tazkirah (1920), a biographical memoir.

Besides his power of pen, he had the rare talent to move millions by his voice. Though reticent, he was undisputedly one of the greatest orators of Urdu. Some of his speeches are masterpieces of the world rhetorical literature. With all the resources of language at his command, he could be devastating in debate and convincing in discussion.

As a selection from his other writings was impossible for a post-basic course, and we did want to include a political speech, we have preferred here a speech by Āzād, for who could represent Urdu oratory better than he? In the Lok Sabhā (Lower House of Parliament) he made use of English loans rather freely and spoke such elegant and simple Urdu that all could follow him. He never seemed to be in want of the right word, and even his casual replies were pregnant with homily and telling similes. The speech included here was made on June 16, 1952, defending the budget in his capacity of Central Minister of Education (a position which he filled to the day of his death). The speech is taken from The Lok Sabhā Debates. It is noted for its disarmingly simple logic and for its direct, clear and incisive eloquence.

# U N I T IX

## M A U L Ā N Ā Ā Z Ā D
## I N L O K S A B H Ā

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | اسپیچ | ispīc | s.f. | speech |
| 2 | غور | ġaur | s.m. | deep thought, consideration, deliberation |
| 3 | بحث | bahs | s.f. | argument, debate, dispute |
| 4 | /bahut had tak/ = /baṛī had tak/ : "to a great extent" | | | |
| 5 | تقریر | taqrīr | s.f. | speech |
| 6 | خلاصہ | xulāsa | s.m. | gist, essence; abstract |
| 7 | گورنمنٹ | gavarnmiṇṭ | s.f. | government |
| 8 | ضرورت | zurūrat | s.f. | necessity, need |
| 9 | مسئلہ | mas-ala | s.m. | problem, matter, affair |
| 10 | برس | baras | s.m. | year |
| 11 | دہرانا | duhrānā | v.t. | repeat, to say a second time |

یونٹ ۹

# لوک سبھا میں مولانا آزاد کا بیان

جناب! پرسوں میں چار گھنٹے تک اُن تمام دوستوں کی اسپیچیں پورے غَور اور دل چسپی کے ساتھ سُنتا رہا، جنھوں نے اِس بحث میں حصّہ لیا تھا۔ مگر مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ بہت حد تک[4] مجھے مایُوسی ہوئی۔ جن صاحبوں نے بحث میں حصّہ لیا، اُن سب کی تقریروں کا خُلاصہ یہ تھا کہ گورنمنٹ تعلیم کے لیے جو کچھ اِس وقت کر رہی ہے، وہ ضرُورت کے مُقابلے میں بہت کم ہے۔

جناب! جہاں تک تعلیم کے مسئلے کا تعلُّق ہے، پچھلے پانچ برسوں میں بجَٹ کی بحث کے پانچ موقع نکلے تھے، جن میں سے ہر موقع پر یہی شکایت دُہرائی گئی تھی اور

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | تفصیل | tafsīl | s.f. | detail |
| 2 | /(apnā) dukhrā ronā/ : "to bewail (one's) woes or troubles, to tell (one's) misery" | | | |
| 3 | (کے) علاوہ | (ke) ilāva | | besides |
| 4 | Central Advisory Board of Education | | | |
| 5 | اِجلاس | ijlās | s.m. | session, meeting |
| 6 | Education Ministry | | | |
| 7 | رپورٹ | raporṭ | s.f. | report |
| 8 | اندازہ کرنا | andāza karnā | v.t. | to guess |
| 9 | /ek ke bād ek/ : "one after another" | | | |
| 10 | honorable member | | | |
| 11 | تعجّب | ta-ajjub | s.m. | wonder, astonishment, surprise |
| 12 | محسوس کرنا | mahsūs karnā | v.t. | to feel |
| 13 | گرہ | girah | s.f. | knot |
| 14 | زحمت کرنا | zahmat karnā | v.t. | to put up with trouble, to submit to pain |
| 15 | سانس | sā̃s | s.m. | breath |
| 16 | ختم کرنا | xatm karnā | v.t. | to finish |

ہر مرتبہ مجھے پوری تفصیل کے ساتھ اپنا دُکھڑا[2] رونا پڑا تھا۔ پھر اِس کے علاوہ سنٹرل ایڈوائزری بورڈ آف ایجوکیشن[4] ہے، جس کے ہر اِجلاس میں مَیں نے ایجوکیشن منسٹری[6] کی مُشکلوں اور رُکاوٹوں کی کہانی دُہرائی ہے اور اِس کی رپورٹیں تمام مُلک کے سامنے آچکی ہیں۔

ایسی حالت میں جناب! آپ اندازہ کرسکتے ہیں کہ پرسوں جب ایک کے بعد ایک[9] آنریبل[10] ممبر اُٹھے اور اُنھوں نے وہی پُرانی شکایت دُہرانی شروع کردی، تو میرے تعجّب کا کیا حال تھا۔ کوئی صاحب اِس کی ضُرورت محسوس نہیں کرتے کہ ہماری تعلیم کے مسئلے میں جو اصلی گِرہ پڑی ہوئی ہے، اُسے کھولنے کی کوئی کوشش کریں۔ ڈاکٹر رام سُبھاگ سنگھ نے خیال کیا کہ تعلیم کے سِلسلے میں ایک ایک بات کے نام لینے کی زحمت کیوں کی جائے۔ کیوں نہ ایک ہی سانس میں سارا مُعاملہ ختم کردیا جائے۔ اُنھوں نے

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | /farmāish/ : | "order", taken in a polite sense; here used ironically | | |
| 2 | توقّع | tawaqqo | s.f. | expectation |
| 3 | صوُرت | sūrat | s.f. | case ; lit. shape |
| 4 | احساس | ahsās | s.m. | sense, feeling |
| 5 | سوال | sawāl | s.m. | question |
| 6 | ماتم | mātam | s.m. | lamentation, mourning, wailing |
| 7 | زخم | zaxm | s.m. | wound, sore, scar |
| 8 | ٹیس | ṭīs | s.f. | shooting pain |
| 9 | مَیدان | maidān | s.m. | field, sphere |
| 10 | قدم بڑھانا | qadam baṛhānā | v.t. | to step forward, move forward, advance |
| 11 | رُکنا | ruknā | v.i. | to stop |

کہا: "تعلیم کے لیے کچھ بھی نہیں ہو رہا ہے اور تعلیم کے لیے سب کچھ ہونا چاہیے"۔ "تعلیم کے لیے کچھ نہیں ہو رہا" یہ بات صرف وہی کہہ سکتے تھے اور "تعلیم کے لیے سب کچھ ہونا چاہیے" اِس فرمائش[1] کی بھی صرف اُنھی سے توقّع کی جا سکتی ہے۔ کیونکہ دونوں صورتوں میں ذمّے داری کے احساس کا کوئی سوال اُن کے لیے پیدا نہیں ہوتا۔

سوال یہ ہے کہ کیا اِس طرح کی شکایتوں سے وہ گرہ کھُل سکتی ہے، جو تعلیم کے مسئلے میں پڑ گئی ہے اور جس پر پانچ برس سے برابر ماتم کیا جا رہا ہے۔ میں نے پچھلے سال بجٹ کے موقع پر جو تقریر کی تھی، وہ تقریر نہیں تھی، میرے دل کے زخموں کی ٹیس تھی جو زبان پر آ گئی تھی۔ میں نے پوری تفصیل کے ساتھ بتایا تھا کہ کس طرح پچھلے پانچ برسوں کے اندر گورنمنٹ نے تعلیم کے ہر میدان میں قدم بڑھانا چاہا اور کس طرح مجبور ہو کر اُسے رُک جانا پڑا۔

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | حل | hal | s.m. | solution |
| 2 | حق بجانب | haq ba-jānib | | correct; lit. on the right side |
| 3 | بھلانا | bhulānā | v.t. | to forget wilfully |
| 4 | /shikāyat par utar ānā/ : "to insist on complaining, to be determined to complain" | | | |
| 5 | محض | mahz | adj. | only, mere |
| 6 | /lafzõ ke totā mainā banānā/ : "to fabricate lies"; lit. "to make talking parrots and mynahs" | | | |
| 7 | پہلو | pahlū | s.m. | aspect, side |
| 8 | نقشہ | naqsha | s.m. | a plan, a design; map |
| 9 | کمیٹی بٹھانا | kameṭī biṭhānā | | to appoint a committee |
| 10 | سفارش | sifārish | s.f. | recommendation |
| 11 | آخری | āxirī | adj. | final, last |
| 12 | فیصلہ | faisala | s.m. | decision |
| 13 | اسکیم | iskīm | s.f. | scheme |
| 14 | راستہ | rāsta | s.m. | way, road |

اگر آپ مجھے آج بتلائیں کہ گورنمنٹ یہ حل نکال سکتی تھی، لیکن اُس نے کوشش نہیں کی، تو پھر آپ کی ہر شکایت حق بجانب ہوگی۔ لیکن اگر آپ اِس سوال کو بُھلا دیتے ہیں اور صرف شکایتوں پر اُتر[4] آنا چاہتے ہیں، تو میں آپ سے کہوں گا کہ محض لفظوں کے توتا مینا بنانے[6] سے مُلک کا کوئی مسئلہ حل نہیں ہوسکتا۔

میں آپ کو ذمّے داری کے پورے احساس کے ساتھ بار بار بتلا چکا ہوں اور آج پھر بتلاتا ہوں کہ ملک کے تعلیمی مسئلے کا کوئی پہلو ایسا نہیں، جس پر گورنمنٹ نے غور نہ کیا ہو اور کام کا پورا نقشہ تیّار نہ کر لیا ہو۔ گورنمنٹ نے ہر مسئلے کے لیے کمیٹیاں بٹھائیں، کمیٹیوں کی سفارشوں پر غور کیا اور پھر ایک آخری فیصلہ کرکے کام کا نقشہ بنالیا لیکن جب یہ تمام اسکیمیں تیار ہوگئیں تو معلوم ہوا کہ آگے قدم بڑھانے کا راستہ بند ہے۔ کیوں راستہ بند ہے؟

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | عمل میں لانا | amal mẽ lānā | v.i. | to put in execution, carry into effect |
| 2 | house (s.m.) | | | |
| 3 | منطق | mantiq | s.f. | logic, reasoning |
| 4 | defense, rehabilitation, food, river valley projects | | | |
| 5 | گھٹانا | ghaṭānā | v.t. | to reduce |
| 6 | مقدمہ | muqaddama | s.m. | proposition, statement |

اِس لیے کہ ہر اسکیم کو عمل میں لانے کے لیے روپے کی ضرورت ہے اور روپیہ نکل نہیں سکتا۔ اِس ہاؤس[2] کے پانچ سو ممبروں میں سے کوئی آنریبل ممبر مجھے بتلائیں کہ اِس رُکاوٹ کا عِلاج کیا ہے۔

میں یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ جن آنریبل ممبروں نے تعلیمی کاموں کے نہ ہونے کی شِکایت کی، آخر اِس بارے میں اُن کی مَنطِق کیا ہے۔

تعلیم کے لیے کافی روپیہ نہیں نکل سکتا، کیوں کہ ڈیفنس، ری ہیبلی ٹیشن، فوڈ، ریور ویلی پروجکٹس[4] وغیرہ پر روپیہ خرچ کرنا پڑتا ہے۔ آپ ایک ہی سانس میں یہ بھی کہتے ہیں کہ دوسرے خرچ نہ گھٹائے جائیں، پھر اِس کی فرمائش کرتے ہیں کہ تعلیم پر زیادہ خرچ کیا جائے۔ اگر اِن دونوں مُقدّموں کا خُلاصہ نکالا جائے تو یہ شکل بنے گی کہ تعلیم کے لیے روپیہ نہ نکالا جائے اور تعلیم پر روپیہ زیادہ خرچ کیا

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | بے وقوفی | be-wuqūfī | s.f. | stupidity, ignorance |
| 2 | بنیاد ڈالنا | bunyād ḍālnā | v.t. | to lay the foundation |
| 3 | /āxir...ḍālī/ : "after all, Aristotle wasn't playing games when he laid down the rules of logic" | | | |
| 4 | nation building | | | |
| 5 | راہ | rāh | s.f. | way, road |
| 6 | راہ نکالنا | rāh nikālnā | v.t. | to find a way |

جائے ۔ خدا کے لیے مجھے بتلایئے کہ اِس سے جو نتیجہ آپ نکالنا چاہتے ہیں، وہ کیا ہے ۔ آخر ارسطو نے یہ کوئی بے وقوفی کا کام نہیں کیا تھا کہ منطق[3] کی بُنیاد ڈالی ۔

میں اِس ہاؤس کے اندر بھی اور اِس سے باہر بھی بار بار یہ کہانی سُنا چکا ہوں کہ پچھلے چار برسوں میں کس طرح ایک کے بعد ایک اسکیمیں بنائی گئیں اور کس طرح روپیہ نہ ملنے کی وجہ سے مجبور ہو کر قدم روک لینا پڑا ۔

پھر سوال صرف تعلیم ہی کا نہیں ۔ نیشن[4] بلڈنگ کے تمام کاموں کی راہ میں یہی رکاوٹ راستہ روکے ہوئے ہے ، اور ہمیں غور کرنا ہے کہ آگے بڑھنے کی راہ کیسے نکالی جائے ۔

( ۱۲ جون ۱۹۵۲ء )

A great champion of the Urdu language, Maulavī Abdul Haq has been nicknamed Bābā-e-Urdū, "The Grand Man of Urdu". All through his life he waged a campaign to secure a rightful place for Urdu in the Indian sub-continent, and it was mainly due to his efforts that the All India National Congress under clause 21 of its constitution adopted Hindustani (Hindi - Urdu) to be the national language of India. However, after the freedom of the Indian sub-continent, Maulavī Abdul Haq migrated to Pakistan and for the remaining years of his life worked for the promotion of Urdu in that country. Though he succeeded in getting Urdu declared as one of the two national languages of Pakistan, he met with tough resistance in his efforts to replace English by Urdu for official purposes.

Abdul Haq was born in 1870. He was educated first in the Panjab and then at the M.A.O. College, Aligarh, where he was influenced by Sir Sayyid Ahmad Khān (died 1898), Shiblī (died 1914), and Hālī (died 1914). From Shiblī he learned to pursue his ideal with zeal and fire, and from Sir Sayyid Ahmad Khān and Hālī, the technique of objectivity and precision in prose, which later he developed into a style of his own. He went to Hyderabad in 1895 and, after serving as the headmaster of a local school and editor of a couple of Urdu journals, he became head of the Dār ut-Tarjama, the Institute of Translation established by a decree of the Nizām for translating works on history, sciences and philosophy into Urdu. He also worked as the first head of the Urdu Department at the newly established Osmānia University. In 1912 he was made the General Secretary of the Anjuman Taraqqī-e-Urdū, an organization devoted to the development and promotion of the Urdu language. Undisputedly he held that position until the partition of India in 1947. After his migration, he established the Anjuman's counterpart in Pakistan, and also started the Urdu College in Karachi which to this day is the biggest non-government Urdu institution in India and Pakistan. He died full of honor in 1961.

Maulavī Abdul Haq, though married, left his wife, and never had a home of his own or personal property. He gave himself entirely to the service of the language he so passionately and consistently loved. His steadfast nature, his ability to work hard and long, and the remarkable length of his life resulted in the production of some fifty volumes of literature, besides his editing of the scholarly journal Urdū for more than three decades. Nearly half of this material included almost forgotten and little known manuscripts of fundamental importance for reconstructing the early history of Urdu literature. His widely used works, though, are The Standard English - Urdu Dictionary and the Urdu Sarf-o-Nahv, or Urdu grammar.

Maulavī Abdul Haq's style is in direct line from the

prose of Sir Sayyid Ahmad Khān and Hālī. He possessed a unique skill of expressing himself in the simplest of language with a marvellous economy of usage and lively touch of colloquialism. His terse, concise and succinct prose is close to the basic prose style of the Urdu language.

The following selection is from Chand Ham-Asr, a collection of sketches of both literary and non-literary personalities. The sketch "Nām Dev Gardener" is acclaimed for its emphasis on the human qualities of dedication and devotion and man's capacity to rise to any height inspired by a sense of duty.

# U N I T X

## N Ā M D E V G A R D E N E R

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | باغ | bāġ | s.m. | garden, orchard, grove |
| 2 | ذات | zāt | s.f. | caste, tribe; self |
| 3 | ڈھیڑ | ḍheṛ | s.m. | a low caste of Hindus (who mostly work in leather) |
| 4 | نیچ | nīc | adj. | low, inferior, mean |
| 5 | نگرانی | nigrānī | s.f. | supervision, superintendence |
| 6 | سپرد کرنا | supurd karnā | v.t. | to entrust |
| 7 | کھڑکی | khiṛkī | s.f. | window |
| 8 | صاف | sāf | adj. | clear; clean |
| 9 | مصروف | masrūf | adj. | busy, engaged (in), occupied |
| 10 | حرکت | harakat | s.f. | action, movement |
| 11 | مثلاً | maslan | adv. | for example |
| 12 | پودا | paudā | s.m. | young plant, sapling |

# نام دیو مالی

نام دیو اَورنگ آباد کے ایک باغ میں مالی تھا۔
ذات کا ڈھیڑ تھا جو بہت نیچ خیال کی جاتی ہے۔

وہ باغ میری نِگرانی میں تھا۔ میرے رہنے کا مکان بھی باغ ہی میں تھا۔ میں نے اپنے مکان کے سامنے چمن بنانے کا کام نام دیو کے سُپرُد کیا۔ میں اندر کمرے میں کام کرتا رہتا تھا۔ میری میز کے سامنے بڑی سی کھڑکی تھی۔ اُس میں سے چمن صاف نظر آتا تھا۔ لکھتے لکھتے کبھی نظر اٹھا کر دیکھتا تو نام دیو کو اپنے کام میں مصروف پاتا۔ بعض دفعہ اُس کی حرکتیں دیکھ کر بہت تعجُّب ہوتا۔ مثلاً کیا دیکھتا ہوں کہ نام دیو ایک پودے

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | تھالا | thālā | s.m. | the trench dug for water around the root of a plant |
| 2 | حوض | hauz | s.m. | pool, tank, reservoir |
| 3 | رُخ | rux | s.m. | direction; aspect; face |
| 4 | مُڑ مُڑ کر دیکھنا | muṛ muṛ kar dekhnā | | to turn again and again to look |
| 5 | ہٹنا | haṭnā | v.i. | to move back |
| 6 | مُسکرانا | muskurānā | v.i. | to smile |
| 7 | حیرت | hairat | s.f. | amazement, astonishment |
| 8 | /yahā̃ tak ke/ : "so much so that" | | | |
| 9 | چپکے چپکے | cupke cupke | adv. | silently, secretly, softly |
| 10 | اتفاق سے | ittifāq se | adv. | by chance, accidently |
| 11 | کیڑا لگنا | kīṛā lagnā | v.i. | to be worm eaten; /kīṛā/ s.m. "insect, worm, germ" |
| 12 | فکر ہونا | fikr honā | v.i. | to be anxious (about = /kī/or/kā/), to be concerned; /fikr/ s.f. & s.m. "anxiety, care; thought" |
| 13 | پروان چڑھنا | parwān caṛhnā | v.i. | to grow up, prosper, flourish |

کے سامنے بیٹھا اُس کا تھالا صاف کر رہا ہے۔ تھالا صاف کرکے حَوض سے پانی لیا اور آہستہ آہستہ ڈالنا شروع کیا۔ اور ہر رُخ سے پَودے کو مُڑ مُڑ کر دیکھا۔ پھر پیچھے ہٹ کر اُسے دیکھنے لگا۔ دیکھتا جاتا تھا اور مُسکراتا اور خوش ہوتا تھا۔ یہ دیکھ کر مجھے حَیرت بھی ہوتی اور خوشی بھی۔

اب مجھے اُس سے دل چسپی ہونے لگی۔ یہاں تک کہ بعض[8] وقت اپنا کام چھوڑ کر اُسے دیکھا کرتا۔ مگر اُسے کچھ خبر نہ ہوتی کہ کوئی دیکھ رہا ہے۔ اُس کے کوئی اَولاد نہ تھی۔ وہ اپنے پودوں اور پیڑوں ہی کو اپنی اَولاد سمجھتا تھا۔ وہ ایک ایک پودے کے پاس بیٹھتا، اُن کو پیار کرتا، جُھک جُھک کے دیکھتا اور ایسا معلوم ہوتا، گویا اُن سے چُپکے چُپکے باتیں کر رہا ہے۔ کبھی کسی پودے میں اِتّفاق سے کیڑا لگ جاتا تو اُسے بڑا فِکر ہوتا۔ اُس کے لگائے ہوئے پودے ہمیشہ پروان چڑھے۔ وہ خود بھی

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | صاف ستھرا | sāf suthrā | adj. | clean, spotless |
| 2 | بارِش | bārish | s.f. | rain |
| 3 | کنوّاں | kũwā̃ | s.m. | a well |
| 4 | برائے نام | barāe nām | adj.<br>adv. | nominal(ly); very little;<br>lit. for the name's sake |
| 5 | ہرا بھرا | harā bharā | adj. | green, flourishing (said of plants, gardens, fields) |
| 6 | سینچنا | sī̃cnā | v.t. | to water (plant), irrigate |
| 7 | اِنعام | in-ām | s.m. | prize, reward; gift |
| 8 | شاید | shāyad | adv. | perhaps |
| 9 | پالنا پوسنا | pālnā posnā | v.t. | to raise, to bring up |
| 10 | مستحق | mustahiq | adj. | worthy (of = /kā/), entitled (to) |
| 11 | Huzūr Nizām : the title of the ruler of the former Hyderabad State in India | | | |
| 12 | بیسیوں | bīsiyõ | adj. | scores; lit. twenties |
| 13 | /mālī bhī kaise kaise/ : "what high-class gardeners" | | | |
| 14 | جاپانی | jāpānī | adj. | Japanese |
| 15 | ایرانی | īrānī | adj. | Iranian |
| 16 | شام | shām | p.n. | Syria |
| 17 | /yahā̃ bhī...rang thā/ : "here also Nām Dev had the same style" | | | |
| 18 | باغبانی | bāḡbānī | s.f. | gardening |

بہت صاف سُتھرا رہتا تھا اور ایسا ہی اپنے چمن کو بھی رکھتا۔

ایک سال بارِش بہت کم ہوئی۔ کُنوؤں میں پانی برائے نام رہ گیا۔ بہت سے پودے اور پیڑ ضائع ہوگئے۔ لیکن نام دیو کا چمن ہرا بھرا تھا۔ وہ دُور دُور سے ایک ایک گھڑا پانی کا سر پر اُٹھا کے لاتا اور پودوں کو سینچتا۔ اُس پر میں نے اُسے اِنعام دینا چاہا تو اُس نے لینے سے اِنکار کردیا۔ شاید اُس کا کہنا ٹھیک تھا کہ اپنے بچوں کے پالنے پوسنے میں کوئی اِنعام کا مُستحِق نہیں ہوتا۔

جب حُضُور نظام[11] کو اورنگ آباد میں باغ لگانے کا خیال ہوا تو نام دیو کو بھی شاہی باغ میں بُلا لیا گیا۔ وہاں بیسیوں مالی تھے اور مالی بھی کیسے کیسے[13]! ٹوکیو سے جاپانی، طہران سے اِیرانی اور شام سے شامی آئے تھے۔ یہاں بھی نام دیو کا وہی رنگ[17] تھا۔ اُس نے باغبانی کی

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | دُھن | dhun | s.f. | ardent desire, passion |
| 2 | جیت | jīt | s.f. | victory; success |
| 3 | جھگڑنا | jhagaṛnā | v.i. | to quarrel, fight |
| 4 | شہد کی مکھی | shahd kī makkhī | s.f. | a bee; /shahd/ s.m. "honey"; /makkhī/ s.f. "fly" |
| 5 | یورش | yūrish | s.f. | attack, invasion |
| 6 | بے دم ہونا | be-dam honā | v.i. | to become unconscious, lifeless; lit. to become breathless |
| 7 | /āxir...de dī/ : "finally he died without recovering consciousness"; lit. "in this same (condition)" | | | |
| 8 | سادہ مزاج | sāda mizāj | adj. | of simple nature; sincere |
| 9 | غریب | ğarīb | adj. | poor, needy |
| 10 | اِس پر بھی | is par bhī | | inspite of this |
| 11 | /kām karte karte/ : "while working" | | | |

تعلیم نہیں پائی تھی، لیکن اُسے کام کی دُھن تھی اور اِسی میں اُس کی جیت تھی۔ شاہی باغ میں بھی اُسی کا کام سب سے اچھّا رہا۔ دوسرے مالی لڑتے جھگڑتے، شراب پیتے، یہ نہ کسی سے لڑتا جھگڑتا، نہ شراب پیتا۔

ایک دن نہ معلوم کیا بات ہوئی کہ شہد کی مکّھیوں کی یُورِش ہوئی۔ سب مالی بھاگ کر چُھپ گئے۔ نام دیو کو خبر بھی نہ ہوئی کہ کیا ہو رہا ہے۔ وہ اپنے کام میں لگا رہا۔ یہاں تک کہ مکّھیوں نے اتنا کاٹا، اتنا کاٹا کہ بے دم ہو گیا۔ آخر اِسی میں جان دے دی[7]۔

وہ بہت سادہ مِزاج اور بھولا بھالا تھا۔ چھوٹے بڑے ہر ایک سے جُھک کے ملتا۔ غریب تھا اور تنخواہ بھی کم تھی، اِس پر بھی اپنے بھائیوں کی مدد کرتا تھا۔ کام سے عِشق تھا اور آخر کام کرتے[11] کرتے ہی اِس دُنیا سے رُخصت ہو گیا۔

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | نیکی | nekī | s.f. | goodness, virtue |
| 2 | قُدرت | qudrat | s.f. | Nature, Providence; power |
| 3 | صلاحیت | salāhiyat | s.f. | faculty; capability; virtue |
| 4 | درجۂ کمال | darja-e-kamāl | | perfection; lit.the degree of perfection |

جب کبھی مجھے نام دیو کا خیال آتا ہے تو میں سوچتا ہوں کہ نیکی کیا ہے اور بڑا آدمی کسے کہتے ہیں ۔ ہر شخص میں قدرت نے کوئی نہ کوئی صلاحیت رکھی ہے ۔ اس صلاحیت کو درجۂ کمال تک پہنچانے میں ساری نیکی اور بڑائی ہے۔ درجۂ کمال تک نہ کبھی کوئی پہنچا ہے، نہ پہنچ سکتا ہے، لیکن وہاں تک پہنچنے کی کوشش ہی میں انسان انسان بنتا ہے۔ اگر نیکی اور بڑائی کا یہ معیار ہے تو نام دیو نیک بھی تھا اور بڑا بھی ۔

( مولوی عبدالحق )

# KRISHAN CHANDER

Krishan Chander is one of the front ranking authors of modern Urdu literature. Perhaps no other contemporary short story writer in Urdu or Hindi has a larger readership. The typical features of his stories are fundamental humanism and abounding wit, as well as rhetoric and suppressed poetry.

Born in 1914, Krishan Chander spent the greater part of his early life in Kashmir, where the beauty of nature left a permanent mark on his aesthetic sensibility. He was educated at Forman Christian College, Lahore, where he completed his master's degree in English. For a number of years he wrote for journals and then became attached to the All India Radio. But, dissatisfied with the government service, he moved to Bombay, the center of India's film industry, where he continues to write for the Urdu and Hindi movies.

A prolific writer, he has produced about seventy volumes, which include more than twenty collections of short stories and a dozen novels. Though a resident of India, he is the most popular fiction writer in Pakistan, according to one survey. He has been translated into almost all the regional languages of the Indian sub-continent and into English, Russian and Chinese. Despite his tremendous output, Krishan Chander's pace has not slackened.

The themes of his work are as varied as can be--romantic, social, psychological, political, national, international. In fact, he writes about the whole gamut of contemporary problems and human relationships. He is influenced by Marxism and writes with a purpose, sometimes too obviously so. Art with him is a criticism of life and a vehicle for social up-lift. Most of his work is spirited, with a tendency toward romanticizing and formlessness.

But whatever the literary critics might have to say, he is widely read and liked by his readers. The middle and lower classes for whom he mainly writes are pleased by his racy idealism, sentimentalism and sincere exhortation. His stories usually have a foundation in fact and, in addition, his choice of realistic detail within loosely spun plots gives his work an air of verisimilitude. He is significant for his combination of excellent story telling, the idealistic technique and a personal, happy tone. The tone reflects his own kindliness and good humor. He can be called a 'charmer'. Like some, he is not severe or objective, but tender and sympathetic with the misfortunes of humble people. What he lacks in technique and form, he makes up by his humanism and style. His style is at once spontaneous, charged, swift and sweeping, and often approaches the qualities of a poem in prose.

The story "A Road a Quarter Mile Long" belongs to the best. An essay-type, it is written in a restrained vein. By narrating the day-to-day happenings on a road, the author alludes to the misery, poverty, privation and anguish as well as the simplicity and credulity of the Indian people.

# UNIT XI

## A ROAD A QUARTER MILE LONG

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | کچہری | kacahrī | s.f. | court of justice, tribunal; public office |
| 2 | Law College (s.m.) | | | |
| 3 | فرلانگ | farlā̃g | s.f. | furlong, a measure of distance equal to one-eighth of a mile |
| 4 | سڑک | saṛak | s.f. | street, road |
| 5 | پیدل | paidal | adv. | walking, on foot |
| 6 | سائیکل | sāikil | s.f. | bicycle |
| 7 | سوکھا | sūkhā | adj. | dry, parched, withered |
| 8 | حُسن | husn | s.m. | beauty, pleasantness |
| 9 | ٹہنی | ṭahnī | s.f. | small branch, twig |
| 10 | گدھ | gidh | s.m. | vulture |
| 11 | جھنڈ | jhunḍ | s.m. | crowd; flock, herd |
| 12 | کول تار | kol-tār | s.f. | coal-tar, asphalt |
| 13 | بچھنا | bichnā | v.i. | to be spread |
| 14 | بو | bū | s.f. | smell, odor |

# دو فرلانگ لمبی سڑک

کچہریوں سے لے کر لا کالج[2] تک بس یہی کوئی دو فرلانگ لمبی سڑک ہوگی۔ ہر روز مجھے اِسی سڑک پر سے گزرنا ہوتا ہے۔ کبھی پیدل، کبھی سائکل پر۔ سڑک کے دونوں طرف سوکھے سوکھے اُداس سے درخت کھڑے ہیں۔ اُن میں نہ حُسن ہے نہ چھاؤں۔ ٹہنیوں پر گدھوں کے جُھنڈ ہیں۔ سڑک صاف سیدھی اور سخت ہے۔ میں نو[(۹)] سال سے اِس پر چل رہا ہوں۔ سخت پتھروں سے یہ سڑک تیّار کی گئی ہے اور اب اِس پر کول تار بچھی ہے۔ جس کی عجیب سی بو گرمیوں میں طبیعت کو پریشان کر دیتی ہے۔

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | چوڑا | cauṛā | adj. | broad, wide |
| 2 | بُرادہ | burāda | s.m. | sawdust; filing |
| 3 | ڈھنپنا | ḍhãpnā | v.i. | to be covered |
| 4 | سُرخ | surx | adj. | red |
| 5 | بجری | bajrī | s.f. | gravel |
| 6 | گِنانا | ginānā | v.t. | to get counted |
| 7 | دوست | dost | s.m. | friend |
| 8 | قریب | qarīb | adv. | near, close |
| 9 | پاس | pās | adv. | near, close |
| 10 | گاڑی | gāṛī | s.f. | cart, vehicle |
| 11 | موٹر | moṭar | s.f. | automobile |
| 12 | روز | roz | s.m. | day |
| 13 | نشان | nishān | s.m. | mark, trade; sign; proof |
| 14 | سطح | sat-h, satah | s.f. | surface |
| 15 | Eurasian | | | |
| 16 | ٹھیکیدار | ṭheke-dār | s.m. | contractor |

سڑکیں تو میں نے بہت دیکھی ہیں۔ لمبی لمبی، چوڑی چوڑی سڑکیں، بُرادے سے ڈھنپی ہوئی سڑکیں، سڑکیں جن پر سُرخ بجری بچھی ہوئی تھی، مگر نام گنانے سے کیا فائدہ۔ جتنی اچھی طرح میں اِس سڑک کو جانتا ہوں، کسی اپنے گہرے دوست کو بھی اُتنی اچھی طرح نہیں جانتا۔ ہر صبح اپنے گھر سے جو کچہریوں کے قریب ہی ہے، اُٹھ کر دفتر جاتا ہوں جو لا کالج کے پاس ہی ہے۔

اِس کا رنگ کبھی نہیں بدلتا۔ سینکڑوں ہزاروں اِنسان، گھوڑے گاڑیاں، موٹریں اِس پر سے ہر روز گُزر جاتی ہیں اور پیچھے کوئی نشان باقی نہیں رہتا۔ اِس کی ہلکی نیلی سطح اُسی طرح سخت ہے، جیسی پہلے روز تھی جب ایک یوریشین[15] ٹھیکیدار نے اِسے بنایا تھا۔

یہ کیا سوچتی ہے؟ یا شاید یہ سوچتی ہی نہیں۔
میرے سامنے ہی اِن نو (۹) برسوں میں اِس نے کیا کیا

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | حادثہ | hādisa | s.m. | incident; accident, mishap |
| 2 | اندھا | andhā | adj. | blind |
| 3 | محتاج | mohtāj | adj. | needy, poor |
| 4 | فقیر | faqīr | s.m. | beggar; religious mendicant |
| 5 | ترس کرنا | tars karnā | | to feel pity, to show mercy |

6 /bābā/ : a term of address used by beggars in addressing a person and vice versa; lit. "father, old man"

7 /koī...nahī̃/ : "isn't there any devout person (who will give me something for the love of God)?"; lit. "isn't there any one beloved by God"?

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 8 | لنجا | lunjā | adj. | crippled, lame |
| 9 | تیوری چڑھانا | tewarī caṛhānā | v.t. | to raise or to knit the brow, to frown |
| 10 | حرام زادہ | harām zāda | adj. | bastard, illegitimate |
| 11 | مشٹنڈہ | mushṭanḍa | adj. | strong bodied, robust (used in a derogatory sense of one who does not want to do any work) |
| 12 | بھیک | bhīk | s.f. | alms, charity; begging |
| 13 | امیر | amīr | adj. | rich |
| 14 | شان دار | shān-dār | adj. | splendid, grand, pompous |
| 15 | فٹن | fitan | s.f. | horse carriage, coach |
| 16 | بھکارن | bhikāran | s.f. | a woman beggar |

واقعات اور حادِثے دیکھے۔ لیکن کسی نے اِسے مُسکراتے نہیں دیکھا، نہ روتے ہی۔

"ہائے بابو! اندھے مُحتاج، غریب فقیر پر ترس کر جاؤ رے بابا[6]! اے بابو! خُدا کے لیے ایک پَیسہ دیتے جاؤ رے بابا۔ ارے کوئی بھگوان کا پیارا نہیں[7]۔"

بیسیوں فقیر اِسی سڑک کے کِنارے بیٹھے رہتے ہیں۔ کوئی اندھا ہے تو کوئی لُنجا۔ کوئی پَیسہ دے دیتا ہے، کوئی تیوری چڑھائے گُزر جاتا ہے۔ کوئی گالیاں دے رہا ہے: "حرام زادے، مُشٹنڈے، کام نہیں کرتے۔ بھیک مانگتے ہیں۔"

دو[۲] لڑکے سائکل پر سوار ہنستے ہوئے جارہے ہیں۔ ایک بُوڑھا امیر آدمی اپنی شان دار فِٹن میں بیٹھا سڑک پر بیٹھی ہوئی بِھکارن کی طرف دیکھ رہا ہے اور اپنی

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | مونچھ | mū̃ch | s.f. | moustache |
| 2 | تاؤ دینا | tāo denā | v.t. | to twist, curl |
| 3 | سُست | sust | adj. | slow, lazy; weak |
| 4 | کُتّا | kuttā | s.m. | dog |
| 5 | پہیہ | pahiya | s.m. | wheel |
| 6 | بہنا | bahnā | v.i. | to flow |
| 7 | سُنسان | sunsān | adj. | deserted; desolate |
| 8 | تانگا | tā̃gā | s.m. | a small two-wheeled carriage with one seat facing forward and one seat facing backward drawn by one horse |
| 9 | ستانا | sastānā | v.t. & i. | to rest |
| 10 | اونگھنا | ū̃ghnā | v.i. | to doze, feel drowsy |
| 11 | police (s.f.) | | | |
| 12 | سپاہی | sipāhī | s.m. | policeman; soldier |
| 13 | چالان | cālān | s.m. | ticket (for a violation) |
| 14 | ہجور | hajūr | s.m. | lower-class mispronunciation of /huzūr/ : Your Majesty, Highness |
| 15 | تھانہ | thāna | s.m. | police station |
| 16 | مُعاف کرنا | muāf karnā | v.t. | to pardon, forgive, excuse |

اُنگلیوں سے مونچھوں کو تاؤ دے رہا ہے۔ ایک سُست کُتّا فِٹن کے پہیوں کے نیچے آگیا ہے اور سڑک پر خون بہہ رہا ہے۔

---

پھر کبھی سڑک سُنسان ہو جاتی ہے۔ صرف ایک جگہ درخت کی چھاؤں میں ایک تانگے والا گھوڑے کو ستا رہا ہے۔ گدھ ٹہنیوں پر بیٹھے اونگھ رہے ہیں۔

11

پولیس کا سپاہی آتا ہے۔

"او تانگے والے! یہاں کھڑا کیا کر رہا ہے؟ کیا نام ہے تیرا؟ کر دوں چالان۔"

"ہجور!"

"ہجور کا بچّہ! چل تھانے۔"

"ہجور!"

"یہ تھوڑا ہے۔ اچھا جا، تجھے مُعاف کیا۔"

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | دَوڑانا | dauṛānā | v.t. | to make (something or someone) run |
| 2 | گورا | gorā | adj. | a European, white person |
| 3 | ٹیڑھا | ṭeṛhā | adj. | slanted; crooked |
| 4 | ٹوپی | ṭopī | s.f. | cap, hat |
| 5 | چھڑی | chaṛī | s.f. | cane, stick |
| 6 | dance (s.m.) | | | |
| 7 | cantonment (s.f.) | | | |
| 8 | /sāb/ common mispronunciation of /sāhib/ : "sir" | | | |
| 9 | /bakṭā/ anglicized pronunciation of /baktā/. /baknā/ : "to jabber, talk foolishly" | | | |
| 10 | مُعافی مانگنا | muāfī mā̃gnā | v.t. | to beg pardon, to apologize |
| 11 | مَیلا | mailā | adj. | dirty, soiled |
| 12 | پگڑی | pagṛī | s.f. | turban |

تانگے والا تانگے کو دَوڑائے جا رہا ہے۔ راستے میں ایک گورا آ رہا ہے۔ سر پر ٹیڑھی ٹوپی، ہاتھ میں چھڑی، لبوں پر کسی ڈانس[6] کا سُر۔

"کھڑا کر دو، کنٹونمنٹ[7]۔"

"آٹھ آنے صاب[8]۔"

"چھ آنے۔"

"نہیں صاب۔"

"کیا بکتا[9] ہے تم۔"

تانگے والے کو مارتے مارتے چھڑی ٹوٹ جاتی ہے۔ لوگ اکٹھے ہو رہے ہیں۔ پولیس کا سپاہی بھی پہنچ گیا ہے۔ "حرام زادے، صاب سے معافی مانگو۔"

تانگے والا اپنی مَیلی پگڑی سے آنسو پونچھ رہا ہے۔

لوگ چلے جاتے ہیں۔

اب سڑک پھر سُنسان ہے۔

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | بھرتی ہونا | bhartī honā | v.i. | to be admitted, be enrolled (in the army, in this case) |
| 2 | جنگ | jang | s.f. | war |
| 3 | بخار | buxār | s.m. | fever |
| 4 | ٹلنا | ṭalnā | v.i. | to disappear, to go away |
| 5 | حکیم | hakīm | s.m. | a physician dealing in the Indian system of medicine |
| 6 | دوا | dawā | s.f. | medicine, a remedy |

7 /rām rām/ : a greeting used among Hindus (worshipers of Rāma)

شام ہوگئی ہے۔ میں نے دیکھا کہ کچہریوں کے قریب چند مزدور میلے لباس پہنے باتیں کر رہے ہیں۔

"بھیا بھرتی ہوگیا؟"

"ہاں۔ سنا ہے جنگ شروع ہونے والی ہے۔"

"کب شروع ہوگی؟"

"کب! اِس کا تو پتا نہیں۔ مگر ہم غریب ہی تو مارے جائیں گے۔"

"کون جانے غریب مارے جائیں گے یا امیر۔"

"ننھا کیسا ہے؟"

"بخار نہیں ٹلتا۔ کیا کریں۔ اِدھر جیب میں پیسے نہیں۔ اُدھر حکیم سے دوا ... "

"بھرتی ہو جاؤ۔"

"سوچ رہے ہیں۔"

"رام رام!"

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | دھوتی | dhotī | s.f. | a cloth worn wrapped around the waist, passing between the legs and tucked in behind |
| 2 | تھکنا | thaknā | v.i. | to be tired, to get tired |
| 3 | بیماری | bīmārī | s.f. | sickness, illness |
| 4 | بجلی | bijlī | s.f. | lightning; electricity, electric light, power |
| 5 | زرد | zard | adj. | pale, yellow |
| 6 | ٹوکرا | ṭokrā | s.m. | large basket |
| 7 | خچّر | xaccar | s.m. | a mule |
| 8 | جھرّی | jhurrī | s.f. | wrinkle |
| 9 | مدّھم | maddham | adj. | slow, faint |
| 10 | روٹی | roṭī | s.f. | flat, round Indian bread; same as /capātī/ : loosely used for meals, food |
| 11 | باولا | bāwalā | adj. | crazy, insane |

پھٹی ہوئی دھوتیاں، ننگے پاؤں، تھکے ہوئے قدم،
یہ کیسے لوگ ہیں! یہ کیسی عجیب باتیں ہیں! پیٹ، بھوک،
بیماری، پیسے، حکیم کی دوا، جنگ!

---

بجلی کی زرد زرد روشنی سڑک پر پڑ رہی ہے۔
دو عورتیں ایک بوڑھی ایک جوان، اپلوں کے
ٹوکرے اٹھائے خچّروں کی طرح چلی جا رہی ہیں۔ جوان
عورت کی چال تیز ہے۔

"بیٹی، میں ... ذرا ٹھہر تو۔" بوڑھی عورت کے چہرے
پر جھرّیاں ہیں۔ اُس کی چال مدّھم ہے۔

"بیٹی، میں، ذرا ٹھہر، میں تھک گئی ... میرے اللہ۔"

"اماں، ابھی گھر جا کر روٹی پکانی ہے۔ تو تو باولی
ہوئی ہے۔"

"اچھا بیٹی۔ اچھا بیٹی۔"

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | لمحہ | lamha | s.m. | moment, minute |
| 2 | غم | g̈am | s.m. | grief, sadness, sorrow |
| 3 | نوخیز | nau-xez | adj. | teen-aged; young, fresh, tender |
| 4 | بھڑکیلا | bhaṛkīlā | adj. | bright, gorgeous, showy |

5 /bā̃hõ...ḍāle hue/ : "arm in arm"

6 Simla Pahāṛī = Simla Hill (s.f.), a picnic spot; Simla is a hill station in the Panjab

7 Lawrence Garden (s.m.)

8 Anārkalī, a name for a fashionable shopping center; lit. "pomegranate bud"

بُوڑھی عورت جوان عورت کے پیچھے بھاگتی ہوئی
جا رہی ہے۔ بوجھ کے مارے اُس کی ٹانگیں کانپ رہی
ہیں۔

وہ صدیوں سے اِسی سڑک پر چل رہی ہے۔
اُپلوں کا بوجھ اُٹھائے ہوئے۔ کوئی اُس کا بوجھ ہلکا
نہیں کرتا۔ کوئی اُسے ایک لمحہ سستانے نہیں دیتا۔ وہ
بھاگی ہوئی جا رہی ہے۔ اُس کی ٹانگیں کانپ رہی
ہیں۔ اُس کی جھُرّیوں میں غم ہے اور بھوک ہے۔

---

تین چار نَوخیز لڑکیاں بھڑکیلی ساڑھیاں پہنے،
بانہوں میں بانہیں ڈالے ہوئے[5] جا رہی ہیں۔
"بہن! آج شملہ پہاڑی[6] کی سَیر کریں۔"
"بہن! آج لارنس گارڈن[7] چلیں۔"
"بہن! آج انارکلی[8]!"

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | Regal | | | |
| 2 | shut up, you fool | | | |
| 3 | جھنڈی | jhaṇḍī | s.f. | small flag, bunting |
| 4 | آمد | āmad | s.f. | arrival, coming |
| 5 | پپڑی | papṛī | s.f. | thin crust |
| 6 | جمنا | jamnā | v.i. | to become set, fixed, hard; to congeal |
| 7 | دھوپ | dhūp | s.f. | sun |
| 8 | تمتمانا | tamtamānā | v.i. | to be sunburned, to flush |
| 9 | (کا) انتظار کرنا | (kā) intizār karnā | v.t. | to wait (for) |
| 10 | چُپ | cup | adj. | silent |

"ریگل!"[1]

"شٹ اپ، یو فول!"[2]

---

آج سڑک پر سُرخ بجری بچھی ہے۔ ہر طرف جھنڈیاں لگی ہوئی ہیں۔ پولیس کے سپاہی کھڑے ہیں۔ کسی بڑے آدمی کی آمد ہے۔ اِسی لیے تو اِسکولوں کے چھوٹے چھوٹے لڑکے نیلی پگڑیاں باندھے سڑک کے دونوں طرف کھڑے ہیں۔ اُن کے ہاتھوں میں چھوٹی چھوٹی جھنڈیاں ہیں۔ اُن کے لبوں پر پپڑیاں جم گئی ہیں۔ اُن کے چہرے دھوپ سے تمتما اُٹھے ہیں۔ اِسی طرح کھڑے کھڑے وہ ڈیڑھ گھنٹے سے بڑے آدمی کا اِنتظار کر رہے ہیں۔ جب وہ پہلے پہلے یہاں سڑک پر کھڑے ہوئے تھے تو ہنس ہنس کر باتیں کر رہے تھے۔ اب سب چُپ ہیں۔ چند لڑکے ایک درخت

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | گھورنا | ghūrnā | v.t. | to stare, to gaze intently |
| 2 | ٹھیک کرنا | ṭhīk karnā | v.t. | to set right, fix properly |
| 3 | شلوار | shalwār | s.f. | a kind of baggy trouser with a narrow cuff |
| 4 | اٹکنا | aṭaknā | v.i. | to be entangled; to stick |
| 5 | اِزار بند | izār band | s.m. | trouser-strings |
| 6 | لٹکنا | laṭaknā | v.i. | to hang |
| 7 | سمجھانا | samjhānā | v.t. | to make understand, to explain, to scold |

8 /māsṭar jī/ : "Teacher!"

9 /ye bhī...hai/ : "do you think this is your own house"

10 /ab chuṭṭī huā cāhtī hai/ : same as /ab chuṭṭī hone wālī hai/ : "leave is about to be given". The m.sg. form of the past participle, plus the verb /cāhnā/, expresses action about to occur.

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 11 | پیاس | pyās | s.f. | thirst; /X ko pyās lagī/ : "X is thirsty" |

کی چھاؤں میں بیٹھ گئے تھے۔ اب اُستاد اُنھیں کان سے پکڑ کر اُٹھا رہا ہے۔ شفیع کی پگڑی کھُل گئی تھی۔ اُستاد اُسے گھُور گھُور کہہ رہا ہے: "او شفی! پگڑی ٹھیک کر"۔ پیارے لال کی شلوار اُس کے پاؤں میں اٹک گئی ہے اور اِزار بند جوتیوں تک لٹک رہا ہے۔

"تمھیں کتنی بار سمجھایا ہے پیارے لال!"

"ماسٹر جی[8] پانی!"

"پانی کہاں سے لاؤں! یہ بھی تم نے اپنا گھر سمجھ رکھا ہے[9]۔ دو تین منٹ اور اِنتظار کرو۔ بس ابھی چھٹی ہُوا چاہتی ہے[10]"۔

دو منٹ، تین منٹ، آدھا گھنٹہ۔

"ماسٹر جی پانی!"

"ماسٹر جی پانی!"

"ماسٹر جی بڑی پیاس لگی ہے"۔

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | مُتوجّہ ہونا | mutawajje honā | v.i. | to pay attention, to notice, to heed |
| 2 | دَوڑنا | dauṛnā | v.i. | to run |
| 3 | /laṛko/ : "boys!"; the /-o/ ending (of the vocative plural case) is added to nouns when they are used in calling or addressing people | | | |
| 4 | ہوشیار | hoshiyār | adj. | attentive; clever; good |
| 5 | ہلانا | hilānā | v.t. | to wave; to shake |
| 6 | ابے | abe | intj. | you rascal, you fellow |
| 7 | قطار | qatār | s.f. | line, row |
| 8 | بدمعاش | bad-māsh | adj. | rascal, hoodlum, bad character |
| 9 | سواری | sawārī | s.f. | cavalcade |
| 10 | جان میں جان آنا | jān mẽ jān ānā | | to feel revived, alive |
| 11 | اُچھلنا | uchalnā | v.i. | to hop, jump |
| 12 | بھنگی | bhangī | s.m. | sweeper (a member of the caste whose hereditary occupation is the removal of filth of all kinds) |
| 13 | جھاڑو دینا | jhāṛū denā | v.t. | to sweep; /jhāṛū/ s.f. broom |
| 14 | بندھنا | bandhanā | v.i. | to be tied, fastened |
| 15 | بَیل | bail | s.m. | ox |
| 16 | کولھو | kolhū | s.m. | an oil press, a press |

لیکن اُستاد اب اُس طرف متوجّہ ہی نہیں ہوتے۔
وہ اِدھر اُدھر دَوڑتے پھر رہے ہیں۔ "لڑکو! [3] ہوشیار
ہو جاؤ، دیکھو جھنڈیاں اِس طرح ہِلانا۔ ابے تیری
جھنڈی کہاں ہے؟ قطار سے باہر ہو جا، بدمعاش
کہیں کا ... سواری آرہی ہے۔"

.....

بڑا آدمی سڑک سے گزر گیا۔ لڑکوں کی جان
میں جان آگئی ہے۔ اب وہ اُچھل اُچھل کر جھنڈیاں
توڑ رہے ہیں۔ شور مچا رہے ہیں۔

---

صبح کی ہلکی ہلکی روشنی میں بھنگی جھاڑو دے رہا ہے۔
اُس کے مُنہ اور ناک پر کپڑا بندھا ہے۔ جیسے بَیلوں
کے مُنہ پر، جب وہ کولھو چلاتے ہیں۔
سڑک کے کنارے ایک بوڑھا فقیر مَرا پڑا ہے۔

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | بے نور | be-nūr | adj. | without light |
| 2 | تکنا | taknā | v.t. | to look steadfastly, to fix one's gaze |
| 3 | ٹس سے مس نہ ہونا | ṭas se mas na honā | | to remain unaffected, unmoved |
| 4 | dynamite (s.m.) | | | |
| 5 | اُڑانا | uṛānā | v.t. | to blow up; lit. to make fly |

اُس کی کھُلی ہوئی بے نُور آنکھیں آسمان کی طرف تک رہی ہیں۔

"خُدا کے لیئے مجھ غریب پر ترس کر جاؤ رے بابا۔"

کوئی کسی پر ترس نہیں کرتا۔ سڑک خاموش اور سُنسان ہے۔ یہ سب کچھ دیکھتی ہے، سُنتی ہے، مگر ٹس سے مس نہیں ہوتی۔

اکثر میں سوچتا ہوں کہ اگر اِسے ڈائنامائٹ[4] لگاکر اُڑا دیا جائے تو پھر کیا ہو۔ اِس کے ٹکڑے اُڑ جائیں گے۔ اُس وقت مجھے کتنی خوشی حاصِل ہوگی۔ اِس کا کوئی اندازہ نہیں کرسکتا۔

---

سڑک خاموش ہے اور سُنسان۔ بلند ٹہنیوں پر گِدھ بیٹھے اونگھ رہے ہیں۔ یہ دوٗ[۲] فرلانگ لمبی سڑک!

(کرشن چندر)

Sayyid Ābid Husain (born 1896) writes in both Urdu and English, and his role has been a dual one. He has widely translated from English and German and, at the same time, has made original contributions to Urdu. His favorite subject is the history of Indian culture and the role of the Indian Muslims in the national life of the country. His approach to history and literature is marked by Gandhian influences.

Son of a well-to-do family in Bhopal, he studied at the universities of Allahabad and Aligarh and went to Oxford for higher learning. After spending some time there, he moved to Germany, where he completed his D.Phil. at the Berlin University. Here he met Dr. Zākir Husain and Muhammad Mujeeb, and the three established contacts with Hakīm Ajmal Khān, the national leader of Indian Muslims and a great friend of Mahātamā Gāndhī. Thus was formed the trio which later in India played a leading role in shaping the destiny of the Jāmia Millia Islāmia, the National Muslim University, New Delhi. Sayyid Ābid Husain's stay at Oxford and Germany gave him the necessary opportunity to see Indian life in relation to western progress and to appreciate the Indian struggle for freedom.

During this period he came under the spell of Mahātamā Gāndhī's thought, and the impact was so deep that it became a guiding force for a lifetime of dedication to the cause of nation. On his return to India, he joined the Jāmia Millia Islāmia in 1926 as professor of philosophy and Urdu literature, and pledged his life to the Jāmia's service for a meager subsistence pay.

Sayyid Ābid Husain's early translations included Goethe's _Faust_, G.B. Shaw's _St. Joan_, _Selected Dialogues of Plato_, Kant's _Critique of Pure Reason_, and De Boer's _History of Philosophy in Islam_. These were followed by translations of the works of Mahātamā Gāndhī and Jawāhar Lāl Nehrū, which were an immediate success and established his position among the outstanding Urdu writers. He devoted much of his energy and time to the preparation of Maulavī Abdul Haq's _The Standard English-Urdu Dictionary_, but was not really given due credit for it.

Though Sayyid Ābid Husain possesses a lively sense of humor and enjoys select company, he lives a reserved life as a 'galley-slave of letters', giving all his time to his writing. With meticulous attention to securing the absolutely right word in the right place, he has developed a style pregnant with meaning, but disarmingly simple and direct. As assiduous as Hālī (died 1914) (to whose great-granddaughter he is married) and also a perfectionist, Sayyid Ābid Husain has spent years on each of the few, yet excellent, original books that he has finally produced. He labored for over a decade on his three volumes of _The National Culture of India_,

whose second and abridged edition after the freedom of India was in 1956 accorded the highest literary award by the Sāhitya Akādemī, the National Academy of Letters. His other notable books are The Way of Gāndhī and Nehrū and The Destiny of Indian Muslims. He has been a member of the Official Language Commission and of the National Commission for Co-operation with UNESCO for a number of years. He was awarded Padma Bhūshan by the President of India in 1957. At present he is literary adviser to the All India Radio.

His classic economy of expression, restraint of emotion, detached, objective point of view, and a highly developed sense of simplicity have made his prose a model for all times. The following excerpt is from Talāsh-e-Haq, his translation of Mahātamā Gāndhī's Autobiography: The Story of My Experiments with Truth. This sums up Gāndhī's views on control over desire.

# U N I T  XII

## C E L I B A C Y

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | (کا) پابند ہونا | (kā) pāband honā | v.i. | to be bound (by), tied down (to); to stick (to) |
| 2 | وفادار | wafādār | adj. | faithful, true, loyal; sincere |
| 3 | حق | haq | s.m. | truth, right |
| 4 | جنوبی افریقہ | janūbī afrīqa | | South Africa |
| 5 | /ye(h) haqīqat mujh par...khulī/ : "this fact became apparent to me" | | | |
| 6 | برہمچریہ | brahm-carya | s.m. | continence, austerity, religious self-restraint |
| 7 | برتنا | baratnā | v.t. | to practise, use |
| 8 | ضروری | zurūrī | adj. | necessary; essential |
| 9 | Mr. Gladstone, (William Ewart) 1809-1898 A.D., four times prime minister of England | | | |
| 10 | میاں بیوی | miyā̃ bīvī | s.m. pl. | husband and wife |
| 11 | چیز | cīz | s.f. | thing |

# برہمچریہ

میں شادی کے بعد سے ایک بیوی کا پابند تھا۔ کیونکہ بیوی کا وفادار رہنا بھی حق کی محبّت کا ایک جُز ہے ۔ مگر یہ حقیقت مجھ پر جنوبی افریقہ آنے کے بعد کھُلی[5] کہ بیوی سے "برہمچریہ" برتنا ضُروری ہے۔

میں نے کہیں پڑھا تھا کہ مسٹر گلیڈ اسٹون[9] کی بیوی اُن کے لیے پارلیمنٹ میں خود چائے بناتی ہیں۔ میں نے یہ واقعہ رائے چند بھائی سے بیان کیا اور اِسی سِلسلے میں کہا: "میاں بیوی کی محبّت بھی کیا اچھّی چیز ہے"۔ اُنھوں نے مجھ سے پوچھا: "تم اِن دونوں چیزوں میں سے کسے زیادہ اچھّا سمجھتے ہو، اُس

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | خاتون | xātūn | s.f. | noblewoman, lady |
| 2 | انجام دینا | anjām denā | v.t. | to perform |
| 3 | فرض کرنا | farz karnā | v.t. | to suppose |
| 4 | الفاظ | alfāz | s.m. | words; pl. of /lafz/ |
| 5 | تلخ | talx | adj. | bitter; pungent; sad |
| 6 | وفا داری | wafādārī | s.f. | loyalty, faithfulness; sincerity |
| 7 | شہوت رانی | shahwatrānī | s.f. | lust, sensuality; debauchery |
| 8 | ذریعہ | zarīa | s.m. | means, tool |
| 9 | اِنصاف | insāf | s.m. | justice |
| 10 | ترغیب دلانا | targīb dilānā | v.t. | to tempt, incite, instigate; stimulate, excite |
| 11 | دِل پر رکھنا | dil par rakhnā | v.t. | to resolve; lit. to take on one's heart |
| 12 | عہد | ahd | s.m. | vow, oath, promise; bond |

محبّت کو جو یہ خاتون ، بیوی کی حیثیت سے مسٹر گلیڈ اسٹون سے رکھتی ہیں ، یا اُس خدمت کو جو بغیر اُن تعلّقات کے انجام دیتی ہیں۔ فرض کرو وہ اُن کی بہن یا خادمہ ہوتیں اور اُن کا اتنا ہی خیال رکھتیں جتنا اب رکھتی ہیں تو کیا تم اُن کی تعریف کرتے؟"

رائے چند بھائی کی بھی شادی ہو چکی تھی۔ اُس وقت اُن کے الفاظ بہت تلخ معلوم ہوئے تھے ، مگر اُنھوں نے میرے دل پر گہرا اثر کیا۔

میں نے اپنے دل میں سوچا ، تو مجھے اپنی بیوی سے کس طرح کا تعلّق رکھنا چاہیے۔ کیا وفاداری اِسی کا نام ہے کہ میں اُسے اپنی شہوت رانی کا ذریعہ بناؤں۔ اِنصاف کی یہ بات ہے کہ میری بیوی کبھی مجھے ترغیب نہیں دلاتیں۔ اِس لیے اگر میں دل پر رکھ لوں تو برہمچریہ کا عہد کرنا کوئی بڑی بات نہیں۔

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | دِقّت | diqqat | s.f. | trouble, difficulty, inconvenience; distress |
| 2 | (کی) وجہ سے | (kī) waja(h) se | ppn. | on account (of), because (of), due (to) |
| 3 | ناکامی | nākāmī | s.f. | failure, disappointment |
| 4 | سبب | sabab | s.m. | reason, cause |
| 5 | اعلیٰ | ālā | adj. | high, lofty; eminent; chief, principal |
| 6 | جذبہ | jazba | s.m. | ideal; emotion, desire |
| 7 | مقصد | maqsad | s.m. | aim, object, purpose |
| 8 | بہرحال | ba-har hāl | adv. | anyhow, somehow or other, by all means |
| 9 | ضبطِ نفس | zabt-e-nafs | s.m. | continence, control of sensual desires |
| 10 | کٹھن | kaṭhin | adj. | difficult |
| 11 | بستر | bistar | s.m. | bed, bedding |
| 12 | تھک کر چور ہونا | thak kar cūr honā | | to be completely exhausted, dead tired |
| 13 | کارگر | kār-gar | adj. | effective, successful, serviceable, useful |
| 14 | قطعی | qat-ī | adj. | final, definitive |

جو کچھ دِقّت ہے وہ میری وجہ سے ہے۔ یہ احساس پیدا ہونے کے بعد بھی مجھے دوبارہ ناکامی ہوئی۔ اِس ناکامی کا سبب یہ ہوا کہ میری کوشش کے پیچھے کوئی اعلیٰ جذبہ نہ تھا۔ میرا اصل مقصد یہ تھا کہ اور بچّے نہ ہوں۔

بہرحال میں ضبطِ نفس کی کوشش کرتا رہا۔ یہ بڑا کٹھن کام تھا۔ ہم میاں بیوی الگ الگ کمروں میں سونے لگے۔ میں نے یہ کوشش کی کہ بستر پہ اُس وقت تک نہ جاؤں گا، جب تک دن بھر کے کام سے تھک کر چوُر نہ ہوجاؤں گا۔ اُس وقت یہ کوششیں زیادہ کارگر نہیں معلوم ہوتی تھیں۔ لیکن اِن ناکام کوششوں کا اثر آہستہ آہستہ ہوتا رہا اور آخری فیصلہ اِن ہی کا نتیجہ تھا۔

قطعی اِرادہ میں نے کہیں ۱۹۰۶ء میں کیا۔ میں

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | جنگِ بوئر | jang-e-boer | | the Boer War |
| 2 | زولو بغاوت | zūlū bag̃āvat | | the Zulu Revolt |
| 3 | Natal | | | |
| 4 | Johannesburg | | | |
| 5 | وکالت | wakālat | s.f. | legal practice; the legal profession |
| 6 | Phoenix | | | |
| 7 | ambulance corps | | | |
| 8 | زندگی | zindagī | s.f. | life |
| 9 | اہم | ahm | adj. | important |
| 10 | دروازہ | darwāza | s.m. | door |
| 11 | کھلنا | khulnā | v.i. | to open, be opened |
| 12 | مضبوط | mazbūt | adj. | firm, strong |
| 13 | شک | shak | s.m. | doubt, suspicion |
| 14 | ترغیب | targ̃īb | s.f. | temptation, incitement, arousal |
| 15 | گرفتار | giriftār | adj. | captive, imprisoned, prisoner |
| 16 | (سے) مشورہ کرنا | (se) mashwara karnā | v.t. | to consult (with) |
| 17 | بے جھجھک | be jhijhak | adv. | without hesitation; openly |
| 18 | منظور کرنا | manzūr karnā | v.t. | to accept, agree |
| 19 | سہل | sahl | adj. | easy, simple |

جنگِ بوئر کے تھوڑے دن بعد زولو بغاوت کے زمانے میں نٹال[3] کے شہر جوہانسبرگ[4] میں وکالت کر رہا تھا۔ بغاوت کے دنوں ہی میں اپنے بیوی بچوں کو فینکس[6] لے گیا اور وہاں ایمبولینس کور[7] میں کام کرنے لگا۔ اُس مُہم میں میرے کُل چھ(۲) ہفتے لگے۔ مگر یہ زمانہ میری زندگی کے لیے بہت اہم تھا۔ اب مجھے یہ معلوم ہوگیا کہ عہد سے سچّی آزادی کا دروازہ بند نہیں ہوتا بلکہ کُھلتا ہے۔ اب تک مجھے کامیابی نہ ہونے کی وجہ یہ تھی کہ میرا اِرادہ مضبوط نہ تھا اور میرے دل میں شک تھا۔ میں نے دیکھا کہ عہد نہ کرنے سے اِنسان ترغیبوں میں گرِفتار ہوجاتا ہے۔ میں نے برہمچریہ کا عہد کرتے وقت اپنی بیوی سے مشورہ کیا۔ اُنھوں نے بے جھجھک منظور کرلیا۔ مگر آخری فیصلہ کرنا میرے لیے سہل نہ تھا۔ اُس زمانے میں یہ بات عجیب معلوم

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | شوہر | shauhar | s.m. | husband; master |
| 2 | ہم بستری | ham-bistarī | s.f. | going to bed (with = /se/) |
| 3 | ترک کرنا | tark karnā | v.t. | to abandon, to give up |
| 4 | مدد | madad | s.f. | help |
| 5 | /magar mãĩ...kar guzrā/ : "however invoking God's blessing and relying on his help, I made my resolve once and for all" | | | |
| 6 | دشواری | dushwārī | s.f. | difficulty, obstacle |
| 7 | شرط | shart | s.f. | condition, provision |
| 8 | ذائقہ | zāeqa | s.m. | taste; the sense of taste |
| 9 | (سے) کام لینا | (se) kām lenā | v.t. | to make use (of), to take advantage (of) |

ہوتی تھی کہ شوہر اپنی بیوی سے ہم بستری ترک کردے۔ مگر میں خُدا کا نام لے کر اور اُس کی مدد کا بھروسا کر کے عہد کر گذرا۔[5]

جب میں اِس عہد کے بعد کی زِندگی پر، جسے اب بیس سال ہوگئے، غَور کرتا ہوں تو میرا دل خُوشی اور حَیرت سے بھر جاتا ہے۔ ضبطِ نفس کی کوشِش میں ۱۹۰۱ء سے کر رہا تھا اور اِس میں کسی حد تک کامیابی بھی ہوئی تھی۔ لیکن خوشی اور آزادی کا احساس عہد کرنے کے بعد ہوا، اور وہ پہلے کبھی نہیں ہوا تھا۔ پھر بھی یہ کوئی سہل کام نہ تھا۔ اب چھپّن (۵۶) سال کی عمر میں بھی مجھے اِس کی دُشواریاں محسوس ہوتی ہیں۔

اِس عہد کی پابندی کے لیے پہلی شرط یہ ہے کہ اِنسان ذائقے کے مُعاملے میں ضبطِ نفس سے کام لے۔

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | تجربہ | tajriba | s.m. | experiment, test |
| 2 | برہمچاری | brahmcārī | adj. | celibate |
| 3 | غذا | ġizā | s.f. | food, diet |
| 4 | بے | be | part. | without |
| 5 | مسالہ | masāla | s.m. | spice |
| 6 | پکّا | pakkā | adj. | cooked |
| 7 | بدل | badal | s.m. | substitute |
| 8 | جسم | jism | s.m. | body |
| 9 | نشو و نما | nashv-o-numā | s.f. s.m. | growth, development |
| 10 | آسانی سے | āsānī se | | with ease, easily |
| 11 | ہضم ہونا | hazm honā | v.i. | to be digested |
| 12 | تدبیر | tadbīr | s.f. | plan, device |
| 13 | روزہ | roza | s.m. | fasting, a fast |
| 14 | زور ٹوٹنا | zor ṭūṭnā | v.i. | to be weakened;lit. the power to be broken |
| 15 | تصوّر | tasawwur | s.m. | imaging or picturing (a thing) to the mind, imagination, fancy; idea, reflection |

اپنے تجربے سے میں نے یہ نتیجہ نکالا کہ برہمچاری کی غذا تھوڑی، سادہ، بے مسالے کی، اور ممکن ہو تو بے پکی ہونی چاہیے۔

میرے نزدیک دُودھ کے استعمال سے یقیناً برہمچریہ برتنے میں دُشواری ہوتی ہے لیکن دُودھ کا کوئی ایسا بدل نہیں مل سکا جو جسم کی نشو و نما میں بھی مدد دیتا ہو اور آسانی سے ہضم بھی ہو جاتا ہو۔ اِس لیے میں کسی کو اِس کے چھوڑنے کا مشورہ نہیں دے سکتا۔

برہمچریہ کو مدد دینے کی دُوسری تدبیروں میں سے روزہ بھی اُتنا ہی ضرُوری ہے جتنی غذا کی سادگی۔ ہر شخص جانتا ہے کہ غذا نہ ملنے سے خواہش کا زور ٹوٹ جاتا ہے مگر بعض لوگوں کو اِس سے کچھ فائدہ نہیں پہنچتا، کیوں کہ وہ تصوّر میں طرح طرح کی

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | لذّت | lazzat | s.f. | taste; pleasure, delight |
| 2 | مزہ لینا | maza lenā | v.t. | to enjoy, relish |
| 3 | روزہ کھولنا | roza kholnā | v.t. | to end a fast |
| 4 | قابو میں لانا | qābū mẽ lānā | | to control, check |
| 5 | شہوانی | shahwānī | adj. | sexual, erotic |
| 6 | طالب | tālib | s.m. | seeker |
| 7 | باگ ڈھیلی چھوڑنا | bāg ḍhīlī choṛnā | | to leave a loose rein; to leave uncontrolled |
| 8 | غَیر | ġair | part. | non- ; adj. another, different, strange; foreign, outsider |
| 9 | مثال | misāl | s.f. | example |
| 10 | لُطف اُٹھانا | lutf uṭhānā | v.t. | to enjoy |

لذّتوں کے مزے لیا کرتے ہیں اور ہر وقت سوچا کرتے ہیں کہ جب روزہ کھولیں گے تو یہ کھائیں گے اور یہ پیئیں گے۔ اِس طرح کے روزے سے ذائقے کو قابو میں لانے میں مدد نہیں ملتی اور نہ ہی شہوانی خواہشوں کو دبانے میں۔

برہمچریہ کے بہت سے طالب اِس وجہ سے ناکامیاب ہوتے ہیں کہ دوسری خواہشوں کی باگ وہ اِس طرح ڈھیلی چھوڑ دیتے ہیں جیسے غیر برہمچاری۔ اِس لیے اُن کی مثال اُس شخص کی سی ہے جو گرمی میں یہ کوشش کرتا ہے کہ جاڑے کا لطف اُٹھائے۔ برہمچاری اور غیر برہمچاری کی زندگی میں فرق ہونا چاہیے۔

(مہاتما گاندھی : ترجمہ ڈاکٹر سیّد عابد حسین)

# RASHĪD AHMAD SIDDĪQUĪ

The story of the art and humor of Rashīd Ahmad Siddīquī is the story of the many facets of life at the Aligarh Muslim University. Aligarh is his passion, and writing his adoration. With his extreme individualism, quick mind and a rare sense of humor, he ranks high among the contemporary Urdu essayists and satirists.

Born in Maṛyahu, Jaunpur in 1896, he was educated first at a local school and then went to Aligarh where he worked as a clerk in a local court to sustain his studies at the University. He started teaching at Aligarh in 1922 and settled there permanently. He has recently retired as the Chairman, Department of Urdu. Aligarh to him is a way of life, a mode of thinking. His association with and attachment to Aligarh is told brilliantly in his highly readable autobiography, Āshuftah Bayānī Merī.

Rashīd Ahmad Siddīquī is a perfectionist and concentrates on his subject and style. Mazāmīn-e-Rashīd and Khandān are his two acknowledged masterpieces. The two books Ganjhā-e-Garān Māyah and Ham Nafasān-e-Raftah contain sketches of some of the leading national and literary personalities of this century. He writes a delicately decorated and polished language. His style leans heavily towards the Arabic and Persian usage, yet it is terse and concise rather than heavy and ornate. Through his essays run warm and wide human sympathies, regard for classical values and restrained wit; beneath the blithe surface lies something of the pathos which has made up his life and personality. His writings play up his close associations with life and events at Aligarh, draw openly on his prejudices, and develop the ideas in a rather loose structure. He is read and remembered more for his language and epigrams than for consistent, total essays. His prose is full of ripe wisdom and insight into the universal human ideals and motivations and abounds in succinct, pointed and pithy sayings often with a satiric or paradoxical twist at the end. This quality has made him one of the most quoted contemporary authors in Urdu.

The following selection on charpoy, the Indian bedstead (usually strung with ropes made of the fibres of rush), appears in a sufficiently abridged form and is from the collection Mazāmīn-e-Rashīd.

# U N I T XIII

## C H A R P O Y

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | اوڑھنا بچھونا | oṛhnā-bichaunā | s.m. | necessity of life; lit. "covering and bedding" |
| 2 | پیدا ہونا | paidā honā | v.i. | to be born; to be created |
| 3 | office (s.m.) | | | |
| 4 | جیل خانہ | jel-xāna | s.m. | prison |
| 5 | council (s.f.) | | | |
| 6 | آخرت | āxirat | s.f. | the other world; the world to come |
| 7 | گھٹی میں پڑنا | ghuṭṭī mẽ paṛnā | | to be a thing to which one is used from infancy; /ghuṭṭī/ : an herbal preparation that is traditionally given to newborn babies |
| 8 | اعتماد | etimād | s.m. | reliance, dependence, trust, confidence |
| 9 | I.C.S., Indian Civil Service (s.f.) | | | |
| 10 | جاے پناہ | jā-e-panāh | s.f. | place of refuge, asylum |

# چارپائی

چارپائی اور مذہب ہم ہندُستانیوں کا اوڑھنا بچھونا ہے۔ ہم اِسی پر پَیدا ہوتے ہیں اور یہیں سے اِسکول، آفس[3]، جیل خانے، کونسل[5] یا آخرت کا راستہ لیتے ہیں۔ چارپائی ہماری گھٹّی میں پڑی ہوئی ہے۔ ہم اِس پر دوا کھاتے ہیں اور دُعا بھی مانگتے ہیں۔ ہم کو چارپائی پر اُتنا ہی اعِتماد ہے جتنا برطانیہ کو آئی۔سی۔ایس[9] پر تھا۔

چارپائی ہندُستانیوں کی آخری جاے پناہ

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | فتح | fat-h, fatah | s.f. | victory |
| 2 | شکست | shikast | s.f. | defeat |
| 3 | لیٹنا | leṭnā | v.i. | to lie down, to lie prostrate |
| 4 | گانا | gānā | v.t. | to sing |
| 5 | ریاست | riyāsat | s.f. | princely state |
| 6 | ناموزوں | nāmauzū̃ | adj. | unsuitable, unfit |
| 7 | /kām par lagānā/ : "to employ in work" | | | |
| 8 | /wilāyat pās/ : "foreign qualified"; a person who has taken some academic degree abroad | | | |
| 9 | اسامی | asāmī | s.f. | job, situation, employment |
| 10 | /kānõ tak bāt pahũcānā/ : "to inform"; lit. "to make a thing reach the ears" | | | |
| 11 | جگہ | jagah | s.f. | situation, post, appointment |
| 12 | /lāṭ sāhib/: viceroy; governor general; the highest British office in India. /lāṭ/ is naturalization of the English word lord | | | |
| 13 | (پر) اکتفا کرنا | (par) iktifā karnā | v.t. | to be content (with), rest satisfied (with) |
| 14 | ہل چل | hal-cal | s.f. | commotion, uproar |
| 15 | مچنا | macnā | v.i. | to be aroused, stirred up, excited |
| 16 | civil surgeon (s.m.) | | | |
| 17 | رخصت | ruxsat | s.f. | leave |

ہے۔ فتح ہو یا شکست، وہ جائے گا ہمیشہ چارپائی کی طرف۔ پھر وہ چارپائی پر لیٹ جائے گا، گائے گا یا گالی دے گا۔

چارپائی ریاست کے مُلازِم کی طرح ہے۔ یہ ہر کام کے لیے ناموزوں ہوتا ہے۔ اِس لیے ہر کام پر لگا[7] دیا جاتا ہے۔ ایک ریاست میں کوئی صاحِب 'ولایت پاس[8]' ہوکر آئے۔ ریاست میں کوئی اسامی نہ تھی جو اُن کو دی جاسکتی۔ آدمی سوجھ بوجھ کے تھے۔ راجہ صاحب کے کانوں تک یہ بات پہنچا[10] دی کہ کوئی جگہ نہ ملی تو وہ لاٹ صاحب[12] سے مِلے کر آئے ہیں، راجہ صاحب ہی کی جگہ پر اِکتفا کریں گے۔ ریاست میں ہل چل مچ گئی۔ اِتّفاق سے رِیاست کے سول سرجن[16] رُخصت پر گئے

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | engineer (s.m.) | | | |
| 2 | فالج | fālij | s.m. | paralysis |
| 3 | high court (s.f.) | | | |
| 4 | chief justice (s.m.) | | | |
| 5 | بیمار | bīmār | adj. | sick , ill |
| 6 | میسّر ہونا | muyassar honā | v.i. | to be available; attainable |
| 7 | حاجت | hājat | s.f. | want, need, necessity |
| 8 | پڑیا | puṛiyā | s.f. | anything wrapped up in a paper or leaves |
| 9 | تکیہ | takya | s.m. | a pillow, cushion, bolster |
| 10 | شیشی | shīshī | s.f. | a small bottle |
| 11 | سرہانہ | sarhāna | s.m. | the end of a charpoy on which the head is laid |
| 12 | طبیب | tabīb | s.m. | physician (in the Indian system of medicine) |
| 13 | خدمت گزار | xidmat-guzār | adj. | a willing or faithful servant |
| 14 | بول و براز | bol-o-barāz | s.m. | urine and feces |

ہوئے تھے۔ یہ اُن کی جگہ پر لگا دِیے گئے۔ کچھ دِنوں بعد سول سرجن صاحب واپس آئے تو انجینیر[1] صاحب پر فالج گرا۔ اُن کی جگہ اِن کو دے دی گئی۔ آخری بار یہ خبر سُنی گئی کہ وہ رِیاست کے ہائی کورٹ[3] کے چیف جسٹس[4] ہو گئے تھے۔

یہی حالت چارپائی کی ہے۔ فرق صرف یہ ہے کہ اُن ملازم صاحب سے کہیں زیادہ مفید ہوتی ہے! فرض کیجیے آپ بیمار ہیں۔ سفرِ آخرت کا سامان مُیسّر ہو یا نہ ہو، اگر چارپائی آپ کے پاس ہے تو دنیا میں آپ کو کسی اور چیز کی حاجت نہیں۔ دوا کی پُڑیا تکیے کے نیچے، شیشی سرہانے رکھی ہوئی، بڑی بیوی طبیب، چھوٹی بیوی خِدمت گُزار، چارپائی سے ملا ہوا بول و براز

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | کھلونا | khilaunā | s.m. | toy, plaything |
| 2 | کاغذ | kāġaz | s.m. | paper |
| 3 | محلّہ | mahalla | s.m. | ward or quarter of a town, neighborhood |
| 4 | ایک آدھ | ek ādh | adj. | one or two; lit. one or a half |
| 5 | زُکام | zukām | s.m. | head cold |
| 6 | مُبتلا | mubtalā | adj. | affected; involved |
| 7 | غُسل | ġusl | s.m. | bath |
| 8 | /āp ke dushman/ : lit. "your enemies"--a phrase used euphemistically to mean "you" when saying something inauspicious; the implication is "may this thing happen to your enemies, not to you" | | | |
| 9 | قبرِستان | qabristān | s.m. | graveyard |
| 10 | گھرانا | gharānā | s.m. | household; house, family |
| 11 | drawing room (s.m.) | | | |
| 12 | غُسل خانہ | ġusl xāna | s.m. | bathroom |
| 13 | خیمہ | xaima | s.m. | tent, pavilion |
| 14 | دواخانہ | dawā xāna | s.m. | dispensary |
| 15 | صندُوق | sandūq | s.m. | box, trunk, chest; coffin |
| 16 | حاصِل رہنا | hāsil rahnā | v.i. | to keep on acquiring |
| 17 | دری | darī | s.f. | carpet (made of cotton); a kind of cotton cloth resembling drill |
| 18 | مع | mai | part. | with (is followed by substantive and /ke/) |
| 19 | شیروانی | sherwānī | s.f. | long tight-fitting coat which buttons from collar to hem |
| 20 | bag (s.m.) | | | |
| 21 | بُغچی | buġcī, baġcī | s.f. | a small bundle; alternant /buqcī/ |
| 22 | مُشکِل | mushkil | adj.& s.f. | difficult; difficulty |
| 23 | بے وُقُوف | be-wuqūf, be-waqūf | adj. | foolish, stupid, ignorant |
| 24 | میزبان | mez-bān | s.m. | host, master of the house |
| 25 | بدنصیب | bad nasīb | adj. | ill-fated, unfortunate |

کا برتن، چارپائی کے نیچے میلے کپڑے، بچّوں کے کِھلونے، جھاڑو، کاغذ کے ٹکڑے، گھر یا محلّے کے دو ایک بچّے جن میں ایک آدھ زُکام میں مُبتلا! اچھے ہوگئے تو بیوی نے چارپائی کھڑی کر کے غُسل کرا دیا ورنہ آپ کے دُشمن[8] اِسی چارپائی پر قبرِستان لائے گئے۔

ہندُستانی گھرانوں میں چارپائی کو ڈرائنگ روم[11]، سونے کا کمرہ، غُسل خانہ، قلعہ، خیمہ، دواخانہ صندُوق، کتاب گھر، سب کی حَیثیت حاصِل رہتی ہے۔ کوئی مہمان آیا، چارپائی نکالی گئی۔ اِس پر ایک نئی دری بِچھا دی گئی اور مہمان صاحب مع شیروانی، ٹوپی، بیگ[20]، بُقچی کے بیٹھ گئے اور تھوڑی دیر کے لیے یہ معلوم کرنا مُشکِل ہوگیا کہ مہمان بے وقُوف ہے یا میزبان بدنصیب! چارپائی

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | دھلوانا | dhulwānā | v.t. | to get washed |
| 2 | فراق | firāq | s.m. | separation, disunion (from the beloved) |
| 3 | وصال | wisāl | s.m. | union, meeting; sexual union |
| 4 | تندرستی | tan-durustī | s.f. | health, bodily vigor |
| 5 | (سے) نپٹنا | (se) nipaṭnā | v.t. | to deal (with) |
| 6 | بہ طور | ba-taur | adv. | as; by way of |
| 7 | پاخانہ | pāxāna | s.m. | latrine; toilet |
| 8 | فرش | farsh | s.m. | floor; covering |
| 9 | military tank (s.m.) | | | |
| 10 | کھٹمل | khaṭmal | s.m. | bedbug |
| 11 | (سے) نجات پانا | (se) najāt pānā | v.t. | to get rid (of); /najāt/ s.f. "deliverance" |
| 12 | ترکیب | tarkīb | s.f. | device, plan, method |
| 13 | آسن | āsan | s.m. | position, posture (as in yoga or in sexual intercourse) |
| 14 | تخیّل | taxayyul | s.m. | idea, concept; imagination |
| 15 | /khaṭmalõ se...liyā hai/ : "if you consider all the methods that are used to get rid of bedbugs, and all the different postures that the charpoy is seen in, it would seem that Indians have taken their concept of the Indian wife from the charpoy" | | | |
| 16 | حکومت | hukūmat | s.f. | government, administration |
| 17 | کرتا دھرتا | kartā dhartā | s.m. | head, controller, keeper |
| 18 | براجمان ہونا | brājmān honā | v.i. | to sit in a dignified manner |

ہی پر اُن کا مُنّہ ہاتھ دُھلوایا اور کھانا کِھلایا جائے گا اور اِسی چارپائی پر سو رہیں گے۔

فِراق اور وِصال ، بیماری و تندرُستی سب سے چارپائی ہی پر نپٹتے ہیں۔ بچّے بُوڑھے اور بیمار اِس کو بہ طَور پاخانہ ، غُسل خانہ کام میں لاتے ہیں۔ فرش پر گھسیٹیے تو معلوم ہو کوئی ملٹری ٹینک[9] مُہِم پر جا رہا ہے۔ کھٹملوں سے نجات پانے کے لیے جو ترکیبیں کی جاتی ہیں اور جس جس آسن میں چارپائی نظر آتی ہے ، اُن پر غور کرلیجیے تو ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے ہندُستانی بیوی کا تخیّل[15] ہندُستانیوں نے چارپائی ہی سے لیا ہے!

حُکومت بھی چارپائی ہی پر سے ہوتی ہے۔ خاندان کے کرتا دھرتا چارپائی ہی پر براجمان

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | احکام | ahkām | s.m. | orders, ordinances; pl. of /hukm/ |
| 2 | جاری ہونا | jārī honā | v.i. | to be issued, started, continued |
| 3 | گناہ گار | gunāh-gār | adj. | sinner |
| 4 | ڈنڈا | ḍanḍā | s.m. | a short, thick stick |
| 5 | پھینکنا | phẽknā | v.t. | to throw |
| 6 | باورچی خانہ | bāwarcī xāna | s.m. | kitchen, cook's room |
| 7 | پانسات | pānsāt | adj. | same as /pā̃c sāt/ : "five seven" |
| 8 | بلی | billī | s.f. | cat |
| 9 | بے شمار | be-shumār | adj. | countless |
| 10 | مکھی | makkhī | s.f. | a fly |
| 11 | /sab...gaī̃/ : "all of them sat down in order"; /qarīna/ s.m. : "order, manner, symmetry" | | | |
| 12 | مار کھانا | mār khānā | v.t. | to be beaten |
| 13 | بدتمیزی | bad-tamīzī, battamīzī | s.f. | bad manners; indecency |
| 14 | /bāqī...jātī hãī/ : "the rest (are beaten) because they have flies all over them", lit. "the flies are eating them up" | | | |
| 15 | اڑانا | uṛānā | v.t. | to make fly, to shoo away (insect) |
| 16 | بدزبانی | bad-zabānī | s.f. | swearing, abusing, irritating speech |
| 17 | سہنا | sahnā | v.t. | to tolerate, put up with, endure |

ہوتے ہیں۔ وہیں سے ہر طرح کے احکام جاری ہوتے رہتے ہیں اور ہر گُناہ گار کو سزا بھی وہیں سے دی جاتی ہے۔ اِس میں ہاتھ پاؤں، زبان، ڈنڈا، جوتا سبھی اِستعمال ہوتے ہیں جنھیں اکثر پھینک کر مارتے ہیں۔

چارپائی ہی کھانے کا کمرہ بھی ہوتی ہے۔ باورچی خانے سے کھانا چلا اور اُس کے ساتھ پانسات چھوٹے بڑے بچّے، اُتنی ہی مُرغیاں، دو ایک کُتّے، بِلّی اور بے شُمار مکّھیاں آ پہنچیں۔ سب اپنے قرینے سے بیٹھ گئیں[11]۔ ایک بچّہ زیادہ کھانے پر مار کھاتا ہے، دوسرا بدتمیزی سے کھانے پر، تیسرا کم کھانے پر اور باقی اِس پر کہ اُن کو مکّھیاں کھائے جاتی ہیں[14]۔ دوسری طرف بیوی مکّھی اُڑاتی جاتی ہے اور شوہر کی بد زبانی سنتی اور بدتمیزی سہتی

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | گم ہونا | gum honā | v.i. | to be lost |
| 2 | تلاش | talāsh | s.f. | search, finding |
| 3 | ہاتھی | hāthī | s.m. | elephant |
| 4 | سوئی | sūī | s.f. | needle |
| 5 | موزہ | moza | s.m. | sock |
| 6 | کھٹکا | khaṭkā | s.m. | rattling or knocking noise or sound of foot steps, such as might alarm one at night |
| 7 | پناہ | panāh | s.f. | shelter, refuge |
| 8 | آب و ہوا | āb-o-hawā | s.f. | climate; lit. "water and air" |
| 9 | تمدّن | tamaddun | s.m. | culture |
| 10 | مُعاشرت | muāsharat | s.f. | social life, way of life |
| 11 | بھرپور | bhar-pūr | adj. | true, full |
| 12 | نمونہ | namūna | s.m. | specimen, sample |
| 13 | (کے) مانند | (ke) mānand | ppn. | like, resembling |
| 14 | ڈھیلا ڈھالا | ḍhīlā ḍhālā | adj. | loose; lazy |
| 15 | بے سروسامان | be-sar-o-sāmān | adj. | destitute, helpless; /sar-o-sāmān/ : "articles, necessaries" |
| 16 | غالب | ḡālib | adj. | victor; strong |
| 17 | حکمراں | hukmrā̃ | s.m. | ruler |
| 18 | سامانِ راحت | sāmān-e-rāhat | s.m. | articles of pleasure, luxury; /rāhat/ s.f. "pleasure, comfort" |
| 19 | فراہم کرنا | farāham karnā | v.t. | to provide |
| 20 | صوفہ | sofa | s.m. | sofa |
| 21 | اسیر | asīr | s.m. | slave, captive, prisoner |
| 22 | شاعر | shāir | s.m. | poet, bard |

جاتی ہے۔

کوئی چیز کہیں گم ہو، ہندُستانی اُس کی تلاش چارپائی سے شروع کرتا ہے۔ اِس میں ہاتھی، سوئی، بیوی، بچّے، موزے، مُرغی، چور سب شامل ہیں۔ رات میں کھٹکا ہوا، اُس نے چارپائی کے نیچے دیکھا۔ خطرہ بڑھا تو چارپائی کے نیچے پناہ لی۔

چارپائی ہندُستان کی آب و ہوا، تمدُّن و مُعاشرت کا سب سے بھرپُور نمُونہ ہے۔ ہندُستان اور ہندُستانیوں کے مانند ڈھیلی ڈھالی اور بے سروسامان، لیکن ہندُستانیوں کی طرح غالِب اور حُکمران کے لیے ہر قسم کا سامانِ راحت فراہم کرنے کے لیے تیّار۔ صوفے اور ڈرائنگ روم کے اسیر اُس راحت کا کیا اندازہ لگا سکتے ہیں جو چارپائی پر مُیسّر آتی ہے! شاعِروں نے انسان کی خُوشی اور

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | منتخب کرنا | muntaxab karnā | v.t. | to select, choose |
| 2 | شرافت | sharāfat | s.f. | nobility; decency |
| 3 | فراغت | farāġat | s.f. | freedom from anxiety, tranquility; happiness |
| 4 | گوشۂ چمن | gosha-e-caman | s.m. | corner of a garden; /gosha/ : "corner" |
| 5 | فہرست | fahrist | s.f. | list |
| 6 | مختصر ہونا | muxtasar honā | v.i. | to be shortened, abridged |
| 7 | لوازم | lawāzim | s.m. | requisites, necessaries; pl. of /lāzim/ |

خوشحالی کے لیے کچھ باتیں منتخب کرلی ہیں، مثلاً سچّے دوست، شرافت، فراغت اور گوشۂ چمن۔ ہندستان جیسے غریب ملک کے لیے یہ فہرست اِس سے مختصر ہونی چاہیے۔ میرے نزدیک تو صرف ایک چارپائی اِن تمام لوازِم کو پورا کرسکتی ہے۔

(رشید احمد صدّیقی)

# ĀLE AHMAD SUROOR

Āle Ahmad, nom de plume Suroor, is an Urdu critic of the first order. Literary criticism in Urdu before Suroor was more a pastime than an independent branch of literature. Suroor, along with his compeers, gave it a new orientation and a new respectability, and it is with these contemporaries that Urdu criticism has come of age.

Āle Ahmad was born in 1912 in Badaun, Uttar Pradesh. Badaun is a traditional center of Muslim learning and for centuries has been the home of theologians and poets. Poetry here is not a pursuit, but a way of life. The young Āle Ahmad developed a poetic sensibility and started composing poems when he was still in high school. But because his parents wanted him to be a doctor, he studied science and graduated from the St. John's College, Agra. Later he studied English literature. After completing his master's degree in 1934, he taught English and Urdu at Aligarh for awhile and then moved to Lucknow University. In 1955 he was invited to Aligarh to work as the Director of the Sayyid Husain Research Institute. At present he heads the Department of Urdu at Aligarh, and is also the Convener of the Urdu Advisory Board of the Sāhitya Akādemī.

Suroor has published four collections of his literary essays and two of verse. He has launched Aligarh History of Urdu Literature in five volumes, the first of which (1200-1700) was published in 1962. He also has translated the Dīwān-e-Ghālib into English for the Sayyid Husain Research Institute, which is soon to be published.

As a critic, Suroor has been a phenomenon right from his college days. In the early thirties, Urdu criticism was caught in a rut of tradition and emotionalism. On the one hand were the orthodox classicists, steeped in tradition, on the other hand were the highly westernized novices, unable to appreciate the heritage of the past. In an age of extremes, Suroor struck a note of balance. He emphasized an integrated approach, objectivity and an unemotional and unprejudiced evaluation of literature. He did not confine himself to any particular school of criticism.

He has a highly cultivated and eclectic mind which appeals to both classicist and modernist, impressionist and Marxist, old and young. For the present generation, Suroor has provided a reinterpretation of certain classical writers and has made critical readjustments where misguided criticism had reached wrong conclusions. With his keen sensibility, sharp intellect, and free and unbiased mind, he has wisely refrained, in the main, from overstepping his limited domain--the search of literary values and standards. Though he perhaps has overused catch phrases for purposes of compression and elegance, many of his terms are of critical service today.

He has finesse and an inborn feeling for style and is the master of a clear, lucid prose, with purple passages, but with its own warmth, insinuating grace, and creative touch. Its apparent ease is the fruit of his study as a critic and his skill as a poet.

Suroor, as the General Secretary of the Anjuman Taraqqī-e-Urdū, is the editor of the quarterly Urdū Adab and the weekly Hamārī Zabān, two organs of the Anjuman. The following excerpt is from an editorial of Hamārī Zabān (June 1, 1964) written following the death of Jawāhar Lāl Nehrū. The prose is marked by a sense of grief and is charged with emotion, yet it is restrained, smooth and precise.

# UNIT XIV

## JAWĀHAR LĀL NEHRŪ

(An Obituary)

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | (کا) دھڑکا لگنا | (kā) dhaṛkā lagnā | v.i. | to feel oppressed by an impending danger, to have a haunting fear (of) |
| 2 | گُل ہونا | gul honā | v.i. | to be extinguished |
| 3 | Asia (s.m.) | | | |
| 4 | /jātī rahī/ : "came to an end, passed away"; a euphemism for the death of beloved persons | | | |
| 5 | محبوب | mahbūb | adj. | beloved, loved |
| 6 | آزاد | āzād | adj. | free; emancipated, liberated |
| 7 | غلام | g̱ulām | adj. | slave; subjugated |

# جواہر لال نہرو

آخر وہی ہوا جس کا دھڑکا لگا ہوا تھا۔ جواہر لال نہرو کی زِندگی کا چراغ گُل ہو گیا۔ صرف اُن کی زِندگی کا چراغ گُل نہیں ہوا، ہندُستان میں اندھیرا ہو گیا۔ ایشیا[3] کی رَوشنی جاتی رہی[4]۔ دُنیا پر غم کے بادل چھا گئے۔ ہندُستان کا یہ محبوب رہ نُما صرف ہندُستان کا رہ نُما نہیں تھا، وہ ساری دُنیا کا رہ نُما تھا۔ اُس نے مہاتما گاندھی کی رہ نُمائی میں صرف ہندُستان کو آزاد نہیں کرایا، کتنے ہی غلام

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | تڑپ | taṛap | s.f. | eagerness, anxious desire |
| 2 | لڑائی | laṛāī | s.f. | fight, struggle |
| 3 | احترام | ehtirām | s.m. | respect, reverence |
| 4 | مشرقی | mashriqī | adj. | of the east, eastern, oriental |
| 5 | مغربی | maḡribī | adj. | of the west, western |
| 6 | عالمی | ālamī | adj. | international, universal, of the world; /ālam/ s.m. "world, universe" |
| 7 | ذہن | zahn | s.m. | mind, understanding, intellect |
| 8 | متضاد | mutazād | adj. | mutually opposed; contradictory |
| 9 | عناصر | anāsir | s.m. | elements; pl. of /unsur/ |
| 10 | مثالی | misālī | adj. | ideal, exemplary |
| 11 | تصویر | tasvīr | s.f. | image; picture |
| 12 | عظیم الشان | azīm ush-shān | adj. | great; magnificent, splendid |
| 13 | کروڑ | karoṛ | s.m. | a crore, ten million |
| 14 | درد | dard | s.m. | pain, grief |
| 15 | آشنا | āshnā | adj. | acquainted |
| 16 | /jis ke yahā̃/ : "with whom, for whom" | | | |
| 17 | علاقہ | ilāqa | s.m. | region, province, state |
| 18 | عقیدہ | aqīda | s.m. | creed, belief, faith |
| 19 | معنی | mānī | s.m. pl. | meaning |

مُلکوں میں آزادی کی تڑپ پیدا کی۔ اُس نے ہندُستان کی آزادی کی لڑائی اِس طرح کامیابی سے لڑی کہ دوست دُشمن سب کے سر اِحترام میں جُھک گئے۔ وہ ہندُستانی تھا، وہ مشرِقی تھا، وہ مغرِبی تھا، وہ عالمی ذہن رکھتا تھا۔ اُس میں مُتضاد عناصِر اِس طرح جمع ہو گئے تھے کہ اِنسان کی ایک مِثالی تصویر نظر آگئی تھی۔

اِس عظیم الشّان مُلک میں، جہاں پینتالیس(۴۵) کروڑ اِنسان بستے ہیں، ایک جواہر لال ایسا تھا، جو سب کی زبان سمجھتا تھا، سب کے درد سے

16

آشنا تھا۔ جس کے یہاں مذہب، زبان، عِلاقے، عقیدے کا فرق کوئی معنی نہیں رکھتا تھا، جسے ہندُستان کی پوری تاریخ سے محبّت تھی۔ جو سب کا تھا اور سب کے لیے تھا۔ ہندُستان میں بڑے

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | فاتح | fāteh | adj. | conqueror; victor |
| 2 | مُدبّر | mudabbir | adj. | prudent; ingenious |
| 3 | دانش ور | dānish-war | adj. | learned; wise, sagacious |
| 4 | جامع حیثیات | jāme-haisiyāt | adj. | versatile, competent in many things |
| 5 | سرزمین | sar zamīn | s.f. | land, country |
| 6 | بہ یک وقت | ba-yak waqt | | at one time, simultaneously |
| 7 | سُورما | sūrmā | adj. | valiant, brave; hero |
| 8 | معمارِ اعظم | memār-e-āzam | adj. | chief builder |
| 9 | مُؤرّخ | muarrix | adj. | historian; biographer |
| 10 | خواب | xwāb | s.m. | dream ; ideal |
| 11 | پُجاری | pujārī | s.m. | worshipper |
| 12 | عمل | amal | s.m. | action, deed |
| 13 | مردِ میدان | mard-e-maidān | adj. | hero; lit. "man of the field" |
| 14 | جسمِ خاکی | jism-e-xākī | s.m. | the earthly body |
| 15 | شُعلہ | shola | s.m. | flame, blaze |
| 16 | (کی) نذر ہونا | (kī) nazr honā | v.i. | to be presented, given (to) |
| 17 | راکھ | rākh | s.f. | ashes |
| 18 | سنگم | sangam | s.m. | confluence (of three sacred rivers, Ganges, Yamunā and the legendary Sarasvatī near Allahabad) |
| 19 | بہانا | bahānā | v.t. | to set afloat |
| 20 | مُختلف | muxtalif | adj. | different,various |
| 21 | سمندر | samundar | s.m. | ocean, sea |
| 22 | ہوائی جہاز | hawāī jahāz | s.m. | airplane |
| 23 | فضا | fazā | s.f. | atmosphere, an open area |
| 24 | بکھیرنا | bakhernā | v.t. | to scatter, sprinkle |
| 25 | ذرّہ | zarra | s.m. | particle, atom |

بڑے فاتح ، مُدبّر ، دانش ور ، ادیب اور شاعر گُذرے ہیں۔ مگر ایسا جامع حیثیات آدمی ہماری سرزمین سے کوئی نہیں اُٹھا جو بہ یک وقت جنگِ آزادی کا سورما اور آزادی کے بعد قوم کا معمارِ اعظم ، ادیب ، مُؤرّخ ، دانش ور ، مُدبّر ، خوابوں کا پُجاری اور عمل کا مردِ میدان ہو۔

جواہر لال نہرو تو چلے گئے۔ اُن کا جسمِ خاکی شعلوں کی نذر ہوگیا۔ اُن کی راکھ بھی آج کچھ سنگم میں بہادی جائے گی ، کچھ ہندُستان کے مُختلف دریاؤں میں بہا دی جائے گی اور اِس طرح سمندر میں پُہنچ جائے گی۔ کچھ ہوائی جہاز سے فضا میں بکھیر دی جائے گی تاکہ اُس کے ذرّے ہندُستان کے کھیتوں پر برسیں

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | فصل | fasl | s.f. | crop, harvest |
| 2 | بہار | bahār | s.f. | spring (the season); bloom; beauty |
| 3 | وسیلہ | wasīla | s.m. | means; cause, help |
| 4 | /yū̃...gā/ : "in this way will remain before our eyes"; lit. "dwell in the eyes" | | | |
| 5 | شخصیت | shaxsiyat | s.f. | personality, individuality |
| 6 | عظمت | azmat | s.f. | greatness, grandeur |
| 7 | گرمی | garmī | s.f. | warmth, heat |
| 8 | مزاج | mizāj | s.m. | temperament, disposition, nature |
| 9 | نرمی | narmī | s.f. | gentleness; lit. softness |
| 10 | یاد آنا | yād ānā | v.i. | to be recalled, remembered |
| 11 | /magar...gae/ : "but what hasn't Jawāhar Lāl given us" | | | |
| 12 | (کے) متعلق | (ke) muta-alliq | ppn. | about, related (to) |
| 13 | (کے) بدلے میں | (ke) badle mẽ | | in return (for); in exchange (for) |
| 14 | فیاضی | fayyāzī | s.f. | generosity, liberality |

اور نئی فصل اور نئی بہار کا وسیلہ بنیں۔ اُن کا وہ ہنستا ہوا چہرہ ، یوں آنکھوں میں بسا رہے گا[4] ، مگر وہ تو نہ ہوں گے ، شخص تو چلا گیا۔ ہاں ، اُس کی شخصیت کی عظمت ، خوابوں کی گرمی ، مزاج کی نرمی یاد آتی رہے گی۔

مگر جواہر لال نہرو ہمیں کیا کچھ نہیں دے گئے[11]۔ دیکھیے اُنھوں نے اپنے متعلق کیا کہا تھا :

"یہ وہ آدمی تھا جس نے دل وجان
سے ہندُستان سے اور ہندُستان کے
عوام سے محبت کی اور اِس کے
بدلے میں اُنھوں نے بھی اُس پر
بڑی مہربانی کی اور بڑی فیّاضی سے
اُسے اپنی محبت دی۔"

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | قوّت | quwwat | s.f. | force, power, strength |
| 2 | یکجا کرنا | yak-jā karnā | v.t. | to pull together, to concentrate |
| 3 | گرد و پیش | gird-o-pesh | | all around; lit. around and in front |
| 4 | نظر ڈالنا | nazar ḍālnā | v.t. | to glance, look at |
| 5 | ماحول | māhaul | s.m. | spirit; environment |
| 6 | تنقید | tanqīd | s.f. | criticism |
| 7 | ٹولی | ṭolī | s.f. | group, party, band |
| 8 | عمر | umr | s.f. | age; life |

ایک اور جگہ کہا تھا :

" اِس وقت کام کرنے کی ضرورت ہے'
اِس وقت محنت کرنے کی ضرورت ہے۔
اُن ساری قُوتّوں کو یک جا کرنے
کی ضرورت ہے جو قوم میں ہیں۔ ہم
کیا کر رہے ہیں؟ ہم آگے بڑھ رہے
ہیں اور ترقّی کر رہے ہیں۔

پھر بھی جب میں اپنے گِرد و پیش نظر ڈالتا ہوں، تو کام کا ماحول نہیں دیکھتا۔ صرف باتیں، تنقید، چھوٹی چھوٹی ٹولیاں اور ایسی ہی دوسری باتیں ہیں۔ اپنی عُمر کا خیال کرکے، مجھے تھوڑی سی بےچینی ہوتی ہے، کیونکہ شاید چند سال ہی اور میں جی سکوں،

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | تنہا | tanhā | adj. | only, sole; singular; alone |
| 2 | آرزو | ārzū | s.f. | desire, wish, hope; purpose |
| 3 | خاتمہ | xātima | s.m. | end; conclusion |
| 4 | ردّی | raddī | s.f. | wastepaper; waste |
| 5 | ڈھیر | ḍher | s.m. | heap, pile, stack |
| 6 | فکر کرنا | fikr karnā | v.t. | to care, to be anxious, concerned; to think, consider |
| 7 | انسانیت | insāniyat | s.f. | humanity |
| 8 | لٹانا | luṭānā | v.t. | to spend lavishly, squander |
| 9 | ٹھکانے لگانا | ṭhikāne lagānā | v.t. | to consume (for a purpose), kill |
| 10 | واقعی | wāqi-ī | adv. | really, actually |
| 11 | ہرگز نہیں | hargiz nahī̃ | | not at all; never; by no means |

اور میری تنہا آرزو یہ ہے کہ اپنی
زِندگی کے خاتمے تک میں زیادہ سے
زیادہ محنت سے کام کروں اور جب
میں اپنا کام ختم کرچکوں تو مجھے ردّی
کے ڈھیر پر ڈال دیا جائے۔ جب میں
اپنا کام ختم کرچکوں، تو پھر میرے متعلق
فِکر کرنے کی کوئی ضرورت نہیں۔"

یعنی جواہر لال جاتے جاتے ہمیں زِندگی کی وہ کھُلی کتاب دے گئے ہیں، جسے ہر شخص پڑھ سکتا ہے اور جس سے اپنے لیے بہت کچھ لے سکتا ہے۔ اُنھوں نے اپنے آپ کو ہندستان کی اور اِنسانیت کی خِدمت کے لیے لُٹا دیا۔ لُٹا دیا اور ٹھکانے لگا دیا۔

کیا جواہر لال نہرو واقعی مر گئے؟ نہیں، ہرگز نہیں۔

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | جسمانی طور پر | jismānī taur par | | bodily, physically |
| 2 | درمیان | darmiyān | adj. | amidst, between |
| 3 | Kashmir (s.m.) | | | |
| 4 | Kaveri, a river in South India (s.f.) | | | |
| 5 | Assam, a state in north-east India (s.m.) | | | |
| 6 | Kathiawar, an area in Gujrat (s.m.) | | | |
| 7 | چپّہ چپّہ | cappa cappa | s.m. | every span of land, every inch of ground; /cappa/ : a measure of four fingers, hand-breadth |
| 8 | آواز | āwāz | s.f. | voice, sound |
| 9 | گونجنا | gū̃jnā | v.i. | to echo, resound |
| 10 | تقریباً | taqrīban | adv. | almost; approximately |
| 11 | موڑ | moṛ | s.m. | turn, bend |
| 12 | شریک | sharīk | adj. | participator; a partner, an associate |
| 13 | اونچا | ū̃cā | adj. | high; tall |
| 14 | جمہوریت | jamhūriyat | s.f. | democracy |
| 15 | غیر مذہبی ریاست | ḡair mazhabī riyāsat | s.f. | secular state |
| 16 | استحکام | istihkām | s.m. | stabilization; firmness |
| 17 | socialism (s.m.) | | | |
| 18 | للکار | lalkār | s.f. | challenge, call |

اُن کا جسمِ خاکی ضرور شعلوں کی نذر ہوگیا۔
وہ جسمانی طور پر ہمارے درمیان نہیں ہیں، مگر
کشمیر[3] سے کاویری[4] تک اور آسام[5] سے کاٹھیاواڑ[6]
تک اِس زمین کے چپّے چپّے پر اُن کے
قدموں کے نشان ہیں، اِس کی فَضا میں
اُن کی آواز گونج رہی ہے۔ تقریباً پچاس (۵۰)
برس تک ہندُستان کی زِندگی کے ہر موڑ میں
وہ شریک رہے۔ آج ہم جو کچھ ہیں، اُنھیں
کی وجہ سے ہیں۔ وہ زِندہ ہیں اور زِندہ
رہیں گے۔ ہندُستان کو اور اونچا لے جانے
کے اُن کے خواب زِندہ رہیں گے۔ جمہورِیت
اور غَیر مذہبی رِیاست کے اِستحکام کے لیے
ہماری ہر کوشِش ہمیں اُن کی یاد دلائے گی۔
سوشلزم[17] کی طرف ہر قدم میں اُن کی للکار

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | مُشترک | mushtarak | adj. | composite; common |
| 2 | تہذیب | tahzīb | s.f. | civilization |
| 3 | interview (s.m.) | | | |
| 4 | حال میں | hāl mẽ | adv. | recently, lately; at present |
| 5 | رُوپ | rūp | s.m. | form, shape |
| 6 | نفرت | nafrat | s.f. | hate, disgust |

ہم سُنتے رہیں گے۔ مُشترک تہذیب سے وفاداری کے لیے ہمیں ہر وقت اُن کی مِثال کو سامنے رکھنا ہوگا۔

جواہر لال نے ایک انٹرویو[3] میں حال میں کہا تھا:

"سچی بات تو یہ ہے کہ میں کسی اِنسان کو ناپسند نہیں کرتا۔"

آیئے ہم بھی عہد کریں کہ ہم اِنسان سے ہر حال میں، ہر رنگ میں، ہر رُوپ میں اور ہر صوُرت میں محبّت کریں گے۔ محبّت کرنے والے کو محبّت ملتی ہے اور نفرت کرنے والے کو نفرت۔

(آلِ احمد سرُور)

# MIRZA GHĀLIB

Ghālib is the poetical surname of Asad Ullah Khān, the greatest poet of Urdu. He is the last of the great Delhi poets, as he is the first of the great modern poets. He stands between two worlds. Trained in classical Persian and mystic philosophy, he also profited from the western influences and the spirit of Indian Renaissance. "He employed 'heterogeneous ideas' and 'yoked them together with violence' like the English Metaphysicals. He towers above the hundreds and hundreds of Urdu poets like a 'victor', as his pseudonym means".

Ghālib's was a life of uninterrupted affliction, suffering and grief except for a brief period in his early youth. He came of a family of distinguished Seljuqid Turks, and his ancestors occupied important positions in the armies of the Mughals and of the East India Company. He was born in Agra in 1797. His father Abdullah Beg Khān was killed in action when Ghālib was less than five years old. After his father's death, he was taken care of by his uncle Nasr Ullah Beg Khān, but when Ghālib was nine he too died. Ghālib henceforth lived with the rich parents of his mother whose indulgence towards him resulted in his developing unfrugal habits and plunging into youthful excesses, which in later years were responsible for many of his troubles. He did not receive any systematic education, learning all he knew mainly by his personal effort and extraordinary intelligence. At the age of thirteen, he was married into a respectable family of Delhi and in 1812 moved to Delhi permanently.

Adversity followed him there too. He had no regular source of income and looked to patrons and friends for help. He lived on borrowed money, which always created more problems. He never had a house of his own. His domestic life was far from pleasant. Temperamentally he and his wife, Umrāo Begum, were tragically unsuited to each other. Seven children were born of this wedlock, but all of them died in their infancy. Ghālib thereupon adopted his wife's nephew Zain ul-Ābidīn Khān 'Ārif', but he too died young. On one occasion he had to face a trial for non-payment of debt. At that time he owed about Rs. 50,000 to his creditors. To top it all, in 1847 he was hauled up for gambling and jailed for three months.

Yet another source of his suffering was his share of the pension to which he was entitled as a member of his deceased uncle's family. Believing that he was not getting his rightful share, he traveled to Calcutta in 1826, and on reaching there in 1828, filed a petition with the British Government. This led to a prolonged lawsuit which was decided against him in 1836. Undaunted, he submitted appeals to the Governor General, to the Court of Directors in London, and to Queen Victoria, but all these were turned down one after the other. The lawsuit dragged on from 1828 to 1844, and left Ghālib almost a ruined man.

Adding misery to his misfortune, he picked a quarrel with the supporters of Mirzā Qatīl (died 1817) in Calcutta over intricacies of the Persian usage. After many years the controversy was revived when Ghālib published his criticism on the famous Persian Dictionary Burhān-e-Qāte (Qāte-e-Burhān, 1861). Followed by much swearing on both sides in spoken and written word, Ghālib sued one of his opponents for defamation, but in the end he had to compromise and withdraw his claim.

He perhaps never received the recognition that was his due from the courts of Delhi and Lucknow. Nasīr ud-Dīn Hayder (1827-1837) king of Oudh, however, granted him a reward of Rs. 5,000 but it never reached him and he was swindled by the court officials. Later when Wājid Alī Shāh ascended the throne at Lucknow (1847), he granted him a monthly pension, but it turned out a short-lived blessing. The state of Oudh was annexed by the British in 1856, and the king deposed. The Delhi Court honored Ghālib in 1850 when he was already fairly advanced in years. Bahādur Shāh Zafar (1837-1857) conferred a title on him, and appointed him the royal historiographer. In 1854, he was raised to the poet laureateship on the death of Zauq, his rival. But hardly three years had gone by when the 'Mutiny' broke out, and all of Ghālib's dreams were shattered. He was a witness to the gruesome events and hardships of 1857.

After the fall of Delhi his pension was stopped because of his contacts with the defunct court. He tried all his means, even submitted printed copies of Dastambū, his account of the 'Mutiny' in which he had decried the native miscreants, but that too was of no avail. Many of his friends and relatives were killed during this period, and he was left in a state of extreme helplessness. His brother Mirzā Yūsuf died unattended, nothing for shrouds and none to dig his grave. Ghālib composed panegyric after panegyric in praise of the British officials and Queen Victoria; made appeal after appeal, but it was only after many years of painful humiliations, and at the recommendation of Nawāb of Rampur, that his pension was restored. By that time grief had squeezed the best out of him. Though he received a regular allowance from the Nawāb of Rampur, that fell far short of his needs. Ghālib's end was pathetic. He died after a protracted illness in 1869.

By descent and temperament, Ghālib was an aristocrat. He carried his self-respect and independence to an extreme, yet he was a man of broad sympathies, warm hearted, humble, considerate, courteous and generous. He had a large circle of friends, whose friendship he held very dear. However, he was ruthless towards his opponents and, once infuriated, would never forgive them. He was absolutely free from dogmatism and intolerance. Inhibitions of religion and religious thought had no hold on his mind; coupled with his liberality, his conduct was characterized by frankness and candor. He was no ascetic, and loved the good things of life--wine, woman, chess, mangoes, select company. He was legitimately proud of his lineal descent at a time when noble birth still mattered. But himself a man of meager means, he wanted to live in the style of his ancestors. This is where most of his troubles started. He pined for a glamorous world overflowing with beauty, courtesy and refinement, which was simply not there. Being a gifted

poet, he felt indignant that he was not adequately appreciated at the court, where less talented poets enjoyed the patronage that should have been his. But even in his darkest moments, he was not lacking in quick wit and pleasantry. The tragic gloom of his life was interspersed by the sunshine of good cheer and laughter. His playful nature did not spare anyone near him, not even his wife and closest relatives. He could smile at his own mishaps.

The following unit includes some anecdotes of Ghālib, which present a candid portrayal of his personality. They are taken from *Yādgār-e-Ghālib* (1897) written by Altāf Husain Hālī (died 1914). (To Hālī belongs the credit for writing the first literary biography of Ghālib, which may be said to have started the worship of Ghālib some three decades after his death. Hālī, a poet and critic of first order, was a pupil of Ghālib.)

Ghālib wrote more in Persian than in Urdu. He considered his Persian poetry and prose to be more important and, in fact, wished to be judged by his Persian works. Although he is rightly accepted as the last classical Persian poet of India, he is more loved and remembered for his Urdu works. He was precocious and started writing poetry when he was barely ten. For a time he was fond of excessive imitation of Persian poets, especially Bedil (died 1720), and wrote highly Persianized and obscure poetry. This was criticized and parodied by his contemporaries. By the age of twenty-five, he, on the advice of some of his friends, discarded much of his scholastic verse that offended good taste. After having once discovered his style, Ghālib wrote with effortless abandon in much simpler and purer language. His select *Dīwān* on which his fame mainly rests is hardly 1900 lines. This has been illustrated by the famous Asian artist, Abdur Rahmān Chughtāī. The most authentic text of the popular *Dīwān* is that of Mālik Rām (Delhi, 1957). The complete *Dīwān*, which includes the purged verse and is arranged chronologically, has been edited by Imtiyāz Alī Arshī (Aligarh, 1958).

Ghālib is a complex poet. His world is too vast and too contradictory to fit into any one category of things. His *ghazals* are unique, not only for the intensity of the emotions they express, but also for their absolutely perfect form, their exquisite melody, and the profound feeling for the beauty of the world which they reveal. Ghālib sang of 'all the phases of life'; his was a range and depth of feeling no other Urdu poet had. Being aristocratic in outlook, he avoided the beaten track of commonplace modes and hackneyed thought and expressed himself with striking originality and poignant beauty. Poetry with him was the 'rhythmic creation of beauty'. He never made a secret of his sensuous pleasures and often spoke of his 'unsatisfied desires and uncommitted sins'. His love is not idealistic and self-surrendering, but purely sensuous.

Ghālib is also valuable for a completely fresh approach to the world. He was endowed with a passionate appreciation of the unity of existence, yet he deeply questioned the very fundamentals of faith and dogma and brooded over the nature of joy and sorrow and life and death. He was a mystic only in the sense that he had an inquiring mind assailed by disturbing questions about the lot of man in this universe. His impress-

ions are of the nature of personal discovery and are fresh and often profound. He generally reveals a mood of melancholy and pensiveness, yet it is enlivened with zest of life and love for 'ruby vintage' and 'foaming bowl'. His faith in the absolute freedom of human will was shaken, but he saw both facets of life; his disillusionment was born of realism and not that of cynicism.

Interest in Ghālib's verse has steadily grown in the present century. His influence on members of the present generation is pervasive and profound. They are attracted by Ghālib's concern for ideas, sceptical interrogation, psychological probing, cryptic brevity, ingenious imagery, and perhaps by his flouting the conventional poetic language. In Ghālib they see one who, like themselves, cherishes the intellect yet feels the need for spiritual center.

Ghālib is also known for his letters in Urdu which he started writing about 1849 or perhaps a little earlier. There are four different collections, and scholars keep discovering new letters so that their number is steadily increasing. Ghālib's letters have come to be recognized as one of the glories of the Urdu tongue and a model for much of the prose written subsequently in Urdu. Letter writing in Urdu before Ghālib was modelled on Persian. Ghālib discarded the artificial rhetoric of feudal politeness and, aiming at the joy of communication, wrote in a startlingly simple, intimate and informal style. No man ever wrote more graceful and lucid Urdu. The witty turn of Ghālib's genius gave every page of his letters an irresistible charm and an abiding interest.

The following unit includes two letters of Ghālib taken from his collection Urdū-e-Mu'alla (1869). The first letter was written in 1860 to a friend on the death of his mistress. This gives a frank account of Ghālib's views on love. The second portrays his humanitarianism and benevolence. This was written in 1865, barely four years before he died under the grim specter of unending misery and privation.

# U N I T XV

## M I R Z Ā G H Ā L I B

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | غدر | ḡadr, ḡadar | s.m. | mutiny, rebellion; riot, disturbance |
| 2 | /karnal baran/ : Colonel Burn, (Henry Pelham), the then military governor of Delhi | | | |
| 3 | کلاہِ پپاخ | kulāh-e-papāx | s.f. | a kind of tall fur hat of Turkish style |
| 4 | وضع | waza | s.f. | appearance, form, guise |
| 5 | well | | | |
| 6 | مسلمان | musalmān | s.m. | Muslim; a believer in Islam |
| 7 | سوّر | suwar | s.m. | swine, pig, hog, ham |

# مِرزا غالِب[1]

سُنا ہے کہ غدر کے بعد جب مِرزا غالِب کرنل برن[2] کے سامنے گئے تو اُس وقت کُلاہِ پپاخ اُن کے سر پر تھی۔ اُنھوں نے مِرزا کی وضع دیکھ کر پوچھا کہ ول[5] تم مُسلمان؟

مِرزا نے کہا: "آدھا"

کرنل نے کہا: "اِس کا کیا مطلب؟"

مِرزا نے کہا: "شراب پیتا ہوں، سُوَر نہیں کھاتا"

کرنل یہ سُن کر ہنسنے لگا۔ پھر مِرزا نے

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | وزیرِ ہند | wazīr-e-hind | s.m. | Secretary of State for India |
| 2 | چِٹھی | ciṭṭhī | s.f. | letter |
| 3 | ملکۂ معظمہ | malka-e-muazzama | s.f. | the exalted queen; here Queen Victoria (1819-1901) |
| 4 | قصیدہ | qasīda | s.m. | laudatory ode, panegyric |
| 5 | سرکار | sarkār | s.f. | government, ruling authority; your honor |
| 6 | /pahāṛī/ : "the hill"; here meaning the Ridge outside Delhi where the British forces camped until they were able to assault and recapture the city | | | |
| 7 | کہار | kahār | s.m. | palanquin-bearer |
| 8 | افسر | afsar | s.m. | officer |
| 9 | آم | ām | s.m. | mango |
| 10 | عُمدہ | umda | adj. | excellent, fine |
| 11 | تقاضا کرنا | taqāzā karnā | v.t. | to request repeatedly, to urge; to demand repeatedly |

وزیرِ ہند کی چھٹّی دکھائی جو کہ ملکۂ معظّمہ کے قصیدے کے جواب میں آئی تھی۔ کرنل نے کہا: "تم سرکار کی فتح کے بعد پہاڑی[6] پر کیوں نہ حاضر ہوئے؟"

مِرزا نے کہا: "میں چار کہاروں کا افسر تھا، وہ چاروں مجھے چھوڑ کر بھاگ گئے، میں کیوں کر حاضِر ہوتا؟"

کرنل نے نہایت مہربانی سے مِرزا اور اُن کے تمام ساتھیوں کو رُخصت کر دیا۔

---

آم مِرزا غالِب کو نہایت پسند تھا۔ آموں کی فصل میں اُن کے دوست دوٗر دوٗر سے اُن کے لیے عُمدہ عُمدہ آم بھیجتے تھے اور وہ خوُد اپنے بعض دوستوں سے تقاضا کر کے آم

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | منگوانا | mangwānā | v.t. | to order, to have ordered |
| 2 | Hakīm Razī ud-Dīn Khān | | | |
| 3 | برآمدہ | bar-āmada | s.m. | verandah, balcony, porch |
| 4 | گدھا | gadhā | s.m. | donkey |
| 5 | گلی | galī | s.f. | narrow street,lane, alley |
| 6 | چھلکا | chilkā | s.m. | rind, peel (of fruit or vegetable) |
| 7 | سونگھنا | sū̃ghnā | v.t. | to smell, sniff |
| 8 | (کی) برائی کرنا | (kī) burāī karnā | v.t. | to speak ill (of); depreciate, belittle; /burāī/ : "evil, vice, ill" |
| 9 | شراب خور | sharāb-xor | adj. | wine-drinker |
| 10 | دعا | duā | s.f. | prayer; blessing |
| 11 | قبول ہونا | qubūl honā | v.i. | to be accepted |

منگواتے تھے۔

حکیم رضی اُلدّین خاںؒ[2] جو مِرزا کے گہرے دوست تھے ، اُن کو آم نہیں بھاتے تھے ۔ ایک دن وہ مِرزا کے مکان پر برآمدے میں بیٹھے تھے اور مِرزا بھی وہیں موجود تھے ۔ ایک گدھے والا اپنے گدھے لیے ہوئے گلی سے گُذرا۔ آم کے چھلکے پڑے تھے ۔ گدھے نے سونگھ کر چھوڑ دیا۔ حکیم صاحب نے کہا : " دیکھیے آم ایسی چیز ہے ، جسے گدھا بھی نہیں کھاتا ۔"

مِرزا نے کہا : " بے شک ، گدھا نہیں کھاتا ۔"

---

شراب کے مُتعلِّق مِرزا غالِب کی باتیں مشہور ہیں ۔ ایک شخص نے اُن کے سامنے شراب کی بُرائی کی اور کہا کہ شراب خور کی دُعا قبُول نہیں

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | pension (s.f.) | | | |
| 2 | شریک ہونا | sharīk honā | v.i. | to join, participate |
| 3 | ذکر چلنا | zikr calnā | v.i. | mention to be made; /zikr/: "mention, telling, description" |
| 4 | کافر | kāfir | adj. | infidel, impious, atheist, heathen |
| 5 | /tamām umr mẽ...kāfir/ : "if there was one day in my life when I didn't drink liquor, then I am an infidel" | | | |
| 6 | نماز پڑھنا | namāz paṛhnā | v.t. | to say (Muslim) prayers; /namāz/: the prayers prescribed by Islamic law to be said five times a day |
| 7 | باغی | bāġī | adj. | rebel, rebellious; disloyal, traitor |
| 8 | شمار کرنا | shumār karnā | v.t. | to count |

ہوتی۔ مِرزا نے کہا: "بھائی جس کو شراب مُیسّر ہے، اُس کو اور کیا چاہیے، جس کے لیے دُعا مانگے۔"

---

غدر کے بعد جب کہ پنشن[1] بند تھی اور دربار میں شریک ہونے کی اِجازت نہ ہوئی تھی، پنڈِت موتی لال مِرزا صاحب سے ملنے آئے۔ کچھ پنشن کا ذکر چلا۔ مِرزا صاحب نے کہا: "تمام عُمر میں ایک دن شراب نہ پی ہو تو کافِر[5] اور ایک دفعہ نماز پڑھی ہو تو گنہ گار۔ پھر نہیں جانتا کہ سرکار نے کس طرح مجھے باغی مُسلمانوں میں شُمار کیا۔"

---

ایک دفعہ مِرزا مکان بدلنا چاہتے تھے۔ ایک مکان آپ خود دیکھ کر آئے۔ اُس کا

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | دیوان خانہ | dīwān xāna | s.m. | the public part of a Muslim house, into which male guests are brought |
| 2 | محل سرا | mahal sarā | s.f. | the private part of a Muslim house, into which only family members and female guests may come |
| 3 | بی بی | bībī | s.f. | wife |
| 4 | بلا | balā | s.f. | evil spirit, demon, ghost |
| 5 | /us mẽ...batāte hãĩ/ : "people say it's haunted" | | | |
| 6 | /āp se baṛh kar/ : "more than you" | | | |
| 7 | رتھ | rath | s.m. | chariot, carriage, vehicle |
| 8 | مذکّر | muzakkar | adj. | masculine in gender; male |
| 9 | مؤنّث | muannas | adj. | feminine in gender; female |
| 10 | حضرت | hazrat | adj. | sir; your highness; a title of respect applied to any person |
| 11 | مرد | mard | s.m. | male, man |

دیوان خانہ تو پسند آگیا، مگر محل سرا خود نہ دیکھ سکے۔ گھر پر آکر اُس کے دیکھنے کے لیے بی بی کو بھیجا۔ وہ دیکھ کر آئیں تو اُن سے پسند اور ناپسند کا حال پوچھا۔ اُنھوں نے کہا: "اُس میں تو لوگ بَلا بتلاتے ہیں[5]۔"

مرزا نے کہا: "کیا دُنیا میں آپ سے بھی بڑھ کر[6] کوئی بَلا ہے؟"

---

دہلی میں رتھ کو بعض مُذکّر اور بعض مُؤنّث بولتے ہیں۔ کسی نے مرزا صاحب سے پوچھا: "حضرت! رتھ مُؤنّث ہے یا مُذکّر؟"

آپ نے کہا: "بھیّا! جب رتھ میں عورتیں بیٹھی ہوں تو مُؤنّث کہو اور جب مرد بیٹھیں تو مُذکّر سمجھو۔"

---

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | وبا | wabā | s.f. | epidemic disease such as plague, cholera |
| 2 | بھئی | bhaī | s.m. & s.f. | brother; a vocative element used for both men & women; abbreviated form of /bhāī/ : "brother" |
| 3 | بڑھیا | buṛhiyā | s.f. | old woman |

4 /tuf bar īn wabā/ a Persian phrase meaning "shame on such an epidemic"

5 1277 A.H. (year of the Hijra, Mohammad's migration to Medina, from which the Muslim calendar is dated; corresponding to 1860 A.D.)

6 /tārīx kahnā/ : to compose a chronogram, i.e., a couplet or line or phrase (as follows in this Urdu sentence) which expresses the year of a particular event when the letters are converted into numerals according to their values prescribed in Abjad (see last note in this Unit). The art is known as the /fan-e-tārīx/; lit. /tārīx/ means "history; date".

7 /ğālib murd/ : "Ghalib died". The phrase stands out for the year 1277 A.H. (1860 A.D.), which is worked out as follows :

غالب { غ = 1000, ا = 1, ل = 30, ب = 2 } = 1033

\+

مرد { م = 40, ر = 200, د = 4 } = 244

1033 + 244 = 1277

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 8 | مادّہ | mādda | s.m. | composition (of a chronogram); lit. "matter, root" |
| 9 | غلط | ğalat | adj. | wrong, incorrect |
| 10 | اِنشاءاللہ | inshā-allah | | if God wills, God willing |
| 11 | ثابت ہونا | sābit honā | v.i. | to be proved, confirmed |

ایک مرتبہ شہر میں سخت وبا پھیلی۔ میر مہدی حسین مجروح نے لکھا:

"حضرت! وبا شہر سے گئی یا ابھی تک موجود ہے؟"

مِرزا نے جواب دیا: "بھئی کیسی وبا؟ جب ایک ستّر برس کے بوڑھے اور ایک ستّر برس کی بُڑھیا کو نہ مار سکی تو تُف بریں وبا[4]!"

---

سنہ ۱۲۷۷ھ[5] میں اُنھوں نے اپنے مرنے کی تاریخ کہی[6] کہ "غالب مُرد[7]"۔ اِس سے پہلے کئی مادّے غلط ہو چکے تھے۔ منشی جواہر سنگھ جوہر سے اُن کے خاص تعلّقات تھے۔ اُن سے مِرزا صاحب نے اِس مادّے کا ذکر کیا۔ اُنھوں نے کہا: "حضرت! اِنشاء اللہ یہ مادّہ بھی غلط ثابِت ہوگا۔"

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | فال | fāl | s.f. | an omen, augury |
| 2 | /mũ(h) se nikālnā/ : "to mention, say" | | | |
| 3 | سر پھوڑنا | sar phoṛnā | v.t. | to smash (someone's) head in |

Letters of Mirzā Ghālib

To Mirzā Hātim Alī Beg Mahr

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 4 | /ālam-e-rang-o-bū/ : "the world of color and odor; this universe" | | | |
| 5 | اِبتدا | ibtidā | s.f. | beginning, commencement |
| 6 | شباب | shabāb | s.m. | youth, youthfulness |
| 7 | /murshid-e-kāmil/ : "the perfect (spiritual) guide"; the use of izāfat (the -e- sound) here is adjectival, and not genitive | | | |
| 8 | نصیحت | nasīhat | s.f. | advice, counsel, admonition |
| 9 | زُہد و ورع | zuhd-o-wara | | asceticism, abstinence from the pleasures of sense |
| 10 | مزے اُڑانا | maze uṛānā | v.t. | to enjoy fully |
| 11 | مِصری | misrī | s.f. | rock candy |

مرزا نے کہا: "دیکھو صاحب! تم ایسی فال مُنہ سے نہ نکالو[2]۔ اگر یہ مادّہ ٹھیک نہ نکلا تو میں سر پھوڑ کر مر جاؤں گا۔"

(حالیؔ: یادگارِ غالب)

---

# مِرزا غالبؔ کے خُطوط

## مِرزا حاتم علی بیگ مہرؔ کے نام

مِرزا صاحب! ہم کو یہ باتیں پسند نہیں۔ پینسٹھ (۶۵) برس کی عُمر ہے۔ پچاس (۵۰) برس عالمِ رنگ و بُو[4] کی سیر کی۔ اِبتدائے شباب میں ایک مرشدِ کامل[7] نے یہ نصیحت کی تھی کہ ہم کو زُہد و ورع منظور نہیں۔ پیو، کھاؤ، مزے اُڑاؤ۔ مگر یہ یاد رہے کہ مِصری

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | /magar ye(h) bāt...na bano/ : "but remember, be a rock candy fly, not a honey fīy"; i.e., enjoy your pleasures but don't become attached to them, as a fly might be stuck in the honey | | | |
| 2 | عمل رہنا | amal rahnā | v.i. | to act; operate |
| 3 | /kisī ke...na mare/ : "only that person should grieve at someone's dying, who himself will not die"; i.e., since all are mortal, what is the use of grief? | | | |
| 4 | اشک فشانی | ashk-fishānī | s.f. | mourning, shedding of tears, weeping |
| 5 | مرثیہ خوانی | marsiya-xwānī | s.f. | lamenting; reciting of an elegy |
| 6 | /kaisī...xwānī/ : "why this shedding of tears? Wherefore this reciting of elegies? | | | |
| 7 | غم کھانا | ḡam khānā | v.t. | to grieve, mourn, suffer grief |
| 8 | گرفتاری | giriftārī | s.f. | captivity, seizure, capture, arrest |
| 9 | سہی | sahī | part. | truly, indeed, just (emphatic particle, often not directly translatable) |
| 10 | /aur agar...munnā jān sahī/ : "and if you are so happy with your captivity, then if you can't have Chunnā Jān, why, let it be Munnā Jān"; /jān/ : "life; darling, sweetheart" is a title of prostitutes | | | |
| 11 | بہشت | bihisht | s.f. | the abode of the blessed, paradise |
| 12 | تصوّر کرنا | tasawwur karnā | v.t. | to picture to oneself; to conceive; image, consider; /tasawwur/ s.m. "idea, conception, reflection" |
| 13 | مغفرت ہونا | maḡfirat honā | v.i. | to be forgiven (by God), pardoned |
| 14 | قصر | qasr | s.m. | palace, mansion |
| 15 | حور | hūr | s.f. | a virgin of paradise |
| 16 | اقامتِ جاودانی | iqāmat-e-jāwidānī | | permanent residence; eternal abode |
| 17 | نیک بخت | nek baxt | adj. | fortunate, blest; here used ironically |
| 18 | زندگانی | zindagānī | s.f. | life, living |
| 19 | جی گھبرانا | jī ghabrānā | v.i. | the heart to sink, to be worried |
| 20 | کلیجہ منہ کو آنا | kaleja mũ(h) ko ānā | | to feel sick, to loathe, abhor; lit. the liver (heart) to come to the mouth |
| 21 | /he he/ : an expression of sorrow or grief | | | |
| 22 | اجیرن ہونا | ajīran honā | v.i. | to be sickening, nauseating |
| 23 | طبیعت گھبرانا | tabīat ghabrānā | v.i. | to feel disturbed in mind, be dismayed, confused, embarrassed, /tabīat/ s.f. "disposition, nature" |
| 24 | زمرّدیں | zumurrudīn | adj. | emerald-colored |
| 25 | کاخ | kāx | s.m. | balcony; villa, palace |

کی مکھی بنو، شہد کی مکھی نہ بنو[1]۔ سو میرا اِس
نصیحت پر عمل رہا ہے۔ کسی کے مرنے کا وہ
غم کرے جو آپ نہ مرے[3]۔ کیسی اشک فِشانی،
کہاں کی مرثِیہ خوانی[6]؟ آزادی کا شکر بجا لاؤ،
غم نہ کھاؤ۔ اور اگر ایسے ہی اپنی گرِفتاری
سے خُوش ہو تو چنّا جان نہ سہی منّا جان سہی[10]۔
میں جب بہشت کا تصوّر کرتا ہوں اور
سوچتا ہوں کہ اگر مغفرت ہوگئی اور ایک
قصر ملا اور ایک حور ملی، اِقامتِ جاوِدانی
ہے اور اُسی ایک نیک بخت کے ساتھ
زِندگانی ہے۔ اِس تصوّر سے جی گھبراتا
ہے اور کلیجہ مُنہ کو آتا ہے۔ ہے ہے[21]
وہ حور اجیرن ہوجائے گی! طبیعت
کیوں نہ گھبرائے گی؟ وہی زُمُرّدیں کاخ

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | طوبیٰ | tūbā | s.m. | the tree of paradise |
| 2 | شاخ | shāx | s.f. | branch, bough, limb; twig |
| 3 | /wohī tūbā kī ek shāx/ : "the same damsel (= bough) of paradise (= Tubā Tree)" | | | |
| 4 | چشمِ بد دور | cashm-e-bad dūr | | may the evil eye be far removed! (a Persian phrase) |
| 5 | ہوش میں آنا | hosh mẽ ānā | | to come to one's senses |
| 6 | دل لگانا | dil lagānā | v.t. | to apply the mind or heart; to fall in love |

To Mirzā Alā ud-Dīn Ahmad Khān

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 7 | ایمان | īmān | s.m. | faith, religion, belief |
| 8 | (کی) قسم | (kī) qasam | s.f. | oath(on); I swear (by) |
| 9 | نظم | nazm | s.f. | poetry, poem |
| 10 | داد | dād | s.f. | appreciation, recognition |
| 11 | باندازۂ بایست | ba-andāza-e-bāyist | | Persian phrase meaning "according to what it should have been" |
| 12 | قلندری | qalandarī | s.f. | inclination to be a /qalandar/ : "a wandering monk with shaven head and beard, who abandons everything, wife, friends, and possessions, and travels about" |
| 13 | آزادگی | āzādgī | s.f. | freedom, release, liberation |
| 14 | ایثار | īsār | s.m. | compassionate giving |
| 15 | کرم | karam | s.m. | beneficence, generosity, kindness |
| 16 | دواعی | dawāī | s.m. pl. | desires, wishes |
| 17 | خالق | xāliq | s.m. | The Creator, God |
| 18 | /ba-qadr-e-hazār ek/ : "to the extent of one thousandth" | | | |
| 19 | /zuhūr mẽ ānā/ : "to become apparent or manifest" | | | |
| 20 | طاقتِ جسمانی | tāqat-e-jismānī | | physical strength |
| 21 | لاٹھی | lāṭhī | s.f. | staff |
| 22 | شطرنجی | shatranjī | s.f. | a kind of checkered carpet |
| 23 | ٹین | ṭīn | s.m. | tin |
| 24 | لوٹا | loṭā | s.m. | a small round pot |

اور وہی طوبیٰ کی ایک شاخ[3]! چشمِ بد دُور! وہی ایک حوُر! بھائی ہوش میں آؤ، کہیں اور دل لگاؤ!

## مرزا علاءُ الدّین احمد خاں کے نام

مجھے اپنے ایمان کی قسم، میں نے اپنی نظم و نثر کی داد باندازۂ بایست پائی نہیں۔ آپ ہی کہا اور آپ ہی سمجھا۔ قلندری و آزادگی و ایثار و کرم کے جو دواعی میرے خالق نے مجھ میں بھر دیے ہیں، بہ قدرِ ہزار ایک[18] ظُہور میں نہ آئے[19]۔ نہ وہ طاقتِ جسمانی کہ ایک لاٹھی ہاتھ میں لوں اور اُس میں شطرنجی اور ایک ٹین کا لوٹا مع سوت کی

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | رسّی | rassī | s.f. | string, cord |
| 2 | پیادہ پا | pyāda-pā | | on foot |
| 3 | Shiraz, a town in Iran | | | |
| 4 | /misr/ : Egypt | | | |
| 5 | Najaf, a town in Iraq | | | |
| 6 | دستگاہ | dastgāh | s.f. | means; power, strength; ability |
| 7 | بھوکا ننگا | bhūkā nangā | adj. | destitute and poor; lit. hungry and naked |
| 8 | دربدر | dar-badar | | door to door |

---

Abjad is the name given to the arrangement of the Arabic alphabet according to the occurrence of the 28 letters in a series of eight symbolic words. Every letter has a numeral value in this arrangement, and can thus be used for composing /tārīx/ : "chronograms". The order of the eight words and the numerical values of the letters are given below :

| ابجد | ہوّز | حطّی | کلمن |
|---|---|---|---|
| ا = 1 | ہ = 5 | ح = 8 | ک = 20 |
| ب = 2 | و = 6 | ط = 9 | ل = 30 |
| ج = 3 | ز = 7 | ی = 10 | م = 40 |
| د = 4 | | | ن = 50 |

| سعفص | قرشت | ثخّذ | ضظّغ |
|---|---|---|---|
| س = 60 | ق = 100 | ث = 500 | ض = 800 |
| ع = 70 | ر = 200 | خ = 600 | ظ = 900 |
| ف = 80 | ش = 300 | ذ = 700 | غ = 1000 |
| ص = 90 | ت = 400 | | |

رسّی کے لٹکا لوُں اور پیادہ پا چل دوُں ۔ کبھی شیراز[3] جا نکلا ۔ کبھی مِصر[4] میں جا ٹھہرا ۔ کبھی نجف[5] جا پہنچا ۔ نہ وہ دستگاہ کہ ایک عالم کا میزبان بن جاؤں ۔ اگر تمام عالم میں نہ ہو سکے نہ سہی ، جس شہر میں رہوں ، اُس شہر میں تو بھوُکا ننگا نظر نہ آئے ۔ وہ جو کسی کو بھیک مانگتے نہ دیکھ سکے اور خود دربدر بھیک مانگے ، وہ مَیں ہوں ۔

( مِرزا غالبؔ )

Bāgh-o-Bahār is the story of the adventures of King Azādbakht and the four dervishes. Written by Mīr Amman, it is one of the few truly great classics in the history of Urdu prose; a book simple, direct, sincere and calculated to appeal to every human heart.

Very little is known of Mīr Amman's early life except for the fact that he was a native of Delhi and his ancestors occupied positions of honor at the Mughal Courts. On the decline of the Mughal empire, his house and property were confiscated by the invaders, and he moved to Patna, and from there to Calcutta. After having worked as a tutor for a number of years, he was introduced to Dr. John Borthwick Gilchrist, who hired him for preparing textbooks for the College of Fort William. This College was established in 1800 to train the servants of the East India Company. It was here that Mīr Amman wrote Bāgh-o-Bahār and Ganj-e-Khūbī. The latter is an adaptation of Akhlāq-e-Muhsanī, a Persian book on morals by Mullā Wāiz Kāshifī. Mīr Amman composed poetry under the surname of Lutf, but his Dīwān perhaps is lost.

The work on which Bāgh-o-Bahār is based had long been admired in Persian under the name of Qissah-e-Chahār Dervesh. It is of unknown authorship and antiquity and is popularly but wrongly ascribed to the great Persian poet of India, Amīr Khusrau (died 1325). As tradition has it, Amīr Khusrau narrated it to entertain his friend and religious instructor Khwāja Nizām ud-Dīn Auliyā during a fit of sickness. After getting well, he uttered a blessing, "He who hears this tale will never be sick".

The Persian work was translated for the first time into Urdu (probably before 1775) by Mīr Muhammad Husain Atā Khān Tahsīn, a Munshī in the service of the East India Company, under the title Nau-Tarz-e-Murassa, "the new gold embroidered fashion". But as Tahsīn's translation retained too much of unnaturalized Arabic and Persian phraseology and was in a highly ornate style, Dr. Gilchrist asked Mīr Amman to prepare another translation in the language of the people. The new translation, which is more an adaptation, was completed in 1802. It bears the same title as the Persian original but is best known by the chronogrammatic title of Bāgh-o-Bahār. Since its first printing in Calcutta in 1803, numerous editions have been published from Indian and European presses.

In an age when Persian was the language of the court and the culture, when writers rivalled one another in jugglery and craftsmanship, and clever performance was the mark of distinction, when poetry reigned supreme and prose was woefully neglected, the contribution of Dr. Gilchrist and his associates at the College of Fort William is that they ushered in an era

of prose in Urdu. Though the movement 'hung fire' after Dr. Gilchrist left India in 1804, the idea was not lost and the revival of interest took place around the middle of the 19th century with the rise of the Aligarh School of Urdu Literature.

Of some fourscore books composed at the College of Fort William, Bāgh-o-Bahār is by far the best. It has been extremely popular throughout India and was prescribed, and still continues to be used, as a textbook in Urdu. Though the language has undergone some change during the last one and a half centuries, Bāgh-o-Bahār, "Garden and Spring", is, as its author would say, "still fresh and flourishing".

Mīr Amman is the first real prose màster of Urdu; to some, what Mīr Taqī Mīr(died 1810) is to Urdu poetry, Mīr Amman is to Urdu prose. He is an excellent storyteller, and his art is simple and direct. Whatever intricacies there are in the tale come from the plot, not from narrative; and the plot moves swiftly, whether the teller relishes a situation or laments the suffering of a lover. The flavor is achieved by continuous blending of the supernatural element with the realistic detail of customs and manners and by the unexpected ending. The narrative, written for every man, is in limpid and vivid prose and responds to every mood, now racy and colloquial, now elevated and elegant. Generally Mīr Amman favored the simplest language of the home and of daily talk, 'words which if cut would bleed'.

Bāgh-o-Bahār has been translated into English by at least ten different authors, the important ones being L.F. Smith, Calcutta, 1813; E.B. Eastwick, Hertford, 1852; Duncan Forbes, London, 1857; and (in abstract) Edith F. Parry, London, 1890. Of the two metrical versions of this tale, one, in French, is by Garcin de Tassy, Paris, 1878.

The excerpt included here is from the adventures of the second dervish. It abounds in the supernatural element and narrates the luckless love affair of a prince with a fairy.

# U N I T XVI

## B Ā G H - O - B A H Ā R

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | گنبد | gumbad | s.m. | dome, cupola |
| 2 | روشن دان | roshan-dān | s.m. | a hole for admitting light, a sky light, ventilator |
| 3 | اچنبھے (کا) | acambhe (kā) | adj. | marvellous, astonishing, surprising, strange; /acambhā/ : "marvel, wonder" |
| 4 | نظر پڑنا | nazar paṛnā | v.i. | to come into sight |
| 5 | لمبا کرنا | lambā karnā | v.t. | to stretch out; to lengthen |
| 6 | گردن اٹھانا | gardan uṭhānā | v.t. | to crane (one's) neck; /gardan/ s.f. "neck" |
| 7 | مکھڑا | mukhṛā | s.m. | face, countenance |

8 /aql-o-hosh bajā na rahnā/ : to lose (one's) senses; lit. "the sense and consciousness to be misplaced"

# باغ و بہار

ایک روز اُس گُنبد کے نیچے روشن دان سے ایک اچنبھے کا پھول نظر پڑا کہ دیکھتے دیکھتے بڑا ہوتا جاتا تھا۔ میں نے چاہا کہ ہاتھ سے پکڑ لوں۔ جوں میں ہاتھ لمبا کرتا تھا وہ اونچا ہوتا جاتا تھا۔ میں حیران ہوکر اُسے تک رہا تھا۔ ایک آواز قہقہے کی میرے کان میں آئی، میں نے اُس کے دیکھنے کو گردن اُٹھائی۔ دیکھا تو ایک چاند کا سا مُکھڑا نکل رہا ہے۔ اُس کے دیکھتے ہی میرے عقل و ہوش بجا نہ رہے[8]، پھر خود کو سنبھال کر دیکھا تو ایک

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | تخت | taxt | s.m. | throne, stage, platform |
| 2 | پری زاد | parī-zād | s.f. | young fairy; beautiful young girl |
| 3 | کندھا | kandhā | s.m. | shoulder |
| 4 | پری | parī | s.f. | fairy |
| 5 | جواہر | jawāhir | s.m. pl. | jewels, gems, precious stones |
| 6 | تاج | tāj | s.m. | crown, tiara |
| 7 | یاقوت | yāqūt | s.m. | ruby |
| 8 | پیالہ | pyāla | s.m. | drinking cup, goblet |
| 9 | بلندی | balandī | s.f. | height, elevation |
| 10 | بُرج | burj | s.m. | tower |
| 11 | جام | jām | s.m. | goblet, cup |
| 12 | بے وفا | be-wafā | adj. | insincere, unfaithful |

13 /ek dam mẽ/ : "in a moment, in no time"; /dam/ : "breath, moment"

تخت پری زادوں کے کندھے پر کھڑا ہے اور ایک پری جواہر کا تاج پہنے، ہاتھ میں یاقوت کا پیالہ لیے بیٹھی ہے۔ وہ تخت بلندی سے آہستہ آہستہ نیچے اُتر کر اُس بُرج میں آیا۔ تب پری نے مجھے بلایا اور اپنے نزدیک بٹھایا۔ باتیں کرنے لگی۔ ایک جام شراب کا پلایا اور کہا: "آدمی بے وفا ہوتا ہے، لیکن ہمارا دل تجھے چاہتا ہے۔" ایک دم میں[13] ایسی ایسی پیار کی باتیں کیں کہ زندگی کا مزا پایا اور یہ سمجھا 'آج تو دنیا میں آیا ہے'۔

اِس مزے میں ہم دونوں بیٹھے تھے کہ چار پریوں نے آسمان سے اُتر کر اُس کے کان میں کچھ کہا۔ سُنتے ہی اُس کا چہرہ بدل گیا اور مجھ سے بولی: "اے پیارے! دل تو یہ چاہتا تھا کہ کوئی دم تیرے ساتھ بیٹھ کر دل بہلاؤں اور اِسی

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | /āsmān/ s.m. "sky" in Urdu poetic tradition is taken in a cruel sense as a creator of disasters and troubles | | | |
| 2 | حواس | hawās | s.m. pl. | senses |
| 3 | ملاقات | mulāqāt | s.f. | meeting |
| 4 | /mujhe jītā pāo gī/ = /jītā huā pāo gī/ : "you will find me alive" | | | |
| 5 | پچھتانا | pachtānā | v.i. | to regret, repent |
| 6 | ٹھکانا | ṭhikānā | s.m. | abode, dwelling place, residence |
| 7 | نام و نشان | nām-o-nishān | s.m. | address; lit. name and sign |
| 8 | /dūr pār/ : "may it be far away, God forbid", a phrase commonly used by women to ward off evil | | | |
| 9 | کوہ قاف | koh-e-qāf | s.m. | Mount Caucasus, the legendary abode of fairies and beauties |
| 10 | اداسی | udāsī | s.f. | sadness, dejection |
| 11 | /duniyā ā̃khõ...honā/ : "to be completely dismayed"; lit. "the world to become dark in the eyes" | | | |

طرح ہمیشہ آؤں یا تجھے اپنے ساتھ لے جاؤں، پر یہ آسمان[1] دونوں کو ایک جگہ آرام سے رہنے نہیں دیتا۔" یہ سُن کر میرے حواس جاتے رہے۔ میں نے کہا: "اب پھر کب مُلاقات ہوگی۔ اگر جلد آؤ گی، تو مجھے جیتا پاؤ گی[4]، نہیں تو پچھتاؤ گی۔ یا اپنا ٹھکانا اور نام و نشان بتاؤ کہ میں ہی تمھارے پاس پہنچوں۔" یہ سُن کر بولی: "دُور پار[8]! اگر زندگی ہے تو پھر مُلاقات ہوگی۔ میں جنوں کے بادشاہ کی بیٹی ہوں اور کوہِ قاف میں رہتی ہوں۔" یہ کہہ کر تخت اُٹھایا، وہ جس طرح اُترا تھا، اُسی طرح بلند ہونے لگا۔

اِس کے بعد عجب طرح کی اُداسی دل پر چھا گئی، عقل و ہوش رُخصت ہوئے۔ دُنیا آنکھوں میں اندھیر ہوگئی[11]۔

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | خرابی | xarābī | s.f. | disaster, misery, trouble; /xarāb/ : "bad" |
| 2 | دائی | dāī | s.f. | governess, nurse |
| 3 | (سے) خبردار ہونا | (se) xabar-dār honā | v.i. | to become aware (of), to be informed (of) |
| 4 | /ḍarte ḍarte/ :"hesitatingly";/ḍarnā/ : "to be afraid" | | | |
| 5 | بادشاہ زادہ | bādshāh-zāda | s.m. | king's son, prince |
| 6 | حالت | hālat | s.f. | condition, state |
| 7 | بےاِختیار | be-ixtiyār | adv. | spontaneously, at once |
| 8 | کام آنا | kām ānā | v.i. | to be useful, to serve, to be used |
| 9 | دن بدن | din ba-din | | day by day |
| 10 | دیوانگی | dīwāngī | s.f. | madness, insanity, mania |
| 11 | بدن | badan | s.m. | body |
| 12 | کامل | kāmil | adj. | perfect |
| 13 | غلام | gulām | s.m. | servant, slave; here meaning "I (your humble servant)" |

اِس خرابی سے دائی اور اُستاد خبردار ہوئے۔ ڈرتے ڈرتے[4] بادشاہ کے پاس گئے اور عرض کی کہ بادشاہ زادے کا یہ حال ہے۔ میری بے قراری دیکھ کر بادشاہ کی حالت بھی خراب ہوگئی۔ بے اِختیار گلے سے لگایا اور عِلاج کا حُکم کیا۔ مگر کسی کی تدبیر کام نہ آئی۔ دن بدن دیوانگی کا زور ہوا اور میرا بدن کم زور ہوچلا۔ اِس حالت میں تین سال گُذرے۔ چوتھے برس ایک سوداگر سَیر و سفر کرتا ہوا آیا اور دربار میں مُلازمت حاصِل کی۔

بادشاہ نے اُس سے پوچھا: "تم نے بہت مُلک دیکھے۔ کہیں کوئی حکیمِ کامِل بھی نظر پڑا یا کسی سے اُس کا ذکر سُنا؟"

اُس نے عرض کیا: "حُضور! غُلام نے بہت سَیر کی۔ لیکن ہندُستان میں دریا کے بیچ ایک پہاڑی

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | جوگی | jogī | s.m. | yogi, ascetic |
| 2 | مَرَض | maraz | s.m. | disease, sickness |
| 3 | صلاح | salāh | s.f. | suggestion, advice, counsel |
| 4 | /hāth rās ānā/ : "the treatment to agree, suit" | | | |
| 5 | منزل | manzil | s.f. | destination; an accommodation for travellers, caravanserai, inn |
| 6 | مریض | marīz | adj. | sick, ill, diseased |
| 7 | آفتاب | āftāb | s.m. | the sun |

ہے، وہاں ایک جوگی رہتا ہے۔ اُس کی دوا پیتے ہی اثر ہوتا ہے اور مَرَض بالکل جاتا رہتا ہے۔ اگر حُکُم ہو تو شہزادے کو اُس کے پاس لے جائیں اور اُس کو دکھائیں۔"

بادشاہ کو اُس کی صلاح پسند آئی اور خوش ہوکر فرمایا: "بہت بہتر۔ شاید اُس کا ہاتھ راس آئے[4] اور میرے بیٹے کا مرض جائے۔" اُس سوداگر کو میرے ساتھ بھیجا۔

منزِل منزِل چلتے چلتے اُس ٹھکانے پر جا پہنچے۔ مگر اُس پری کی یاد دل سے نہ بھولتی تھی۔ جب دو تین مہینے گُذرے، اُس پہاڑی پر تقریباً چار ہزار مریض جمع ہوئے۔ آخر وہ دن آیا۔ صبح کو جوگی آفتاب کی طرح نکلا اور دریا میں نہایا۔ اُس کے چہرے سے یہ معلوم ہوتا تھا کہ ساری دنیا

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | قدر | qadr | s.f. | value, worth; greatness, importance |
| 2 | نسخہ | nusxa | s.m. | prescription; lit. manuscript |
| 3 | نظریں چار ہونا | nazrẽ cār honā | | to look into each other's eyes |
| 4 | ہمراہ ہونا | ham-rāh honā | v.i. | to accompany, to become a fellow traveller |
| 5 | (پر) عمل کرنا | (par) amal karnā | v.t. | to act (upon), proceed (upon) |
| 6 | قوّت | quwwat | s.f. | strength, power |
| 7 | طاق | tāq | s.m. | a shelf, a niche |
| 8 | علمِ تسخیر | ilm-e-tasxīr | s.m. | the science of conquering or subduing spirits |

اُس کے نزدیک کچھ قدر نہیں رکھتی۔ ایک ایک کی طرف دیکھتا اور نُسخہ دیتا ہوا میرے نزدیک آپہنچا۔ جب میری اور اُس کی نظریں چار ہوئیں، کھڑا رہ گیا، غَور کرنے لگا اور مجھ سے کہنے لگا: "ہمارے ساتھ آؤ"۔ میں ہمراہ ہولیا۔ مجھے باغ کے اندر لے گیا۔ فرمایا کہ تم یہاں رہا کرو۔ جب ایک مہینہ گُزرا، تو میرے پاس آیا، مجھے کچھ خوش پایا، تب مُسکرا کر فرمایا کہ اِس باغ کی سَیر کیا کرو۔ یہ کہہ کر وہ چلا گیا۔ میں نے اُس کے کہنے پر عمل کیا۔ ہر روز بدن میں قُوّت اور دل کو خُوشی معلوم ہونے لگی، لیکن اُس پری کی صوٗرت نظروں کے آگے پھرتی تھی۔

ایک طاق میں ایک کتاب نظر آئی، اُتار کر دیکھا تو سارے عِلم اُس میں جمع تھے۔ ہر وقت اُس کو پڑھنے لگا۔ عِلمِ تسخیر میں کمال حاصِل کیا۔

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | عادت | ādat | s.f. | custom, habit, practice |
| 2 | پوجا | pūjā | s.f. | (Hindu) worship, ritual |
| 3 | چپکا | cupkā | adv. | silently, quietly |
| 4 | کونا | konā | s.m. | corner; same as /gosha/ which occurs in the last line of this Unit |
| 5 | پھانسی لگانا | phāsī lagānā | v.t. | to have the noose put on the neck; to mount the scaffold, to hang |
| 6 | گاڑنا | gāṛnā | v.t. | to bury |
| 7 | جدا کرنا | judā karnā | v.t. | to separate |
| 8 | کنجی | kunjī | s.f. | key |
| 9 | لٹ | laṭ | s.f. | lock of hair |
| 10 | چھت | chat | s.f. | ceiling; roof |
| 11 | بھرا | bharā | pst. ppl. | full |
| 12 | پیٹی | peṭī | s.f. | box |
| 13 | اسمِ اعظم | ism-e-āzam | s.m. | The Great Name, the utterance of which is an irresistible spell over evil spirits |
| 14 | جادو | jādū | s.m. | magic, charm, spell |

اِس میں برس گذر گیا۔ پھر وہی خوشی کا دن آیا۔ جوگی باہر نکلا۔ میں نے سلام کیا۔ اُس نے کہا: "ساتھ چلو۔" میں بھی ساتھ ہولیا۔ وہ اپنی عادت کے مطابق دریا تک گیا اور اشنان پوجا کی۔

پھر چُپکا اُٹھ باغ کے کونے میں آیا۔ ایک درخت سے گردن میں پھانسی لگا کر رہ گیا۔ میں نے پاس جا کر دیکھا تو مر گیا تھا۔ یہ اچنبھا دیکھ کر نہایت افسوس ہوا۔ سوچا، اُسے گاڑ دوں، جوں درخت سے جُدا کرنے لگا، دو کُنجیاں اُس کی لٹوں میں سے گر پڑیں۔ میں نے اُن کو اُٹھا لیا۔ دو کمروں کے تالے اُن کُنجیوں سے کُھلے۔ دیکھا تو زمین سے چھت تک جواہر بھرا ہے اور ایک سونے کی پیٹی ایک طرف رکھی ہے۔ اُس کو جو کھولا تو ایک کتاب دیکھی کہ اُس میں اسمِ اعظم اور جن و پری کے جادو لکھے

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | دولت | daulat | s.f. | valuable thing(s); riches, wealth |
| 2 | ہاتھ لگنا | hāth lagnā | v.i. | to come to hand, to be obtained |
| 3 | /cille baiṭhnā/ : "to observe a period of forty days" = / cilla/, (for subduing evil spirits) | | | |
| 4 | آندھی | ā̃dhī | s.f. | storm, gale |
| 5 | اُکھڑنا | ukhaṛnā | v.i. | to be uprooted |
| 6 | لشکر | lashkar | s.m. | army, band |
| 7 | نمودار ہونا | namūdār honā | v.i. | to appear |
| 8 | عزیز | azīz | adj. | dear, beloved |
| 9 | ناحق | nā haq | adv. | unnecessarily |
| 10 | دھوم مچانا | dhūm macānā | v.t. | to make a stir, to create an uproar |
| 11 | عاجز | ājiz | adj. | humble, helpless, weak; here meaning "I" |
| 12 | مُدّت | muddat | s.f. | period |
| 13 | مُشتاق | mushtāq | adj. | desirous, ardent, eager, keen |
| 14 | دُکھ اُٹھانا | dukh uṭhānā | v.t. | to suffer |

ہوئے تھے۔

ایسی دولت کے ہاتھ لگنے سے نہایت خوشی حاصل ہوئی اور اِن پر عمل کرنا شروع کیا۔

میں نے باغ کو پھر سے بنوایا اور جنوں کی تسخیر کے لیے چلّے بیٹھا[3]۔ جب چالیس روز پورے ہوئے، تب آدھی رات کو ایسی آندھی آئی کہ بڑی بڑی عمارتیں گر پڑیں اور درخت اُکھڑ کر کہیں جا پڑے اور پری زادوں کا لشکر نمودار ہوا۔ ایک تخت ہوا سے اُترا۔ اُس پر ایک شخص جواہر کا تاج پہنے ہوئے بیٹھا تھا۔ میں نے دیکھتے ہی سلام کیا۔ کہا: "اے عزیز! یہ تو نے ناحق کیا دھوم مچائی ہے؟" میں نے عرض کیا: "یہ عاجز بہت مدّت سے تمھاری بیٹی کے دیکھنے کا مشتاق ہے اور اِسی لیے کیا کیا دُکھ اُٹھائے ہیں۔ اب زندگی سے تنگ آیا

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | اُمّید وار | ummīd-wār | adj. | hopeful |
| 2 | دیدار | dīdār | s.m. | sight, look, meeting |
| 3 | بخشنا | baxshnā | v.t. | to bestow; to show kindness or mercy; to forgive |
| 4 | خاکی | xākī | adj. | earthy, made of earth |
| 5 | آتشی | ātishī | adj. | fiery, made of fire |
| 6 | مُوافقت | muwāfaqat | s.f. | concord, friendliness, agreement, accord |
| 7 | بے ادبی | be-adabī | s.f. | impertinence, impudence, disrespect |
| 8 | سِنگھار | singhār | s.m. | decoration, embellishment, ornament |
| 9 | عالم | ālam | s.m. | condition; world, universe |
| 10 | قَول نِباہنا | qaul nibāhnā | v.t. | to keep (one's) word, to fulfil a promise |

ہوں۔ اِس لیے یہ کام کیا ہے۔ اُمیدوار ہوں کہ مجھ پر مہربانی کرو اور اُس کے دیدار سے زندگی اور آرام بخشو۔"

میری بات سُن کر بولا کہ آدمی خاکی اور ہم آتِشی، اِن دونوں میں مُوافقت مُشکِل ہے۔ میں نے قسم کھائی کہ میں اُس کے دیکھنے کا مُشتاق ہوں اور کچھ مطلب نہیں۔ پھر اُس نے کہا: "اگر تو نے بے ادبی کی تو خَوف جان کا ہے۔" میں نے پھر قسم کھائی کہ جس میں بُرائی ہو، ویسا کام ہرگز نہ کروں گا۔ یہ باتیں ہو رہی تھیں کہ وہ پری سِنگھار کیے آ پہنچی اور بادشاہ کا تخت وہاں سے چلا گیا۔

خوشی کے عالم میں ہم اِس باغ میں رہنے لگے۔ مارے خوف کے بے ادبی نہ کرتا۔ صرف دیکھا کرتا۔ وہ پری میرے قَول کے نباہنے پر

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | /bāt kā saccā/ : "true to one's word"; /saccā/ adj. "true" | | | |
| 2 | (سے) خبردار رہنا | (se) xabar-dār rahnā | v.i. | to be careful (of), watchful (of) |
| 3 | غافل | gāfil | adj. | negligent, careless |
| 4 | شیطان | shaitān | s.m. | Satan; evil |
| 5 | ورغلانا | wargalānā | v.t. | to tempt, entice, instigate |
| 6 | چھاتی سے لگانا | chātī se lagānā | | to embrace, hug |
| 7 | بغل | bagal | s.f. | armpit |
| 8 | /he/ vocative element | | | |
| 9 | ظالم | zālim | adj. | cruel, merciless |
| 10 | چوکنا | cūknā | v.i. | to slip, to make an error or oversight |

حَیران رہتی اور کہتی : " تم بھی اپنی بات کے بڑے سچّے[1] ہو۔ لیکن ایک نصیحت میں بھی دوستی کی راہ سے کرتی ہوں۔ اپنی کِتاب سے خبردار رہو کہ جن کسی نہ کسی دن تمھیں غافِل پاکر چُرالے جائیں گے "۔ میں نے کہا : " اِسے میں اپنی جان کے برابر رکھتا ہوں "۔

اِتّفاقاً ایک روز رات کو شَیطان نے ورغلایا۔ اُسے چھاتی سے لگایا۔ اِتنے میں یہ آواز آئی : " یہ کتاب مجھ کو دے کہ اِس میں اسمِ اعظم ہے۔ بے ادبی نہ کر "۔ کچھ ہوش نہ رہا۔ کتاب بغل سے نکال کر بغیر جانے پہچانے دے دی۔ یہ دیکھ کر وہ پری بولی : " ہے[8] ظالِم! آخر چوکا! اور نصیحت بھولا "۔ یہ کہہ کر بے ہوش ہوگئی اور میں نے اُس کے سرہانے ایک دیو دیکھا کہ کتاب لیے

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | چھیننا | chīnnā | v.t. | to snatch, to take away forcibly |
| 2 | عَیش | aish | s.m. | pleasure, delight, enjoyment, fun |

کھڑا ہے۔ چاہا کہ پکڑ کر خوب ماروں اور کتاب چھین لوں۔ اِتنے میں اُس کے ہاتھ سے کتاب دوسرا لے بھاگا۔ میں نے جو جادو یاد کیے تھے، پڑھنے شروع کیے۔ وہ جن جو کھڑا تھا، بیل بن گیا، لیکن افسوس پری ذرا بھی ہوش میں نہ آئی اور وہی حالت بے ہوشی کی رہی۔ تب میرا دل گھبرایا۔ سارا عیش تلخ ہوگیا۔ اُس روز سے آدمیوں سے نفرت ہوئی اور اِس باغ کے گوشے میں پڑا رہتا ہوں۔

(میر امّن دہلوی)

# PAKISTANI NEWSPAPERS

The following unit includes one news story and one editorial (abridged) from two of the leading Urdu newspapers in Pakistan.

The editorial discusses Pakistan's relations with Central Treaty Organization. It is taken from daily *Jang*, which is published simultaneously from Karachi and Rawalpindi. It was started in Delhi in 1944, and emigrated to Karachi in 1947 after the partition of India. At present, it is 'Pakistan's biggest newspaper with the largest circulation', more than 200,000 copies. Its editor is Mīr Khalīl ur-Rahmān.

The news story about Pakistan's sanctions on trade with South Africa is from daily *Imroze*, which is published simultaneously from Lahore and Multan. Daily *Imroze* was started in the thirties by late Miyān Iftakhār ud-Dīn, President of the local Congress Committee, who later joined the Muslim League. It is the Urdu counterpart of *The Pakistan Times*. Presently its editor is Zahīr Bābar.

# U N I T XVII

## P A K I S T A N I  N E W S P A P E R S

### (A) The Daily Jang, Karachi

### A Review

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | CENTO, Central Treaty Organization | | | |
| 2 | وزارتی | wizāratī | adj. | ministerial |
| 3 | council (s.f.) | | | |
| 4 | ختم ہونا | xatm honā | v.i. | to be over, finished |
| 5 | معاہدہ | muāhida | s.m. | treaty, agreement |
| 6 | مغربی بلاک | maḡribī bilāk | s.m. | the Western Bloc |
| 7 | وابستہ کرنا | wābasta karnā | v.t. | to attach (to = /se/), connect (with); be dependent (upon) |
| 8 | بھیانک | bhayānak | adj. | awful, dreadful; dangerous |
| 9 | قیمت | qīmat | s.f. | price, value, worth |
| 10 | بدنام ہونا | badnām honā | v.i. | to get a bad name, become infamous; to be defamed |
| 11 | نکتہ چینی | nukta-cīnī | s.f. | criticism, carping |
| 12 | نشانہ بننا | nishāna bannā | v.i. | to become a target |

# پاکستانی اخبارات

## (۱) روزنامہ جنگ کراچی

### جائزہ

سنٹو[1] کی وِزارتی کونسل[3] کا گیارھواں جلسہ کراچی میں ختم ہوگیا۔ اِس مُعاہدے کا سب سے اہم پہلو یہ تھا کہ بعض مُلکوں نے جو اِس مُعاہدے میں شریک ہوئے، اپنی قسمت مغرِبی بلاک سے وابستہ کردی اور اِس فَیصلے کی بھیانک قیمت بھی ادا کی۔ مُعاہدے میں شریک ہونے کے بعد وہ ساری دنیا میں بدنام ہوئے اور مُخالِف بلاک کی نُکتہ چینی کا نِشانہ بنے۔ پاکستان، ایران

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | Turkey (s.m.) | | | |
| 2 | ارتقا پذیر | irtiqā-pazīr | adj. | developing, progressing |
| 3 | توقّع | tawaqqo | s.f. | expectation, hope; pl. /tawaqqoāt/ |
| 4 | تعاون | ta-āwun | s.m. | cooperation, assistance; mutual aid |
| 5 | رفتار | raftār | s.f. | speed; pace |
| 6 | تیز کرنا | tez karnā | v.t. | to increase; sharpen |
| 7 | تمام | tamām | adj. | whole, all |
| 8 | عرصہ | arsa | s.m. | time, period, duration |
| 9 | تجربہ | tajriba | s.m. | experience; experiment |
| 10 | بالکل | bilkul | adv. | entirely, totally, wholly; altogether |
| 11 | مصر | misr | s.m. p.n. | Egypt |
| 12 | غیر جانب دار | ḡair-jānib-dār | adj. | neutral |
| 13 | مغرب | maḡrib | s.m. | The West; west |
| 14 | مشرق | mashriq | s.m. | The East; east |
| 15 | عزّت | izzat | s.f. | respect, honor, glory |
| 16 | جانب دار | jānib-dār | adj. | (politically) aligned; partisan, partial |
| 17 | نتّھی | natthī | adj. | attached; aligned |
| 18 | policy (s.f.) | | | |
| 19 | /difāī etibār se/ : "with respect to defense"; /difā/ s.m. "defense" | | | |
| 20 | تحفّظ | tahaffuz | s.m. | protection, security; safety |
| 21 | خطرناک | xatar-nāk | adj. | dangerous, perilous |

اور تُرکی[1] اِرتقا پذیر مُلک ہیں۔ اِن کی توقُّع یہ تھی کہ مغرِبی مُلکوں سے تعاوُن کر کے اپنی ترقّی کی رفتار تیز کریں گے۔ مگر اِس تمام عرصے کا تجربہ صرف یہ ہے کہ وہ توقُّعات بالکُل پوری نہ ہوسکیں۔ ہندُستان، مصر اور افغانِستان کی مِثال سامنے ہے، جو شروع سے غَیر جانِب دار رہے اور اُنھوں نے نہ مغرِب کا ساتھ دیا نہ مشرِق کا، جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ اُنھوں نے بڑی ترقّی کی۔ پھر ساتھ ہی اُن کی عِزّت بھی جانِب دار مُلکوں کے مُقابلے میں زیادہ ہے۔ اِس لیے کہ وہ کسی کے ساتھ نتھّی نہیں۔ اُن کی اپنی آزاد پالیسی[18] ہے۔

دِفاعی اِعتبار سے[19] سنٹو کا مُعاہِدہ اِن ملکوں کے تحفُّظ کے لیے خطرناک ثابِت ہوا،

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | مُصیبت | musībat | s.f. | trouble, difficulty; calamity |
| 2 | رُکن | rukn | s.m. | member; essential part (of a thing) |
| 3 | فَوجی | faujī | adj. | military; /fauj/ s.f. "army" |
| 4 | اِمداد | imdād | s.f. | aid; help |
| 5 | جانب داری | jānib-dārī | s.f. | alignment; /ġair jānib dārī/ s.f. "non-alignment" |
| 6 | رُکنیت | rukniyyat | s.f. | membership |
| 7 | باقی رکھنا | bāqī rakhnā | v.t. | to retain |
| 8 | اِختیار کرنا | ixtiyār karnā | v.t. | to adopt, undertake |
| 9 | America (s.m.) and Britain (/bartāniya/ s.m.) | | | |
| 10 | ثُبوت | subūt | s.m. | proof, testimony |

جن کی حِفاظت کے لیے اُسے کیا گیا تھا۔ پاکستان کو ہندُستان سے خطرہ تھا۔ یہ خطرہ اور بڑھ گیا ہے۔ پھر ایک بڑی مُصیبت یہ ہے کہ اِس مُعاہِدے کا رُکن ہونے کی وجہ سے پاکستان مُخالِف بلاک سے بھی فَوجی اِمداد نہیں لے سکتا۔ گویا دِفاعی اِعتبار سے بھی یہ مُعاہِدہ بے کار ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ جانبداری کی پالیسی ناکام ہوگئی ہے اور غَیر جانِب داری کی کامیاب۔ اِس لیے ہمارے خیال میں اب اِس مُعاہِدے کی رُکنِیت باقی رکھنے کی ضرُورت نہیں ہے۔ پاکستان کو جانِب داری کی پالیسی بدل کر غَیر جانِب داری کی پالیسی اِختِیار کرلینی چاہیے جو مشرِقی بلاک کو بھی پسند ہے اور امریکہ[9] و برطانیہ کو بھی، جس کا ثُبُوت اُنھوں نے ہندُستان کے مُعاملے میں دیا ہے۔

(۳ر مئی ۱۹۶۳ء)

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|

(B) The Daily Imroze, Lahore

Severing of Relations with South Africa

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | October (s.m.) | | | |
| 2 | تجارت | tijārat | s.f. | trade, commerce |
| 3 | پابندی لگانا | pā-bandī lagānā | v.t. | to ban, restrict |
| 4 | فوری طور پر | faurī taur par | | with immediate effect |
| 5 | برآمد (ات) | bar-āmad(āt) | s.f. | export(s) |
| 6 | مرکزی | markazī | adj. | central |
| 7 | کابینہ | kābīna | s.f. | cabinet |
| 8 | صدارت کرنا | sadārat karnā | v.t. | to preside |
| 9 | صدر | sadr | s.m. | president, chairman |
| 10 | Ayūb, Field Marshal Ayūb Khān, the President of Pakistan | | | |
| 11 | کارروائی | kār-rawāī | s.f. | action; step |
| 12 | General Assembly (s.f.) | | | |
| 13 | قرارداد | qarār-dād | s.f. | resolution |
| 14 | سفارش | sifārish | s.f. | recommendation |
| 15 | اقتصادی | iqtisādī | adj. | economic |
| 16 | سفارتی | sifāratī | adj. | diplomatic |
| 17 | منقطع کرنا | munqata karnā | v.t. | to sever, break off |

# (ب) روزنامہ اِمروز، لاہور

## جنوبی افریقہ سے تعلّقات مُنقطع

کراچی ۷ر اکتوبر[1]۔ حکومتِ پاکستان نے جنوبی افریقہ کے ساتھ تجارت پر پابندی لگادی ہے۔ اِس حکم پر فوری طور پر عمل کیا جائے گا اور تمام برآمدات روک دی جائیں گی۔ یہ فیصلہ آج مرکزی کابینہ کے اِجلاس میں کیا گیا جس کی صدارت صدر ایوب[10] کر رہے تھے۔

[12] حکومتِ پاکستان نے یہ کارروائی جنرل اسمبلی کی اُس قرار داد کے اِحترام میں کی ہے جو ۱۹۶۲ء میں منظور کی گئی تھی اور جس میں تمام رُکن ملکوں سے سِفارش کی گئی تھی کہ اِقتصادی اور سِفارتی تعلّقات مُنقطع کرلیے جائیں۔ جنوبی افریقہ سے

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | زرِ مُبادلہ | zar-e-mubādala | s.m. | foreign exchange |
| 2 | نُقصان | nuqsān | s.m. | loss; harm |
| 3 | برآمدی | bar-āmadī | adj. | foreign; export |
| 4 | پابندی | pā-bandī | s.f. | restriction |
| 5 | /yād rahe/ : "mark it, note it" | | | |
| 6 | درآمد(ات) | dar-āmad(āt) | s.f. | import(s) |
| 7 | گُزشتہ | guzishta | adj. | past; last |
| 8 | /amalī jāma pahnānā/ : "to give a practical shape" | | | |
| 9 | طیّارہ | tayyāra | s.m. | aeroplane |
| 10 | پرواز کرنا | parwāz karnā | v.t. | to fly |
| 11 | ہوائی اڈّہ | hawāī aḍḍa | s.m. | aerodrome |

تجارتی تعلّقات مُنقطع کرنے کے فَیصلے سے پاکستان کو سالانہ دس کروڑ روپے کے زرِ مُبادلہ کا نُقصان پُہنچے گا۔ اِس سے پہلے راولپنڈی میں آج مرکزی کابینہ کا اِجلاس ہوا، جس میں جنوبی افریقہ کے ساتھ برآمدی تجارت پر پابندی کا فَیصلہ کیا گیا۔ یاد رہے[5] کہ پاکستان نے جنوبی افریقہ سے درآمدات پر پہلے ہی پابندی لگا رکھی ہے۔ گُزِشتہ دو برس میں حُکومتِ پاکستان نے اِس قرار داد پر عمل کیا ہے اور آج برآمدات پر پابندی لگا کر اِس قرار داد کو پوری طرح عملی جامہ پہنا[8] دیا ہے۔ اِن دو برسوں میں پاکستان نے جنوبی افریقہ سے سِفارتی تعلّقات مُنقطع کر لیے ہیں۔ اِس کے طیّارے پاکستانی عِلاقے پر پرواز نہیں کر سکتے اور نہ پاکستان کے کسی ہوائی اڈّے پر اُتر سکتے ہیں۔ اِس کے

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | دولتِ مُشترکہ | daulat-e-mushtaraka | s.f. | The Commonwealth of Nations |
| 2 | افریشیائی | afreshiyāī | adj. | Afro-Asian |
| 3 | بڑھ چڑھ کر حصّہ لینا | baṛh caṛh kar hissa lenā | | to take an active part |

علاوہ پاکستان نے دَولتِ مُشترکہ وغیرہ میں بھی جنوبی افریقہ کی رُکنیت ختم کرنے کے مُتعلّق افریشیائی ملکوں کی تحریک میں بڑھ چڑھ کر حِصّہ لیا ہے۔

( ۸ر اکتوبر ۱۹۶۴ء )

The following unit contains two abridged editorials from two of the topmost Urdu newspapers in India, daily Qaumī Āwāz, Lucknow, and daily Aljamīat, Delhi.

The daily Qaumī Āwāz has the largest circulation among Urdu newspapers of Uttar Pradesh. Its editor, Hayāt Ullah Ansārī, belongs to the Congress Party. Author of two collections of short stories, he is a noted journalist and is also known for his Urdu primers and his experiments regarding teaching of Urdu to beginners. At present he is a member of the Rājya Sabhā (Upper House of Indian Parliament). Started in 1945, his paper generally supports the Congress policies, but it can be critical at times. The editorial included here is about the political consciousness of the Indian Muslims.

The second editorial is from the daily Aljamīat, Delhi. It discusses the general agitational atmosphere prevailing in India. Aljamīat is an organ of the Jamīat ul-Ulamā-e-Hind, an organization of the Indian nationalist Muslims. It was restarted after the freedom of India in 1947 and since then has been edited by Muhammad Osmān Farqalīt, a seasoned journalist of Urdu. Aljamīat has a circulation of more than 10,000 copies. It is a spokesman of the Indian Muslim community and generally supports the policies of the Congress Party and its stand on secularism.

# U N I T XVIII

## I N D I A N N E W S P A P E R S

### (A) Qaumī Āwāz, Lucknow

### Political Consciousness

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | Nādir Shāh, king of Persia (1736-1747), who came to Delhi as a victor in 1739 | | | |
| 2 | سواری | sawārī | s.f. | riding, conveyance |
| 3 | /X kī xidmat mẽ Y (ko) pesh karnā/ : "to present Y in the attendance of X" | | | |
| 4 | باگ | bāg | s.f. | rein; bridle |
| 5 | فیل بان | fīl-bān | s.m. | elephant driver; elephant keeper |
| 6 | باگ ڈور | bāg ḍor | s.f. | rein; fig. control |
| 7 | دور رس | dūr-ras | adj. | farsighted |
| 8 | سیاست داں | siyāsat-dã | adj. | politician |

# ہندُستانی اخبارات

## (۱) روزنامہ قومی آواز، لکھنؤ

### سِیاسی شعور

نادِر شاہ[1] کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ جب وہ ہندُستان آیا تو سواری کے لیے اُس کی خِدمت میں ہاتھی پیش کیا[3] گیا۔ اُس نے ہاتھی پر بیٹھ کر کہا کہ اِس کی باگ لاؤ۔ لوگوں نے کہا کہ اِس کو تو فیل بان چلاتا ہے۔ نادِر شاہ نے کہا، پھر میں اُس سواری پر نہیں بیٹھتا جس کی باگ ڈور دوسروں کے ہاتھ میں ہو۔ معلوم نہیں کہ یہ واقعہ کہاں تک سچّا ہے، لیکن جو دوُر رس سِیاست داں ہیں وہ کبھی

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
| --- | --- | --- | --- | --- |
| 1 | فرقہ | firqa | s.m. | sect, tribe, party, class |
| 2 | گروہ | giroh | s.m. | a collection or party (of men), company, group |

3 /pārṭiyā̃/ s.f. "parties"

4 Jan Sangh, an opposition political party of India

| | | | | |
| --- | --- | --- | --- | --- |
| 5 | غرض ہونا | ğaraz honā | v.i. | to be concerned (/se/ = with); to be interested |

6 Congress, the Indian National Congress, the ruling political party of India

7 Socialist Party, an opposition political party in India

8 Communist Party, an opposition political party in India

| | | | | |
| --- | --- | --- | --- | --- |
| 9 | صحیح | sahī(h) | adj. | correct, right |

کسی کے ہاتھ میں اپنی باگ ڈور نہیں دیتے ۔ اور فِرقے بھی اِس بات کو ناپسند کرتے ہیں ۔ لیکن مسلمانوں کا ایک، گروہ اِن سے مختلف ہے ۔

اِس زمانے کی باگ ڈور سیاسی پارٹیاں[3] ہیں ۔ جو گروہ سب سیاسی پارٹیوں سے الگ رہے گا، وہ حکومت پر کسی قِسم کا اثر نہیں رکھ سکتا ۔ مسلمانوں میں ایک گروہ ایسا ہے جو اپنے کو ہر قِسم کی سیاست سے الگ رکھے ہوئے ہے ۔ اِس کو نہ جن سنگھ[4] سے غرض ہے اور نہ کانگریس[6] سے، نہ سوشلسٹ پارٹی[7] سے غرض ہے اور نہ کمیونسٹ پارٹی[8] سے ۔ اِس گروہ کے نزدیک یہ سب پارٹیاں بُری ہیں ۔ اِس لیے یہ گروہ سب پارٹیوں سے الگ رہتا ہے ۔

لیکن کہیں یہ نہ سمجھ لیجیے گا کہ وہ خُود اپنی بات کو صحیح مانتے ہیں ۔ بالکل نہیں، وہ خُود اپنی بات کو

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | ثبوت | subūt | s.m. | proof, testimony |
| 2 | وفد | wafd | s.m. | deputation |
| 3 | درخواست | darxwāst | s.f. | request, appeal, application |
| 4 | اخبار نکالنا | axbār nikālnā | v.t. | to publish a newspaper |
| 5 | مطالبہ | mutālaba | s.m. | demand, claim |
| 6 | قرارداد | qarār-dād | s.f. | resolution |
| 7 | منظور کرنا | manzūr karnā | v.t. | to pass; to accept; to admit |
| 8 | جماعت | jamā-at | s.f. | party, group; class |
| 9 | طریقۂ فکر | tarīqa-e-fikr | s.m. | ideology; way of thinking |
| 10 | تقاضا | taqāzā | s.m. | demand, requisition, claim |

غلط مانتے ہیں۔ لیکن دوسروں سے چاہتے ہیں کہ وہ اِسے صحیح مانیں۔ اِس کا ثبُوت یہ ہے کہ وہ لوگ حُکومت کے سامنے وفد لے جاتے ہیں اور اُس سے درخواست کرتے ہیں کہ ایسا ایسا کرو۔ اخبار نکالتے ہیں اور اُن میں لکھتے ہیں کہ ایسا ایسا کرو۔ جلسے کرتے ہیں اور اُن میں مُطالبے کی قرار دادیں منظور کرتے ہیں۔

جمہوریت چوں کہ ہندُستان میں نئی چیز ہے، اِس لیے اِن لوگوں نے ابھی یہ محسوس نہیں کیا ہے کہ سیاسی جماعتوں میں بھی گھُسا جا سکتا ہے اور گھُس کر اِن کے طریقۂ فِکر میں تبدیلیاں کی جا سکتی ہیں اور اِن تبدیلیوں کا اثر حکومت پر بھی پڑ سکتا ہے۔

سِیاسی شعوُر کا تقاضا یہ ہے کہ مسلمان سِیاسی

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | اِصلاح کرنا | islāh karnā | v.t. | to reform, amend, rectify; improve |
| 2 | جمہوری | jamhūrī | adj. | democratic |
| 3 | البتّہ | albatta | adv. | of course, certainly; decidedly |
| 4 | کِنارہ کش | kināra-kash | adj. | holding aloof, drawing aside |
| 5 | policy (s.f.) | | | |
| 6 | مُطالعہ کرنا | mutālea karnā | v.t. | to study; to read |
| 7 | مایوس ہونا | māyūs honā | v.i. | to be disappointed, dejected |
| 8 | مثل | masal | s.f. | proverb, saying |
| 9 | Rome (s.m.) | | | |
| 10 | فرض | farz | s.m. | an indispensable duty, a moral obligation |

جماعتوں میں پوری طاقت سے حصّہ لیں۔ یہ جماعتیں اچھی ہوں یا بُری، یہی باگ ڈور ہیں حکومت کی۔ اور اگر حکومت کی اِصلاح کی جاسکتی ہے تو اِن میں گھُس کر کی جاسکتی ہے۔ جمہوری دور میں سیاسی جماعتوں سے الگ رہنے کے کوئی معنی نہیں۔

ہم یہ نہیں کہیں گے کہ مسلمانوں کو کس سیاسی جماعت میں شامل ہونا چاہیے۔ البتّہ یہ کہیں گے کہ جو مسلمان کِنارہ کش ہیں، اُن کو مُلک کی سیاسی جماعتوں کی پالیسی[5] کا مُطالعہ کرنا چاہیے اور اُن کے کام میں حصّہ لینا چاہیے۔ اور اگر سال دو سال میں اُن کو کامیابی نہ ہو تو اُس سے مایوس نہ ہونا چاہیے۔ یہ مثل یاد رکھنا چاہیے کہ "روم[9] ایک دن میں نہیں بنا تھا"۔ ہمارا فرض صرف یہ ہے کہ ہم کوشش کرتے رہیں۔

(۳۰ر جنوری ۱۹۶۵ء)

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|

(B) The Aljamīat, Delhi

Lawlessness

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | یوم آزادی | yaum-e-āzādī | s.m. | Independence Day (August 15, on which day in 1947 India became free from British Rule) |
| 2 | صدر جمہوریہ | sadr-e-jamhūriya | | President of the Republic (Dr. S. Rādhākrishnan, President of the Indian Republic) |
| 3 | نشر کرنا | nashr karnā | v.t. | to broadcast |
| 4 | /yaum-e-āzādī...kiyā/ : "the message which was broadcast by the President of the Republic (of India) to the nation on the Independence Day" | | | |
| 5 | وزیر اعظم | wazīr-e-āzam | | Prime Minister |
| 6 | لال قلعہ | lāl qila | s.m. | Red Fort, the monumental fort in Delhi built by Shāhjahān (1628-1658) |
| 7 | افادیت | ifādiyat | s.f. | usefulness; significance |
| 8 | شبہہ | shubha | s.m. | doubt, suspicion |
| 9 | Asia (s.m.) | | | |
| 10 | قیادت | qyādat | s.f. | leadership |
| 11 | مثالی | misālī | adj. | ideal, exemplary |
| 12 | نراج | nirāj | s.m. | lawlessness; confusion |
| 13 | ہڑتال | haṛtāl | s.f. | strike |
| 14 | مظاہرہ | muzāhira | s.m. | demonstration |
| 15 | agitation (s.f.) | | | |

# (ب) روزنامہ الجمعیۃ، دہلی

## لاقانونیت

یومِ آزادی پر صدرِ جمہوریہ نے قوم کے نام جو پیغام نشر کیا[4] اور وزیرِ اعظم اندرا گاندھی نے لال قلعہ پر جو تقریر کی، اُن کی اِفادیت میں کِس کو شُبہہ ہوسکتا ہے۔ لیکن ہندُستان میں ایسی تقریریں زیادہ مُفید نہیں ہوسکتیں کیوں کہ یہاں تقریریں بہت ہوتی ہیں۔ اگر تقریروں سے ہندُستانی قوم کی قِسمت بدل سکتی تو اُس کے ہاتھ میں ایشیا[9] کی قیادت ہوتی اور ہمارا مُلک ایک مِثالی مُلک ہوتا۔

صدرِ جمہوریہ نے بڑے افسوس کے ساتھ فرمایا ہے کہ آج ہمیں ہندُستان میں ہر طرف تراج، ہڑتالیں، مُظاہرے اور ایجی ٹیشن[15] نظر آتے ہیں۔

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | /X kī hawā cal paṛī hai/ : "X is very much in vogue" | | | |
| 2 | نظم وضبط | nazm-o-zabt | s.m. | discipline, administration, control |
| 3 | /nazm-o-zabt...hai/ : "the discipline is generally disrupted" | | | |
| 4 | /shikāyat ko dūr karānā/ : "to get a cause of complaint removed" | | | |
| 5 | طریقہ | tarīqa | s.m. | way, mean |
| 6 | اپنانا | apnānā | v.t. | to adopt |
| 7 | دلیل | dalīl | s.f. | indication; argument |
| 8 | /jamhūriyat ko calāne mẽ/ : "in running a democracy" | | | |
| 9 | نظم ونسق | nazm-o-nasq | s.m. | administration |
| 10 | /bad se...denā/ : "to allow to go from bad (/bad/) to worse (/bad-tar/)" | | | |
| 11 | اِنتظامیہ | intizāmiya | s.f. | executive; administrative |
| 12 | /jis ke zimme/ is same as /jis ke zimme mẽ/, but the postposition /mẽ/ is invariably dropped, "responsibility of which", "whose responsibility" | | | |
| 13 | امن وامان | amn-o-amān | s.m. | peace and safety; law and order |
| 14 | قیام | qayām | s.m. | maintenance |
| 15 | یعنی | yānī | adv. | that is |
| 16 | police (s.f.) | | | |
| 17 | امنِ عامّہ | amn-e-āmma | s.m. | public safety |
| 18 | فرض ادا کرنا | farz adā karnā | v.t. | to do one's duty |
| 19 | خاموش رہنا | xāmosh rehnā | v.i. | to remain silent, quiet |
| 20 | مقام | muqām | s.m. | stage, place; point |
| 21 | شہری | shahrī | adj. | citizen |

مُلک میں لاقانونیت کی ہوا چل پڑی ہے[1] اور
نظم و ضبط عام طور پر ختم ہوگیا ہے[3]۔
عام شکایتوں کو دور کرانے[4] کے لیے غیر جمہوری
طریقوں کو اپنانا جمہوریت کی ناکامی کی دلیل ہے۔
جمہوریت کو اگر خطرہ ہے تو اُن لوگوں کی طرف
سے ہے جو جمہوریت کو چلانے میں[8] ناکام رہے ہیں۔
اُن کا قصور یہ ہے کہ اُنھوں نے نظم و نسق کو بد
سے بدتر ہوجانے دیا[10] اور اِسے روکنے کی کوشش
نہیں کی ۔ اِس کا سب سے زیادہ اثر اِنتظامیہ کے
اُس حِصّے پر پڑا ہے جس کے ذِمّے[12] اَمن و امان کا
قیام ہے ، یعنی پولیس[16] ! جب کبھی اَمنِ عامّہ کو خطرہ
پیدا ہوا اور جہاں پولیس کو اپنا فرض ادا کرنا
چاہیے تھا ، وہ خاموش رہی۔ چنانچہ اب پولیس
ایک ایسے مُقام پر پہنچ گئی ہے کہ کوئی شہری اپنا

| No. | Urdu | Transcription | | Meaning |
|---|---|---|---|---|
| 1 | قصوروار | qusūr-wār | adj. | guilty; defaulter |
| 2 | زیادتی | zyādatī | s.f. | excess; injustice |
| 3 | برداشت کرنا | bardāsht karnā | v.t. | to bear, tolerate |
| 4 | منتخب ہونا | muntaxab honā | v.i. | to be elected, selected |
| 5 | ذکر کرنا | zikr karnā | v.t. | to mention; describe |
| 6 | اسباب | asbāb | s.m. | causes, reasons; sg. /sabab/ |
| 7 | روشنی ڈالنا | roshnī ḍālnā | v.t. | to throw light |
| 8 | تعلیم یافتہ | tālīm-yāfta | adj. | educated; learned; cultured |
| 9 | سفید پوش | safaid-,sufaid-posh | adj. | white-collar person |
| 10 | صورت | sūrat | s.f. | way; mean; lit. shape |
| 11 | نظر آنا | nazar ānā | v.i. | to come to sight; appear |
| 12 | حالاں کہ | hālā̃-ke(h) | adv. | although, notwithstanding, yet |
| 13 | سلامتی | salāmatī | s.f. | safety, protection |
| 14 | دفاع | difā | s.m. | defense; protection |
| 15 | اندرونی | andarūnī | adj. | internal |
| 16 | بنیادی | bunyādī | adj. | basic, fundamental |

فرض ادا نہیں کرسکتا۔ پولیس سے بھی زیادہ قصوٗر وار ہمارا سماج ہے جو پولیس سے ڈرتا اور اُس کی زیادتیوں کو برداشت کرتا ہے، اور حکوٗمت وہ لوگ کررہے ہیں جو سماج سے مُنتخب ہوکر جاتے ہیں اور وہ خود پولیس سے ڈرتے ہیں!

صدرِ جمہورِیۂ ہِند نے اپنے پیغام میں لاقانوٗنیت، نِراج، ہڑتالوں اور مُظاہروں کا ذِکر کیا تھا، مگر اُنھوں نے اِن کے اسباب پر روشنی نہیں ڈالی۔ یہ لاقانوٗنیت تعلیم یافتہ اور سفید پوشوں میں پھیل رہی ہے۔ نجات کی کوئی صوٗرت نظر نہیں آتی۔ حالاں کہ مُلک کی سلامتی اور دِفاع کے لیے اندروٗنی امن و امان بُنیادی حیثیت رکھتا ہے۔ اگر ہم اندروٗنی طور پر نِراج پھیلاتے رہے تو ہمارے دِفاع پر اِس کا کیا اثر پڑے گا؟ یہ بات ہمارے حکمرانوں کو سوچنی چاہیے۔

(۱۸ راگست ۱۹۶۶ء)

(تمّت)

*Comments on*

# *URDU: READINGS IN LITERARY URDU PROSE*

". . . a very good and useful work."—Dr. Zakir Husain, President of India

". . . an excellent introduction to Urdu literature."—Ale Ahmad Suroor, Head, Department of Urdu, The Aligarh Muslim University

"The book fills a great need in our system of Urdu teaching materials. The choice of materials is very good indeed, well graded, and well glossed."—M. A. R. Barker, McGill University

"I am impressed with the neat, well thought-out format and the clear, well-spaced script which is large enough for students to read without difficulty."—Paul Staneslow, University of Minnesota

". . . an important and very welcome addition to the small number of texts for teaching and learning Urdu . . . The clarity and beauty of the Urdu printing will be much appreciated by the student."—Bruce R. Pray, University of California